www.dailybolan.com

MEMBER APNS باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED حب، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا روزنامہ

Daily BOLAN HUB Balochistan

روزنامہ بولان حب بلوچستان

چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ

Mobile: 0336-6113760

فون و فیکس 0853-310203

قیمت 20 روپے

جلد 37 | بدھ 26 اگست 2026، بمطابق 12 ربیع الاول 1448ھ | شمارہ 236

وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی: بھرتیوں میں میرٹ کو ہر صورت مقدم رکھا جائیگا

وزارتِ اعلیٰ کا منصب سنبھالنے کے روز اول ہی بلوچستان کے عوام سے وعدہ کیا تھا کہ سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی، وزیر اعلیٰ بلوچستان

بلوچستان ریونیو اتھارٹی سے توقع ہے کہ وہ صوبے کے ریونیو میں اضافہ کرتے ہوئے کم از کم غیر ترقیاتی اخراجات کا بوجھ کم کرنے کے لیے خاطر خواہ وسائل پیدا کرے گی، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (بولان بیورو) بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں ہائر ایجوکیشن کمیشن کے ذریعے 19 افسران کی میرٹ پر تعیناتی کا عمل مکمل ہوگیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے نو منتخب افسران میں تقرری کے لیٹرز تقسیم کیے اور انہیں مبارکباد دیتے ہوئے محنت، لگن، دیانت داری اور ریاست سے غیر مشروط وفاداری کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی صوبے کے معاشی مستقبل میں کلیدی کردار اد (بقیہ نمبر 1 صفحہ 7 پر)

مجھے حکومت کیخلاف کوئی سازش نظر نہیں آئی، سینیٹر پرویز رشید

توہین عدالت انہوں نے کی ہے جنہوں نے ہسپتال کے باہر مجمع لگایا، لیگی سینیٹر

کس کے خلاف توہین عدالت کرنی چاہیے، کس کے خلاف نہیں، یہ ان کے وکیلوں کا کام ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سینیٹر پرویز رشید نے کہا (بقیہ نمبر 2 صفحہ 7 پر)

قومی اسمبلی کا اجلاس جمعہ کی صبح گیارہ بجے تک ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) قومی اسمبلی کا اجلاس جمعہ کی صبح 11 بجے تک (بقیہ 3 صفحہ 7 پر)

پاکستان میں ڈیجیٹل مالیاتی انفراسٹرکچر کے فروغ کے وسیع مواقع موجود ہیں، بلال بن ثاقب

پاکستان ورچوئل اثاثوں پر پابندی سے ریگولیٹڈ نگرانی کی جانب منتقل ہوگیا ہے

ورچوئل اثاثوں کے شعبے میں موثر ریگولیٹری نظام سے سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، تاشقند میں سلک روڈ فنانس اینڈ ٹیکنالوجی فورم سے خطاب

تاشقند (این این آئی) وزیر مملکت اور پاکستان ورچوئل اسیٹس ریگولیٹر (بقیہ 4 صفحہ 7 پر)

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کھربوں ڈالرز کے ذخائر، وزیر اعظم کی بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت

معاشی روابط بڑھانا چاہتے ہیں، شہباز شریف

وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے سعودی پاک مشترکہ بزنس کونسل کے چیئرمین شہزادہ منصور بن محمد آل سعود کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے سعودی کاروباری وفد نے منگل کو یہاں وزیر اعظم ہاؤس میں ملاقات کی

وزیر اعظم نے پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے دونوں برادر ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ کے مختلف امکانات پر تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (اے پی پی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے ترجیحی شعبوں میں سرمایہ کاری کیلئے سعودی عرب کی دلچسپی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان جی ٹو جی اور بی ٹو بی مشترکہ تعاون کے لیے یہ بہترین اور موزوں ترین وقت ہے، پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے اقتصادی تعلقات کو باہمی مفاد پر مبنی سٹریٹجک اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنے کا خواہاں ہے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے سعودی پاک مشترکہ بزنس کونسل کے چیئرمین شہزادہ منصور بن محمد آل (بقیہ 5 صفحہ 7 پر)

وزیر خزانہ کی زیر صدارت اجلاس، مختلف تکنیکی گرانٹس کی منظوری

ای سی سی، پاسکو کے گندم کے ذخائر کو 85 فیصد مقامی اور 15 فیصد درآمدی گندم کے تناسب سے فراہم کرنے کی تجویز کی منظوری

یونین کیساتھ مشاورت و رابطے کے ذریعے روز ویلٹ ہوٹل کی از سر نو ترقی کے قابل بنانے کیلئے تصفیے پر مذاکرات کرنے کی غرض سے کمیٹی قائم

اسلام آباد (این این آئی) کابینہ کی اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) نے پاسکو کے گندم کے ذخائر تمام وصول کنندہ اداروں کو 85 فیصد مقامی اور 15 فیصد درآمدی گندم کے تناسب سے فراہم کرنے کی تجویز سے متعلق سمری کی منظوری دیدی ہے، اجلاس میں کئی وزارتوں اور ڈویژنز کیلئے تکنیکی ضمنی گرانٹس کی منظوری بھی دی گئی۔ اقتصادی رابطہ کمیٹی کا اجلاس پیر کو یہاں وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب کی زیر صدارت وزارت خزانہ میں منعقد (بقیہ 6 صفحہ 7 پر)

پاکستان کویت کیساتھ ممکن تعلقات کو مزید بہتر کر رہا ہے، اسحاق ڈار

اسحاق ڈار کا کویت کے وزیر خارجہ سے ٹیلیفونک رابطہ

دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے پیر کو کویت کے وزیر خارجہ شیخ جراح جابر الاحمد الصباح سے ٹیلی فون پر گفتگو کی، دونوں رہنماؤں نے دوطرفہ تعلقات اور باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا اور پاکستان اور کویت کے درمیان قریبی اور برادرانہ (بقیہ 7 صفحہ 7 پر)

وفاقی حکومت کسانوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کریگی، وزیر اعظم

زیتون کی کاشت سے ملک کو خوردنی تیل کی پیداوار میں خود کفیل کر کے قیمتی زرمبادلہ بچا سکتے ہیں

وزیر اعظم شہباز شریف کا پاکستان نیشنل اولیو ویلیو چین پالیسی کے اجرا کی تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے زرعی انقلاب کیلئے عملی اقدامات کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کسانوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرے گی، زیتون کی کاشت سے ملک کو خوردنی تیل کی پیداوار میں خود کفیل کر کے قیمتی زرمبادلہ بچا سکتے ہیں، پاکستان کے 100 زرعی گریجویٹس کو زیتون کی کاشت، پروسیسنگ، مارکیٹنگ اور ویلیو چین کے مختلف شعبوں میں جدید تربیت حاصل کرنے کیلئے اٹلی بھجوائیں گے۔ وہ پیر کو یہاں پاکستان نیشنل (بقیہ 8 صفحہ 7 پر)

نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سے چینی سفیر ملاقات کر رہے ہیں

ملک میں بارشوں اور سیلاب سے اموات کی تعداد 160 سے متجاوز

26 جون سے شروع ہونے والے مون سون سیزن کے دوران اب تک سیکڑوں مکانات کو نقصان پہنچا ہے

شہری مون سون بارشوں کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں، حکام

اسلام آباد (این این آئی) ملک کے مختلف شہروں میں شدید مون سون بارشوں کے باعث ہونے والی لینڈ سلائیڈنگ اور سیلاب نے شدید تباہی مچائی ہے۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) کے مطابق 26 جون سے اب تک بارشوں، لینڈ سلائیڈنگ اور سیلاب سے ہونے والے حادثات میں اب تک 166 افراد جاں بحق ہو چکے ہیں جبکہ اس عرصے کے دوران مختلف حادثات میں 500 افراد زخمی ہوگئے۔ رپورٹ کے مطابق 26 جون سے شروع ہونے والے مون سون سیزن کے دوران اب تک سیکڑوں مکانات کو نقصان پہنچا ہے جبکہ درجنوں مویشی ہلاک ہوئے ہیں۔ این ڈی ایم اے نے شہریوں پر ز (بقیہ 9 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے برازیل کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی کوئی ڈیل نہیں کرنا چاہتے، بیرسٹر گوہر

فی الحال ہمارا جوائنٹ اپوزیشن کا اتحاد صرف قومی اسمبلی کے فلور اور قانون سازی کی حد تک ہے

تمام سیاسی جماعتوں کو ملک، پارلیمان، آزاد عدلیہ اور الیکشن کمیشن کی مضبوطی کے ایجنڈے پر متحد ہونا چاہیے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر خان نے کہا ہے کہ ہماری پہلے بھی خواہش تھی اور اب بھی خواہش ہے کہ مولانا فضل الرحمان ہمارے ساتھ اتحاد کا حصہ بنیں، تمام سیاسی جماعتوں کو ملک، پارلیمان، آزاد عدلیہ اور الیکشن کمیشن کی مضبوطی کے ایجنڈے پر متحد ہو (بقیہ 17 صفحہ 7 پر)

رانا مشہود سے ایس اے او سی وفد کی ملاقات

14 ویں جنوبی ایشیائی کھیلوں کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا

کھیلوں کے مقابلے اسلام آباد، لاہور اور پشاور میں منعقد ہوں گے

جنوبی ایشیائی کھیل خطے کے ممالک کے درمیان دوستی، تعاون اور کھیلوں کے فروغ کا اہم ذریعہ ہیں

نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے اور کھیلوں کے میدان میں آگے بڑھنے کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنا ضروری ہے، مشیر وزیر اعظم

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین وزیر اعظم یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان سے جنوبی ایشیا اولمپک کونسل (ایس اے او سی) کے ایک وفد نے وزیر اعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں 14 ویں جنوبی ایشیائی کھیلوں کی تیاریوں اور پاکستان میں نوجوانوں اور کھیلوں کے فروغ کے حوالے (بقیہ 14 صفحہ 7 پر)

نئے صوبے ملکی مفاد میں ہیں تو ضرور بننے چاہئیں، طارق فضل

تمام سیاسی جماعتوں اور عوام کو نئے صوبوں کے معاملے پر بحث کا حصہ بننا چاہیے، اہم فیصلوں پر اتفاق رائے پیدا کرنا انتہائی ضروری ہے

بھارت نے 1950 میں صوبوں سے متعلق ایک کمیشن تشکیل دیا اور بھارتی پنجاب سے مزید 3 صوبے، ہماچل پردیش، ہریانہ اور پنجاب وجود میں آئے

اسلام آباد (اے ایف بی) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور طارق فضل چوہدری نے کہا ہے اگر نئے صوبے پاکستان کے مفاد میں ہیں تو یہ ضرور بننے چاہئیں۔ سوشل میڈیا پر نجی ٹی وی پروگرام کی ویڈیو شیئر کرتے ہوئے طارق فضل چوہدری نے لکھا کہ نئے صوبوں کے قیام کے حو (بقیہ 10 صفحہ 7 پر)

سستا اور فوری انصاف ہر شہری کا بنیادی حق اور ریاست کی ذمہ داری ہے، اعظم نذیر تارڑ

پاکستان اپنے دوستوں کے تعاون سے بامقصد اور منفرد شراکت داری کو آگے بڑھائے گا، وزیر قانون

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر قانون و انصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ سستا اور فوری انصاف ہر شہری کا بنیادی حق اور ریاست کی ذمہ داری ہے، موثر متبادل تنازعاتی حل (اے ڈی آر) کے نظام سے تنازعات کے فوری اور کم لاگت حل کے راستے فراہم کیے جا سکتے ہیں۔ سول، کمرشل اور شریعہ سے ہم آہنگ ثالثی کے پانچ روزہ تربیتی پروگرام کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے (بقیہ 18 صفحہ 7 پر)

جمائما کا برطانوی حکومت سے بانی پی ٹی آئی کیلئے آواز اٹھانے کا مطالبہ

لندن (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی سابقہ اہلیہ جمائما خان نے برطانوی حکومت سے عمران خان کے لیے آواز اٹھانے کا مطالبہ کر دیا۔ جمائما خان نے سوشل میڈیا پیغام میں برطانوی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ بانی پی ٹی آئی کی قید اور مبینہ انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر آواز اٹھا (بقیہ 16 صفحہ 7 پر)

پاکستان کے دشمنوں کو پاک فوج کیساتھ ملکر ہر محاذ پر عبرتناک شکست دیں گے، رانا تنویر حسین

حکومتی سرپرستی میں پاکستان اور بیرون ملک پاکستانی سفارتخانوں میں جشن میلاد النبیﷺ شایان شان انداز میں منایا جا رہا ہے

مریدکے (این این آئی) وفاقی وزیر فوڈ سکیورٹی ریسرچ رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ حکومتی سرپرستی میں پورے پاکستان اور دنیا کے تمام ممالک میں قائم پاکستانی سفارت خانوں میں بارہ ربیع الاول تک عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شایان شان طریقہ سے منایا جا رہا ہے اور قومی سطح پر بارہ ربیع الاول کی چھٹی کا اعلان کیا گیا ہے۔ حاجی محمد شان (بقیہ 15 صفحہ 7 پر)

سعودی عرب، عمرہ سیزن کی پہلی سہ ماہی کے دوران ایک کروڑ 52 لاکھ سے زائد افراد نے عمرہ ادا کیا

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں جاری عمرہ سیزن کی پہلی سہ ماہی کے دوران 52 لاکھ سے زائد افراد نے عمرہ ادا کیا۔ سعودی جنرل اتھارٹی برائے شماریات کے مطابق پہلی سہ ماہی میں عمرہ ادا کرنے والے افراد (بقیہ 13 صفحہ 7 پر)

پی ٹی آئی نے وتیرہ بنالیا ان کی ایک ممبر کورم کی نشاندہی کر دیتی ہیں، پلوشہ خان

قومی خزانے کو نقصان پہنچتا ہے، سیشن کا بل بنتا ہے، پیسہ خرچ ہوتا ہے، یہ اسے چلنے نہیں دیتے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پیپلز پارٹی کی رہنما سینیٹر پلوشہ خان نے کہا ہے کہ سسٹم میں ایک ٹیکنیکل بیماری پیدا ہوگئی ہے، پی ٹی آئی نے وتیرہ بنالیا ان کی ایک ممبر کورم کی نشاندہی کر دیتی ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پلوشہ خان نے کہا پتا نہیں کہاں سے آ جاتے ہیں، ہم عوامی ایشوز پر بات کرنے کے لیے یہاں موجود ہیں۔ انھوں نے کہا جو کورم کی نشاندہی کرتے ہیں یہ ان سے سوال ہونا چاہیے (بقیہ 11 صفحہ 7 پر)

جولائی میں پاکستان کی بیرونی فنڈنگ میں 81 فیصد سے زائد کمی

جولائی 2026 میں 76 کروڑ 30 لاکھ ڈالرز کی غیر ملکی فنڈنگ موصول

74 کروڑ 74 لاکھ ڈالرز قرض جبکہ ایک کروڑ 84 لاکھ ڈالرز گرانٹس کی مد میں حاصل ہوئے

کراچی (این این آئی) نئے مالی سال 27-2026 کے (بقیہ 19 صفحہ 7 پر)

بانی PTI جس دن سے صحت مند نکلے کسی نے شکر ادا نہیں کیا، طلال چوہدری

نہ کوئی ڈیل ہے نہ ہی کوئی ڈھیل، سب کہانیاں ہیں جو صرف پی ٹی آئی بنا رہی ہے

کہتے ہیں حکومت سے بدلہ لینا ہے، مسئلہ یہ ہے علاج کے لیے کہا گیا ہے اور علاج بیمار کا ہوتا ہے، وزیر مملکت

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ بانی پی ٹی آئی جس دن سے صحت مند نکلے کسی نے شکر ادا نہیں کیا، سارے افسردہ اور غصے میں ہیں، کہتے (بقیہ 21 صفحہ 7 پر)

کراچی اور گوادر کو وفاقی علاقہ قرار دینے کی تجویز انتہائی تباہ کن ہے، اسد عمر

نظام فیل ہوگیا تو یہ حل نکالا جا رہا ہے کہ مزید وسائل مرکزی کر دیں گے، سائل کو سینٹرلائز کرنے سے علاج نہیں ہو سکتا

جو گیڈر سنگھی صوبوں کے ہتھے چڑھ گئی ہے اس کو مرضی سے نہیں چھوڑیں گے

اسلام آباد (اے ایف بی) سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے کہا ہے کہ کراچی (بقیہ 12 صفحہ 7 پر)

نواز شریف نے پارٹی رہنماؤں کو نئے صوبوں، انتظامی یونٹس پر بیان بازی سے روک دیا

رہنما کوئی موقف اختیار کرنے سے گریز، پارٹی کی حتمی پالیسی کا انتظار کریں، پارٹی قائد کی ہدایت

لاہور (این این آئی) نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کے معاملے پر سیاسی بحث تیز ہونے کے بعد مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے فی الحال اس موضوع پر خاموشی اختیار کرنے (بقیہ نمبر 20 صفحہ 7 پر)

حکومت اپوزیشن کی جانب سے مضبوط حکمت عملی نہ ہونے کا فائدہ اٹھا رہی ہے، مولانا فضل الرحمان

اپوزیشن اتحاد اسمبلی کے اندر ہی ہوگا، حکومت جس طرح کی قانون سازی کر رہی ہے اس کے لیے مضبوط اپوزیشن اتحاد بنایا ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علما اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ حکومت اپوزیشن کی جانب سے مضبوط حکمت عملی نہ ہونے کا فائدہ اٹھا رہی ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤ (بقیہ 22 صفحہ 7 پر)

میر علی حسن زہری کی جشن ولادت النبی ﷺ پر امت مسلمہ کو مبارکباد

نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت طیبہ ہمارے لیے زندگی کے ہر شعبے میں بہترین رہنمائی کا سرچشمہ ہے، میر علی حسن زہری

رسولِ اکرم ﷺ نے انسانیت کو عدل، مساوات، برداشت، رواداری، رحم اور حقوق العباد کا درس دیا

حب (بولان بیورو) 12 ربیع الاول جشن ولادتِ نبی کریم ﷺ کے پرمسرت موقع پر پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے سینئر نائب صدر اور صدر مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان کے ترجمان میر علی حسن زہری نے 12 ربیع الاول، جشن ولادت باسعادت حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر پوری امت مسلمہ کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے پیغام میں میر علی حسن زہری نے کہا کہ 12 ربیع الاول انسانیت کے لیے رحمت، محبت، امن اور بھائی چارے کے عظیم پیغام کی یاد تازہ کرنے کا دن ہے۔ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت طیبہ ہمارے لیے زندگی کے ہر شعبے میں بہترین رہنمائی کا سرچشمہ (بقیہ 28 صفحہ 7 پر)

وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ میں سہیل آفریدی کے پیچھے کھڑا ہوں، حذیفہ رحمان

عمران خان نے بہن نورین نیازی کو ملاقات میں بتایا میری صحت ٹھیک ہے مجھے ضرورت نہیں

ہماری نظر ثانی درخواست زیر التوا ہے سپریم کورٹ کا جو آرڈر ہوگا اس پر عمل کریں گے، وزیر اعظم شہباز شریف تصور بھی نہیں کر سکتے کہ عدالتی حکم کی خلاف ورزی کریں

اسلام آباد (اے ایف بی) وزیر اعظم کے معاون خصوصی حذیفہ رحمان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سے متعلق ماضی کے تلخ تجربات ہیں جس کی وجہ سے سکیورٹی انتظامات کرنے ہوتے ہیں، سپریم کورٹ کے حکم پر عمران خان کی نورین نیازی سے ملاقات کروائی گئی، ہمشیرہ سے سابق وزیر اعظم نائیکی کے ٹریک سوٹ اور جوگرز میں ملے، انہوں نے اپنی بہن کو بتایا کہ وہ دو گھنٹے جم کر کے آئے ہیں۔ ایک انٹرویو میں حذیفہ رحمان نے دعویٰ کیا کہ ملاقات کے دوران نورین نیازی نے بتایا کہ سپریم کورٹ کا حکم آیا ہے کہ آپ شفا انٹرنیشنل اسپتال منتقل ہو جائیں، اس پر عمران خان نے بتایا کہ میری صحت ٹھیک ہے مجھے ضرورت نہیں (بقیہ 23 صفحہ 7 پر)

مولانا فضل الرحمان پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا، علی امین گنڈاپور

مولانا فضل الرحمان اپنے مفادات کیلئے پی ٹی آئی اور اپوزیشن کے اتحاد کی بات کر رہے ہیں، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اور تحریک انصاف کے اہم رہنما علی امین گنڈاپور نے جمعیت علما اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کو ناقابل اعتماد کہہ دیا۔ ایک انٹرویو میں علی امین گنڈاپور نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا ہے، وہ آئینی ترامیم کے وقت بھی پی ٹی آئی کے ساتھ کھڑے نہیں ہوئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ مولانا فضل الرحمان اپنے (بقیہ 29 صفحہ 7 پر)

شیر افضل مروت کے خلاف مقدمات کی تفصیلات فراہمی کا کیس نمٹا دیا گیا

اسلام آباد (اے ایف بی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت کے خلاف مقدمات کی تفصیلات فراہمی کا کیس نمٹا دیا گیا، پولیس، ایف آئی اے اور این سی سی آئی اے کی رپورٹس (بقیہ 27 صفحہ 7 پر)

پابندیاں عوام دشمن پالیسی ہے، امریکا کا بھرپور مقابلہ کریں گے، ایران

امریکی پالیسی پہلے بھی ناکام ہوئی اور اب بھی یہی ہوگا؛ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ

تہران (این این آئی) ایران نے امریکا کی جانب سے عائد پابندیوں کو ناکام پالیسی قرار دیتے ہوئے بھرپور مقابلہ کرنے کا اعلان کیا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ایران نے امریکا کی جانب سے عائد اقتصادی پابندیوں کو ایک بار پھر ناکام پالیسی قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ ایران امریکی دباؤ کا مقابلہ کرنے کے لیے اپنی تمام دوطرفہ صلاحیتیں استعمال کرے گا (بقیہ 26 صفحہ 7 پر)

آزاد کشمیر کی وادی نیلم سے 3 افراد کی لاشیں برآمد

مظفر آباد (اے ایف بی) آزاد کشمیر کی وادی نیلم سے 3 افراد کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ آزاد کشمیر کی وادی نیلم میں جاگراں ویلی سے 3 نوجوانوں کی لاشیں ملی ہیں جن کی شناخت یاسر بلوچ، ناصر اور فیصل اعوان کے نام سے ہوئی ہے (بقیہ 25 صفحہ 7 پر)

شمال مشرقی بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزاد کشمیر میں آئندہ 24 گھنٹوں میں بارش کا امکان

دریائے سندھ میں کالاباغ کے مقام پر درمیانے درجے، بیراج، تونسہ، گڈو اور سکھر بیراج پر نچلے درجے کا سیلاب

اسلام آباد (اے ایف بی) محکمہ موسمیات کہنا ہے کہ آئندہ 24 گھنٹوں میں شمال مشرقی بلوچستان، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر اور ملحقہ پہاڑی علاقوں کے چند مقامات پر بارش کا امکان ہے۔ دوسری جانب دریائے سندھ میں کالاباغ کے مقام پر درمیانے درجے کا سیلاب بدستور برقرار ہے جہاں پانی کی آمد 3 لاکھ 98 ہزار کیوسک ریکارڈ کی گئی جب کہ چشمہ بیراج، تونسہ، گڈو اور سکھر بیراج پر نچلے (بقیہ 24 صفحہ 7 پر)

لاہور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کا دن، فہرست جیل حکام کو ارسال

راولپنڈی (این این آئی) بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی سے فیملی اور وکلا کی ملاقات کیلئے فہرست جیل حکام کے حوالے کر دی گئی۔ پاکستان تحریک انصاف نے عمران خان سے ملاقات کیلئے 6 وکلا رہنماؤں کی فہرست اڈیالہ جیل حکام کو بھیج دی۔ فہرست میں بیرسٹر گوہر خان، سلمان اکرم راجہ اور خالد یوسف چوہدری کے نام شامل ہیں، (بقیہ 30 صفحہ 7 پر)

سسٹم ناکام نہیں ہوا، ڈیلیور کر رہا ہے، اسپیکر

پاکستان نے بھارت کے خلاف جنگ میں کامیابی حاصل کی اور بعد ازاں ایران اور امریکا کے درمیان ثالثی کا کردار ادا کر کے عالمی سطح پر اپنی ساکھ اور وقار میں اضافہ کیا

پی ٹی آئی کے اراکین رابطے میں رہتے ہیں، اگر وقفہ سوالات کے دوران متعلقہ وزرا اور سیکرٹریز ایوان میں موجود نہ ہوں تو انہیں سختی کرنا پڑتی ہے، اسپیکر قومی اسمبلی کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ سسٹم ناکام نہیں ہوا بلکہ نتائج دے رہا ہے اور وزیر اعظم و فیلڈ مارشل کی کاوشوں کے باعث ملک کی معاشی صورتحال بتدریج بہتر ہو رہی ہے، کسی بھی نظام کے بارے میں حتمی فیصلہ عوام ہی کرتے ہیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس (بقیہ 31 صفحہ 7 پر)

چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی و دیگر کا تقریب کے موقع پر گروپ فوٹو

شفیع جان نے سائنس و آئی ٹی کا اضافی قلمدان سنبھال لیا

خیبر پختونخوا میں ڈیجیٹل گورننس کے فروغ، جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو مزید وسعت دی جائیگی، شفیع جان

...وژن کے مطابق خیبر پختونخوا میں ڈیجیٹل گورننس کے فروغ اور جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کو مزید وسعت دی جائے گی۔ ٹیکنالوجی کے مؤثر استعمال کے ذریعے حکومتی نظام میں شفافیت، تیزی اور عوامی سہولت کو یقینی بنایا جائے گا۔ صوبے کو ڈیجیٹل گورننس اور جدید ٹیکنالوجی کے میدان میں مزید آگے لے جانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے، وزیر سائنس

عوام پر مسلط فارم 47 کی حکومت نے عدالتی احکامات، قانون اور آئین کی کھلے عام دھجیاں اڑا دی ہیں، وزیر ہاؤسنگ خیبر پختونخوا

...حکومت نے عدالتی احکامات، قانون اور آئین کی کھلے عام دھجیاں اڑادی ہیں، عمران خان کے حوالے سے اعلیٰ عدالت کے حکم پر عملدرآمد نہ کرانا نہ صرف لمحہ فکریہ بلکہ آمرانہ ذہنیت کی عکاسی ہے۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ خود کو قانون، آئین اور اعلیٰ عدالت سے بالاتر سمجھنے والوں کا اصل چہرہ بے نقاب ہو چکا ہے، آئین میں آج جو ترامیم کی جارہی ہیں، کل یہی ترامیم ان کے ... حکومت خود کو قانون، آئین اور عدالت سے بالاتر سمجھتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آئینی ترامیم کرنے والوں کو واضح کر دینا چاہتے ہیں کہ آج مخالفین کے لیے جو کنواں کھودا جارہا ہے، کل وہ خود اسی میں گر سکتے ہیں۔ ڈاکٹر امجد علی نے مزید کہا کہ ایسے غیر آئینی اور غیر قانونی اقدامات کے ذریعے عمران خان کی عوام میں محبت اور مقبولیت کو کم نہیں کیا جاسکتا

علی بحر میں پولیو بوسٹر مہم، ٹیموں کو 100 فیصد کوریج یقینی بنانے کی ہدایت

ضلع ٹھٹھہ میں جاری پولیو بوسٹر مہم کے دوسرے روز BHU علی بحر میں مارننگ اسمبلی کا انعقاد کیا گیا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) علی بحر میں پولیو بوسٹر مہم، ٹیموں کو 100 فیصد کوریج یقینی بنانے کی ہدایت ضلع ٹھٹھہ میں جاری پولیو بوسٹر مہم کے دوسرے روز BHU علی بحر میں مارننگ اسمبلی کا انعقاد کیا گیا، جس کی نگرانی ڈاکٹر امام بخش سومرو نے کی۔ اس موقع پر پولیو ٹیموں کو ضروری سامان فراہم کر کے مقررہ علاقوں کی جانب روانہ کیا گیا۔ ڈاکٹر امام بخش سومرو نے پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران کوئی بھی اہل بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطروں اور بوسٹر ڈوز سے محروم نہ رہے اور مقررہ ہدف کے مطابق 100 فیصد کوریج کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے ٹیموں پر زور دیا کہ وہ ذمہ داری، محنت اور جذبے کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیتے ہوئے گھر گھر پہنچیں اور بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے اور بوسٹر ڈوز فراہم کریں تاکہ مہم کامیاب ہو سکے اور مقررہ اہداف حاصل کیے جاسکیں۔ ڈاکٹر امام بخش سومرو نے والدین اور عوام سے اپیل کی کہ پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں

امریکا میں ساحل پر چٹان سے تیز رفتار گاڑی سمندر میں جاگری؛ بھارتی نژاد طالبہ ہلاک

کیلیفورنیا (این این آئی) امریکی ریاست کیلیفورنیا میں چٹان سے گاڑی سمندر میں جا گرنے کے نتیجے میں بھارتی نژاد 19 سالہ طالبہ الی رینی سنگھ ہلاک ہوگئیں۔ امریکی میڈیا کے مطابق یہ حادثہ 13 اپریل کو سانتا کروز میں معروف اسٹیمر لین سرف بریک کے قریب پیش آیا جہاں ویسٹ کلف ڈرائیو کا ساحلی حصہ مسلسل کٹاؤ کے باعث شدید متاثر ہو چکا ہے۔

کوئٹہ، یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر ڈاکٹر ظہور احمد بازئی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیف مقدم ڈاکٹر علی مراد لاشاری کی دستار بندی کی پُروقار تقریب

سیاسی، سماجی، صحافتی شخصیات اور مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی

حب (پ ر) چیف مقدم خان محمد بھٹائی لاشاری کی وفات کے بعد ان کے صاحبزادے چیف مقدم ڈاکٹر علی مراد لاشاری کی دستار بندی کی پُروقار تقریب حب میں منعقد ہوئی، جس میں لاشاری برادری کے عمائدین، قبائلی رہنماؤں، سیاسی، سماجی، صحافتی شخصیات اور مختلف مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب کے آغاز میں مرحوم چیف مقدم خان محمد لاشاری کے ایصالِ ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور خصوصی دعا کی گئی۔ شرکاء نے مرحوم کی سماجی، قبائلی اور عوامی خدمات کو زبردست الفاظ میں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم نے اپنی پوری زندگی برادری کے اتحاد، بھائی چارے اور عوامی خدمت کے لیے وقف کر رکھی تھی ان کی وفات سے لاشاری برادری ایک مدبر، مخلص اور باوقار شخصیت سے محروم ہوگئی ہے چیف مقدم ڈاکٹر علی مراد لاشاری کی دستار بندی نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما حاجی عبدالغنی رند، وڈیرہ ولی محمد لاشاری، وڈیرہ علی حسن لاشاری، رئیس فتح محمد لاشاری اور سربراہ قائم خان لاشاری نے کی اس موقع پر مقررین نے کہا کہ دستار بندی صرف ایک رسم نہیں بلکہ قبائلی روایات، ذمہ داریوں اور برادری کی قیادت کا تسلسل ہے، اور امید ظاہر کی کہ چیف مقدم ڈاکٹر علی مراد لاشاری اپنے والد کے نقشِ قدم پر چلتے ہوئے برادری کے اتحاد، بھائی چارے اور فلاح و بہبود کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کریں گے۔ تقریب میں لاشاری برادری کے معززین نے شرکت کی

امریکی ایئرلائن کی فضائی میزبان ہوٹل کی 24 ویں منزل سے گر کر ہلاک

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ایئر لائن کی 50 سالہ فلائٹ اٹینڈنٹ جینی لوپٹن ہوائی کے ایک فور اسٹار ہوٹل کی 24 ویں منزل سے گر کر ہلاک ہوگئی۔ رپورٹس کے مطابق جینی لوپٹن کی لاش جمعرات کی صبح ہوٹل کے ایک ملازم نے کچرے کے ڈبے کے قریب سے برآمد کی۔ وہ اوکلاہوما سے تعلق رکھتی تھی اور گزشتہ 23 برس سے ایئر لائن میں فلائٹ اٹینڈنٹ کے طور پر خدمات انجام دے رہی تھی۔

کوئٹہ، فیڈرل لیویز فورس کے ملازمین پریس کلب کے سامنے احتجاجی کیمپ میں بیٹھے ہیں

پیر پٹھو کے میلے پر تفریح کے لیے کراچی سے آنیوالے نوجوانوں کے ساتھ مبینہ ڈکیتی

ملزمان نے نوجوانوں کو مبینہ طور پر یرغمال بنا کر ایک عدد 125 موٹر سائیکل، بیگ، نقد رقم اور موبائل فون چھین لیے اور فرار ہوگئے

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) میلے پر آنے والے کراچی کے نوجوانوں سے مبینہ ڈکیتی، پولیس کارکردگی پر سوالیہ نشان ٹھٹھہ میں سخی داتار پیر پٹھو کے میلے پر تفریح کے لیے کراچی سے آنے والے نوجوانوں کے ساتھ مکلی بائی پاس، کاکا مارکیٹ کے سامنے مبینہ ڈکیتی کی واردات پیش آئی ہے، جس کے بعد میلے میں آنے والے شہریوں اور زائرین میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ ذرائع کے مطابق 125 موٹر سائیکل پر سوار مسلح ملزمان نے نوجوانوں کو مبینہ طور پر یرغمال بنا کر ایک عدد 125 موٹر سائیکل، بیگ، نقد رقم اور موبائل فون چھین لیے اور فرار ہوگئے۔ میلے کے موقع پر شہر سے باہر سے آنے والے مہمانوں کے ساتھ ڈکیتی کے واقعے پر علاقہ مکینوں نے شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ میلے کے دوران پولیس کی موجودگی اور سیکیورٹی انتظامات کے باوجود ایسی واردات پولیس کی کارکردگی پر سوالیہ نشان ہے۔ علاقہ مکینوں اور میلے میں آنے والے زائرین نے پولیس کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کا فوری نوٹس لے کر ملزمان کو گرفتار کیا جائے، لوٹا گیا سامان برآمد کرایا جائے اور میلے سمیت شہر کے اہم راستوں اور عوامی مقامات پر سیکیورٹی کے انتظامات مزید سخت کر کے شہریوں کی جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

عثمان خان بیٹنی کا دورہ ٹانک، ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ

پشاور (این این آئی) معاون خصوصی وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا ابرائے فنی تعلیم محمد عثمان خان بیٹنی نے ٹانک کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ مختلف سماجی و عوامی سرگرمیوں میں بھی شرکت کی۔ معاون خصوصی نے ٹانک سٹی میں واپڈا کالونی، ڈیرہ روڈ کے قریب زیر تعمیر مین نکاسی نالے کا معائنہ کیا اور متعلقہ حکام کو تعمیراتی کام مزید تیز کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ بعد ازاں محمد عثمان خان بیٹنی نے گاؤں گولہ کورائی میں جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں منعقدہ جلوس میں بھی شرکت کی۔

اہل اسلام بالخصوص نصیر آباد کے عوام کو دلی مبارک باد پیش

حضور اکرم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کے لیے اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری ایکسائز حاجی محمد خان لہڑی نے بارہ ربیع الاول جشن عید میلاد النبی ﷺ کے بابرکت موقع پر اہل اسلام بالخصوص نصیر آباد کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حضور اکرم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادت باسعادت پوری انسانیت کے لیے اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے آپ ﷺ کی سیرت طیبہ ہمارے لیے محبت، اخوت، رواداری، عدل و انصاف اور انسانیت کی خدمت کا بہترین درس ہے۔ انہوں نے کہا کہ جشن عید میلاد النبی ﷺ ہمیں اس عہد کی تجدید کا موقع فراہم کرتا ہے کہ ہم اپنی زندگیوں کو نبی کریم ﷺ کی تعلیمات کے مطابق ڈھالیں گے اور معاشرے میں امن بھائی چارے اور محبت کو فروغ دیں گے حاجی محمد خان لہڑی نے کہا کہ نبی کریم ﷺ نے انسانیت کو جہالت کے اندھیروں سے نکال کر علم، اخلاق اور ہدایت کی روشنی عطا فرمائی، آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر ہی دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے انہوں نے عوام سے اپیل کی

یورپی یونین وفد کا محکمہ زراعت گلگت بلتستان کا دورہ، زرعی پالیسی پر تبادلہ خیال

گلگت (این این آئی) یورپی یونین کے وفد نے محکمہ زراعت، لائیو اسٹاک و فشریز گلگت بلتستان کا دورہ کیا، جہاں محکمہ کے سینئر افسران کے ساتھ مجوزہ زرعی پالیسی اور ایکشن پلان سمیت گلگت بلتستان میں زرعی شعبے کی ترقی اور مستقبل کی ترجیحات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ یورپی یونین کے وفد کی قیادت باربرا رگسن، کونسلر، یورپی یونین ڈیلیگیشن آفس اسلام آباد اور سربراہ برائے اکانومی، کوآپریشن، انویسٹمنٹ اینڈ رورل ڈویلپمنٹ نے کی۔

حب۔ بھوتانی کارواں کے رہنما حاجی اللہ بخش دلاری، حاجی کریم جھٹہ، فرید دلاری، ماسٹر قیوم، فتح جھٹہ، لاڈلہ نوید رند، بھوتانی کارواں کے رہنما ایڈووکیٹ عبدالرحمن میر جت کے ماموں، ایڈووکیٹ غلام سرور میر جت کے چچا اور محمد عمر میر جت عرائض نویس کے والد ڈاکٹر محمد وارث میر جت کے انتقال پر تعزیت کر رہے ہیں

محتسب اعلیٰ سندھ کے ریجنل ڈائریکٹر کا سول اسپتال مکلی کا دورہ

سرجیکل سمیت مختلف شعبہ جات کا معائنہ کر کے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) محتسب اعلیٰ سندھ کے ریجنل ڈائریکٹر کا سول اسپتال مکلی کا دورہ، مختلف شعبہ جات کا معائنہ۔ محتسب اعلیٰ سندھ کے ریجنل ڈائریکٹر ٹھٹھہ الطاف حسین لغاری نے سول اسپتال مکلی کا تفصیلی دورہ کیا، جہاں انہوں نے اسپتال کے امراضِ نسواں و زچگی وارڈ، نومولود انتہائی نگہداشت یونٹ، ڈائلاسز، تھیلیسیمیا اور ہیپاٹائٹس وارڈز، طبی آلات کے شعبے، بچوں کے وارڈ، امراضِ چشم، میڈیکل اور سرجیکل سمیت مختلف شعبہ جات کا معائنہ کر کے مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے اسپتال میں زیرِ علاج مریضوں اور ان کے تیمارداروں سے ملاقات کر کے انہیں فراہم کی جانے والی طبی سہولیات اور درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں، جس پر انہوں نے اپنے اطمینان کا اظہار کیا۔ اس موقع پر مرف کے ریجنل پروگرام مینیجر آدم ملک نے ریجنل ڈائریکٹر کو اسپتال کے مختلف شعبہ جات، طبی سہولیات اور فراہم کی جانے والی خدمات کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ریجنل ڈائریکٹر محتسب اعلیٰ سندھ الطاف حسین لغاری نے اسپتال انتظامیہ، ڈاکٹرز اور متعلقہ عملے کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بہتر سے بہتر طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے

یوٹیوب پریمیئم صارفین کے لیے ستمبر سے ماہانہ فیس میں اضافے کا اعلان

لاہور (این این آئی) یوٹیوب پریمیئم صارفین کو اشتہارات سے پاک ویڈیوز دیکھنے کی سہولت کے عوض ستمبر سے زیادہ قیمت ادا کرنا ہوگی، گوگل نے یورپ کے بعض ممالک اور سنگاپور میں یوٹیوب پریمیئم کی ماہانہ فیس میں 10 سے 15 فیصد تک اضافے کی تصدیق کر دی ہے۔ نئی قیمتیں 23 ستمبر 2026 سے صارفین کے اگلے بلنگ سائیکل کے ساتھ نافذ ہوں گی۔ گوگل کے مطابق جن صارفین کی اگلی ادائیگی 23 ستمبر یا اس کے بعد ہوگی، ان سے نئی شرح کے مطابق فیس وصول کی جائے گی۔

سوراب: ریڑھی بانوں کی منتقلی کے حوالے سے اہم اجلاس، حتمی فیصلے کے لیے مزید وقت دے دیا گیا

صدر بازار، پنچایت، محکمہ ریونیو و میونسپل کمیٹی کے حکام، ریڑھی بانوں کے نمائندگان اور عوامی نمائندگان نے شرکت کی

کوئٹہ، بی سی آر اے کے فوکل پرسن میر علی احمد ابا بکی، ارمان خان اچکزئی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

بلوچستان کے عوام اور تمام عاشقانِ رسول ﷺ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد

جشنِ میلاد النبی ﷺ کے موقع پر مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ ساتھ نظم و ضبط، بھائی چارے اور امن و محبت کو بھی فروغ دیا جائے

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر و صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کے پرمسرت موقع پر پوری قوم بالخصوص صحبت پور سمیت بلوچستان کے عوام اور تمام عاشقانِ رسول ﷺ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ نبی کریم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی ولادتِ باسعادت پوری انسانیت کے لیے اللہ تعالیٰ کی عظیم نعمت ہے آپ ﷺ کی تشریف آوری سے دنیا کو جہالت کے اندھیروں سے نکال کر علم، عدل، مساوات، محبت، اخوت اور انسانیت کا درس ملا میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ حضور اکرم ﷺ کی سیرتِ طیبہ ہمارے لیے زندگی کے ہر شعبے میں بہترین رہنمائی کا ذریعہ ہے ہمیں چاہیے کہ ہم نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے اپنے معاشرے میں امن بھائی چارے، رواداری برداشت اور محبت کو فروغ دیں انہوں نے کہا کہ رسول اکرم ﷺ نے انسانیت کو امن و سلامتی، حقوق العباد کی ادائیگی، کمزوروں کی مدد، یتیموں سے شفقت، پڑوسیوں کے حقوق اور باہمی احترام کا درس دیا۔ آج کے دور میں امتِ مسلمہ کو درپیش مسائل کا حل بھی سیرتِ نبوی ﷺ کی تعلیمات میں موجود ہے ہمیں فرقہ واریت، نفرت اور انتشار سے بالاتر ہو کر اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرنا چاہیے صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ جشنِ عید میلاد النبی ﷺ کے موقع پر ہمیں خصوصی طور تمام شہدا ملک کی سلامتی، ترقی، خوشحالی اور استحکام کے لیے دعائیں کرنی چاہئیں

پاکستان کرکٹ کلب نے ماسٹر آئل انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ کا فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کر لیا

فضل سبحان، دانش عزیز اور عمیر بن یوسف کی شاندار بیٹنگ

کراچی (اسپورٹس رپورٹر) ریجنل کرکٹ ایسوسی ایشن کراچی کے زیر اہتمام ماسٹر آئل لبریکینٹس کے تعاون سے منعقد کردہ ماسٹر آئل انٹر کلب کرکٹ ٹورنامنٹ کے دوسرے سیمی فائنل میں ایک دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے کے بعد پاکستان کرکٹ کلب نے النور جیمخانہ کو 2 وکٹوں سے شکست دے کر فائنل کھیلنے کا اعزاز حاصل کر لیا۔ کے سی سی اے اسٹیڈیم پر کھیلے گئے دوسرے سیمی فائنل میں پاکستان کرکٹ کلب نے ٹاس جیت کر النور جیمخانہ کو پہلے بیٹنگ کرنے کی دعوت دی النور جیمخانہ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے مقررہ 40 اوورز میں 9 وکٹوں کے نقصان پر 239 رنز بنائے۔ فضل سبحان نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 10 چوکوں 2 چھکوں کی مدد سے 85، سیف اللہ بنگش نے 4 چوکوں کی مدد 42، حافظ اسد نے 37 اور عمار اقبال نے 35 رنز بنائے۔ محمد اصغر نے 39 رنز دیکر 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ جواب میں پاکستان کرکٹ کلب نے 39.2 اوورز میں 8 وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ رنز بنا لئے۔ دانش عزیز نے شاندار بیٹنگ کرتے ہوئے 3 چوکوں 3 چھکوں کی مدد سے ناقابل شکست 64، عمیر بن یوسف نے 2 چوکوں 2 چھکوں کی مدد سے 54، ثاقب خان نے ایک چوکے 4 چھکوں کی مدد سے 45 اور ہارون ارشد نے 21 رنز بنائے۔ مرزا احسن جمیل اور افنان احمد نے 41، 41 رنز دیکر 2-2 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔ فائنل پاکستان کرکٹ کلب اور عالمگیر جیمخانہ کے درمیان کھیلا جائے

گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول اکرم شیخ میں 12 ربیع الاول کی مناسبت سے تقریب کا انعقاد

ہیڈ ٹیچر رب نواز موندرہ، محمد حنیف آچرہ اور سائی رحمت اللہ نے خصوصی خطاب کیا

حب (پ ر) گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول اکرم شیخ میں 12 ربیع الاول کی مناسبت سے ایک مختصر مگر پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا، نعت رسولِ مقبول ﷺ کا نذرانہ پیش کیا گیا، اس موقع پر ہیڈ ٹیچر رب نواز موندرہ، محمد حنیف آچرہ اور سائی رحمت اللہ نے خصوصی خطاب کرتے ہوئے طلبہ کو 12 ربیع الاول کی اہمیت، سیرتِ طیبہ ﷺ اور کی تعلیمات و اسوہ حسنہ کے بارے میں آگاہ کیا۔ تقریب کے دوسرے مرحلے میں کلسٹر کی جانب سے فراہم کردہ ریڈنگ، رائٹنگ اور دیگر تعلیمی سامان طلبہ و طالبات میں تقسیم کیا گیا۔ اس موقع پر PTSMC کے چیئرمین مولا بخش، عبدالواحد، محمد اسلم اور اللہ بخش نے بھی شرکت کی آخر میں سائی رحمت اللہ نے ملک و قوم، ادارے اور تمام طلبہ کی کامیابی و خوشحالی کے لیے خصوصی دعا کروائی

پیپلز پارٹی لسبیلہ کے ضلعی صدر کا دورہ بیلا اوتھل لاکھڑا میں مختلف جگہوں پر تعزیتیں کیں

وڈیرہ عبدالرحیم انگاریہ کے فرزند اور پوتے کی رحلت لیاری دبہ میں قادر بخش انگاریہ کے بیٹے کی وفات پر تعزیت و فاتحہ خوانی کی

بیلا (نمائندہ بولان) پیپلز پارٹی لسبیلہ کے ضلعی صدر کا دورہ بیلا اوتھل لاکھڑا میں مختلف جگہوں پر تعزیتیں کیں تفصیل کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی لسبیلا کے نومنتخب ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ نے گزشتہ روز موندرہ گوٹھ بیلا میں پی پی پی تحصیل بیلا کے سابق سینیئر نائب صدر کامریڈ عبدالمجید رونجھو کے والد کی وفات لیاری ناکھٹی میں ٹریفک حادثے میں شہید ہونے والے وڈیرہ عبدالرحیم انگاریہ کے فرزند اور پوتے کی رحلت لیاری دبہ میں قادر بخش انگاریہ کے بیٹے کی وفات پر تعزیت و فاتحہ خوانی کی معروف سیاسی سماجی شخصیت سید صالح شاہ وڈیرہ غلام مصطفیٰ جاموٹ راشد رونجھو و دیگر بھی ان کے ہمراہ تھے پی پی لسبیلا کے ضلعی صدر وڈیرہ شاہنواز حسن جاموٹ نے سوگوار خاندانوں سے اظہار ہمدردی و اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہم سوگواروں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

سوراب۔ اسٹنٹ کمشنر گدر عبدالجبار بگٹی ریڑھی بانوں کے بازار سے بیدخلی کے خلاف ان کے مسائل سن رہے ہیں

جلال پور کینال، سندھ کے وسائل پر قبضے اور نئے صوبوں کے خلاف عوامی تحریک کی ریلی۔

عوامی تحریک کی مرکزی کال پر جاری عوامی بیداری مہم کے سلسلے میں نوکاٹی موڑ پر ریلی نکالی گئی اور پمفلٹس تقسیم کیے گئے

بدین (نامہ نگار) سندھ کو ٹکڑے ٹکڑے کرنے، زمینوں اور معدنی وسائل پر قبضے، جلال پور کینال، ممکنہ 28 ویں آئینی ترمیم اور نئے صوبوں کی مبینہ سازش کے خلاف عوامی تحریک کی مرکزی کال پر جاری عوامی بیداری مہم کے سلسلے میں نوکاٹی موڑ پر ریلی نکالی گئی اور پمفلٹس تقسیم کیے گئے۔ عوامی تحریک ضلع بدین کے صدر مہران درس، سریش کمار بھیل، عمران پنہور، محبوب دل، اویس پنہور، انصار جمالی، لال جان اور دیگر کی قیادت میں ریلی نوکاٹی شہر کے شیدی موڑ سے شروع ہو کر شہر کی مرکزی سڑک سے جھڈو، ٹنڈو باگو روڈ تک نکالی گئی۔ مظاہرین نے سڑک پر دھرنا دے کر عوام کو بیدار ہونے اور اپنے حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد کرنے کا پیغام دیا۔ ریلی میں چھوٹے بچے بھی شریک تھے۔ ریلی کے دوران جلال پور کینال، سندھ کے پانی، زمینوں اور معدنی وسائل پر قبضے اور نئے صوبوں کے قیام کے خلاف شدید نعرے بازی کی گئی۔ اس موقع پر رہنماؤں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ وفاقی حکومت صوبوں کے معاملات میں مداخلت بند کرے۔ ان کا کہنا تھا کہ سندھ پاکستان کا خالق صوبہ ہے، اگر سندھ کو دیوار سے لگایا گیا تو ملک بھی ترقی اور استحکام کی راہ پر نہیں چل سکے گا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کی وحدت پر کسی بھی وار کو پاکستان پر وار تصور کرتے ہیں۔ سندھ ہزاروں سال سے سندھی قوم کا تاریخی اور ناقابل تقسیم وطن ہے، اس کی وحدت اور وسائل کے ساتھ کسی بھی قسم کی دست درازی برداشت نہیں کی جائے گی

سٹی ڈیرہ مراد جمالی کے مختلف گلی محلوں میں جامع مچھر مار اسپرے مہم کا آغاز

مہم کی نگرانی ڈسٹرکٹ ملیریا یونٹ کے انچارج نثار جمالی نے کی

نصیر آباد (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر نصیر آباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی کے خصوصی احکامات پر سٹی ڈیرہ مراد جمالی کے مختلف گلی محلوں میں جامع مچھر مار اسپرے مہم کا آغاز کیا گیا۔ مہم کی نگرانی ڈسٹرکٹ ملیریا یونٹ کے انچارج نثار جمالی نے کی۔ اسپرے ٹیم نے شہر کی شرقی اور غربی دونوں جانب گنجان آباد علاقوں، مختلف محلوں اور گلیوں سمیت نالیوں اور پانی کھڑا ہونے والے مقامات پر ٹارگٹڈ اسپرے کیا۔ ٹیم کی جانب سے معیاری مچھر مار دوا کا چھڑکاؤ کر کے مچھروں کی افزائش گاہوں کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات کیے گئے، تاکہ شہریوں کو ملیریا، ڈینگی اور دیگر موسمی بیماریوں سے محفوظ رکھا جا سکے۔ محکمہ صحت کے مطابق مچھر مار اسپرے مہم پورے سٹی ڈیرہ مراد جمالی میں مرحلہ وار جاری رہے گی اور گنجان آباد علاقوں سمیت مچھروں کی افزائش کے ممکنہ مقامات کو خصوصی طور پر فوکس کیا جائے گا۔ اس موقع پر ڈی ایچ او نصیر آباد ڈاکٹر ایاز احمد جمالی نے کہا کہ ہمارا مقصد عوام کو صحت مند اور مچھروں سے پاک ماحول فراہم کرنا ہے، جس کے لیے محکمہ صحت کی جانب سے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے گھروں اور اردگرد کے علاقوں میں صفائی کا خصوصی خیال رکھیں، پانی کھڑا نہ ہونے دیں اور اسپرے ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔

امان اللہ لاسی کی زیر صدارت کمیٹی ممبران کا اجلاس محسن لاج حب میں منعقد ہوا

غلام رسول لاسی، حاجی محمد رمضان شیخ، سائیں حاجی علی اکبر شیخ، عطا اللہ رونجھو اور محمد دین موندرہ شریک ہوئے

حب (نمائندہ بولان) چیئرمین پبلک ریلیشن کمیٹی سول سوسائٹی حب و لسبیلہ امان اللہ لاسی کی زیر صدارت کمیٹی ممبران کا اجلاس محسن لاج حب میں منعقد ہوا۔ جس میں ایڈووکیٹ عثمان لاسی، ڈاکٹر حبیب اللہ شیخ، بشیر احمد موندرہ، غلام رسول لاسی، حاجی محمد رمضان شیخ، سائیں حاجی علی اکبر شیخ، عطا اللہ رونجھو اور محمد دین موندرہ شریک ہوئے اجلاس میں حب کے مسائل پر غور و خوض کیا گیا اور لسبیلہ ڈویژن کے اعلیٰ حکام سے ملاقاتوں اور عوامی مسائل پر گفتگو کا شیڈول طے کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ حب میں بجلی کی طویل دورانیے کی لوڈشیڈنگ کے لیے سابق میئر بلدیہ حب رجب علی رند کے شانہ بشانہ سول سوسائٹی حب و لسبیلہ بھرپور حمایت کرے گی اور بھرپور افرادی قوت کے ساتھ شرکت کریں گے۔

عوامی استحصال ہوگا تو جمہوری تنقید بھی ہوگی، فیصل کریم

خیبر پختونخوا کو گندم کا جائز حصہ نہیں مل رہا اور صوبے کا تقریباً ہر ادارہ وسائل کی کمی کا شکار ہے

خیبر پختونخوا کے امن، ترقی اور عوام کے حقوق کے لیے تمام متعلقہ فریقوں کو مل کر کردار ادا کرنا ہوگا

...خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جرگہ میں پاکستان بارڈرز ٹریڈ کونسل کے چیئرمین سید جواد حسین کاظمی، آل فاٹا لیویز خاصہ دار فورس ایکشن کمیٹی کے چیئرمین سید جلال وزیر، معروف صنعتکار سابق ایم این اے حاجی بازگل آفریدی، آل فاٹا لیویز خاصہ دار فورس ایکشن کمیٹی کے نائب چیئرمین حبیب اللہ، سید طاہر عباس، چیمبر صدور: حاجی قدیر اللہ وزیر نارتھ وزیرستان چیمبر، حاجی امیر خان صدر ... قبائلی اضلاع کے خیبر پختونخوا میں انضمام کو نو سال مکمل ہو چکے ہیں، تاہم انضمام کے وقت کیے گئے وعدے تاحال مکمل طور پر پورے نہیں کیے گئے۔ قبائلی اضلاع کی ترقی کے لیے ملنے والے وسائل بھی مؤثر انداز میں استعمال نہیں ہو رہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف آئی ایم ایف سے قرض لینے کے لیے منت سماجت کی جاتی ہے، جبکہ دوسری جانب اوورسیز پاکستانیوں اور تاجروں کو کاروبار ... کرنے والوں پولیس اہلکاروں کو قومی ایوارڈز سے بھی محروم رکھا گیا۔ خیبر پختونخوا کو گندم کا جائز حصہ نہیں مل رہا اور صوبے کا تقریباً ہر ادارہ وسائل کی کمی کا شکار ہے۔ خیبر پختونخوا کے عوام کو ان کا حق اور روزگار کے مواقع فراہم کیے جانے چاہئیں۔ گورنر نے کہا کہ حکومت مخالف جماعت کی صوبے میں حکومت ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو ان کے حقوق سے محروم رکھا جائے۔

پیرو، قدیم اہرام کے قریب سے قدیم انسان کا ڈھانچہ دریافت

لیما (این این آئی) پیرو میں ماہرینِ آثارِ قدیمہ نے ایک قدیم اہرام کے قریب سے ایک بالغ انسان کا ڈھانچہ دریافت کیا ہے۔ محققین کے مطابق یہ شخص (جسے غالباً ایک مرد سمجھا جا رہا ہے) پیرو کے دارالحکومت لیما میں واقع مٹی کی اینٹوں سے بنے قدیم اہرام ہواکا پکلانا کے دامن میں بطور نذرانہ دفن کیا گیا تھا۔ ماہرین کے مطابق ممکنہ طور پر اسے ایک مذہبی رسم کے دوران قربان کیا گیا اور یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب ایک نہر کو بند کیا جا رہا تھا جو ایک مقدس تالاب سے منسلک تھی۔ کھدائی کی سربراہ ماہرِ آثارِ قدیمہ گلیڈیز پاز نے کہا کہ یہ دریافت ماہرین کو لیما تہذیب کی رسومات کو سمجھنے اور صدیوں پہلے ادا کی جانے والی مذہبی تقریبات کی از سرِ نو تشکیل میں مدد دے گی۔

ہر سال کی طرح اس سال بھی عشقِ رسول ﷺ سے سرشار بابرکت محفل کا انعقاد

محفل سے قبل المرکز غوثیہ طاہریہ کی جانب سے شاندار ریلی کا انعقاد کیا گیا

ٹھٹھہ (رپورٹ واحد شورو) عظیم الشان روحانی و وجدانی محفلِ میلاد النبی ﷺ، ہر سال کی طرح اس سال بھی عشقِ رسول ﷺ سے سرشار بابرکت محفل کا انعقاد جماعت اصلاح المسلمین اور روحانی طلبہ جماعت کی جانب سے جمعون بروہی گاں کے معزز مکینوں کے تعاون سے المرکز غوثیہ طاہریہ، جمعون بروہی گاں، مکلی میں ہر سال کی طرح اس سال بھی عظیم الشان روحانی و وجدانی محفلِ میلاد النبی ﷺ کا انعقاد انتہائی عقیدت و احترام سے کیا گیا محفل سے قبل المرکز غوثیہ طاہریہ کی جانب سے شاندار ریلی کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت خلیفہ حضور علی جوکھیو طاہری نے فرمائی۔ ریلی س علی طاہری، عالم طاہری، ساجد علی جوکھیو طاہری اور حافظ مولوی فتح الرحمٰن کی زیرِ نگرانی نکالی گئی۔ ریلی میں علما، مشائخ، نوجوانوں اور عاشقانِ رسول ﷺ نے بھرپور شرکت کی۔ ریلی مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی واپس المرکز غوثیہ طاہریہ پہنچی، جہاں آخر میں لنگر عام تقسیم کیا گیا۔ ریلی کے اختتام پر حافظ فیض الرحمٰن نے خصوصی دعا کروائی محفلِ پاک میں خصوصی نعت خواں سراج حافظ طاہری نے جامشورو سے تشریف لا کر بارگاہِ رسالت ﷺ میں عقیدت کے پھول نچھاور کیے، جبکہ قاری عاجز علی لشاری طاہری نے بھی جامشورو سے خصوصی شرکت فرمائی۔ خصوصی خطاب قاری علامہ مولانا عاجز رحمت اللہ طاہری نے فرمایا اور سیرتِ مصطفیٰ ﷺ، محبت رسول ﷺ اور دینی تعلیمات پر ایمان افروز بیان کیا پریس سیکریٹری RTJ ضلع ٹھٹھہ، ساجد علی جوکھیو طاہری نے صحافیوں کو بتایا

ژوب، ڈسٹرکٹ الیکشن کمشنر صفدر نصیر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کمالیہ، پٹرولنگ پولیس کی کارروائی، 21 لیٹر شراب برآمد، ملزم گرفتار

کمالیہ (این این آئی) پٹرولنگ پولیس نے شراب فروشی کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل سوار کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 21 لیٹر شراب برآمد کر لی۔ پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی۔ پولیس رپورٹ کے مطابق پٹرولنگ پولیس پوسٹ چک نمبر 270 کے اہلکار دورانِ گشت موجود تھے کہ ایک موٹر سائیکل سوار مشکوک حالت میں نظر آیا۔

فشر فوک فورم کے عہدیداران کی فشریز کے اسسٹنٹ ڈائریکٹر سے ملاقات

میٹھے پانی کے ماہی گیروں کے مسائل کے حل کے لیے فشریز حکام سے مطالبات

بدین (نامہ نگار) پاکستان فشر فوک فورم ضلع بدین کے رہنماؤں کے وفد نے ضلع رہنما حاجی نبی بخش ملاح، عبدالرحیم چنڈانی، محمد عمر ملاح، محمد مٹھن ملاح، محمد قاسم بچو اور دیگر رہنماؤں نے شرکت کی۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر فشریز راجش کمبار سے اہم ملاقات کی، جس میں ضلع بدین کے میٹھے پانی کے ماہی گیروں کو درپیش مسائل، روزگار اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران پاکستان فشر فوک فورم کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ میٹھے پانی کے ماہی گیروں کے لائسنس فوری طور پر کمپیوٹرائزڈ کیے جائیں اور انہیں سبسڈی فراہم کی جائے، تاکہ ماہی گیر اپنے روزگار کو بہتر انداز میں جاری رکھ سکیں۔ رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ نریڑی جھیل کی چھڈانیاں بحال کی جائیں، تاکہ مقامی ماہی گیروں کو دوبارہ روزگار کے مواقع میسر آ سکیں۔ اس کے علاوہ نریڑی جھیل پر ماہی گیروں اور مقامی آبادی کے لیے فلٹر پلانٹ نصب کر کے صاف پینے کے پانی کی سہولت فراہم کرنے کا بھی مطالبہ کیا گیا۔

کوئٹہ، بلوچستان ایگریکلچر، انجینئرنگ اور واٹر مینجمنٹ آفیسران ایسوسی ایشن کے اجلاس کے بعد عبدالحمید بلوچ و دیگر کا گروپ فوٹو

زراعت کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر کے زرعی پیداوار میں اضافہ حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے، طفیل انجم

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاونِ خصوصی برائے بہبودِ آبادی طفیل انجم نے کہا ہے کہ زراعت کے شعبے کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کر کے زرعی پیداوار میں اضافہ اور زمینداروں کی فلاح و بہبود یقینی بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔ موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے زرعی شعبے کی ترقی کے لیے جامع اور مؤثر منصوبہ بندی کی ضرورت ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز پشاور میں ضلع مردان کے حلقہ پی کے 55 میں محکمہ زراعت کے مختلف شعبوں، بشمول ایکسٹینشن، ریسرچ ان فارم، واٹر مینجمنٹ، سوائل کنزرویشن اور زرعی انجینئرنگ سے متعلق اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔

بین المذاہب ہم آہنگی اور سماجی یکجہتی کو مزید مضبوط بنایا جائے گا، یاسر بھٹی

تمام مذہبی عبادت گاہوں کے اطراف موجود تجاوزات کا خاتمہ یقینی بنایا جائے

بدین (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر بدین یاسر بھٹی نے کہا ہے کہ ضلع بدین صدیوں سے مختلف مذاہب، عقائد اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کی باہمی محبت، رواداری اور بھائی چارے کی روایات کا امین رہا ہے، جنہیں ہر صورت برقرار رکھتے ہوئے امن، بین المذاہب ہم آہنگی اور سماجی یکجہتی کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کمیٹی روم بدین میں منعقدہ بین المذاہب ہم آہنگی کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ معاشرے میں امن اور برداشت کو فروغ دینے کے لیے مذہبی رہنماؤں، انتظامیہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں، سماجی تنظیموں اور سول سوسائٹی کو مشترکہ ذمہ داری کے تحت اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ہر شہری کو اپنے مذہب اور عقیدے کے مطابق آزادانہ زندگی گزارنے کا حق حاصل ہے اور انتظامیہ اس حق کے تحفظ کے لیے ہر ممکن اقدامات کرے گی انہوں نے متعلقہ میونسپل اور ٹاؤن کمیٹیوں کے افسران کو ہدایت کی کہ تمام مذہبی عبادت گاہوں کے اطراف موجود تجاوزات کا خاتمہ یقینی بنایا جائے، جبکہ اسسٹنٹ کمشنرز اور مختیارکاروں کو مذہبی عبادت گاہوں کے دورے کرنے، منتظمین سے ملاقاتیں کرنے اور ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایات بھی جاری کیں ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ بین المذاہب ہم آہنگی صرف انتظامیہ کی ذمہ داری نہیں بلکہ پورے معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے، اس لیے تعلیمی اداروں اور سماجی تنظیموں کے ذریعے امن، برداشت اور ایک دوسرے کے احترام کے حوالے سے آگاہی کو فروغ دینے کی ضرورت ہے اس موقع پر جمعیت علما اسلام بدین کے ضلعی صدر مولانا عبدالواحد فاروقی نے بدین کی پرامن اور رواداری شناخت کو برقرار رکھنے کے لیے مشترکہ کوششوں کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ نفرت، فرقہ واریت اور تفرقے کو فروغ دینے والے کسی بھی عمل کو برداشت نہیں کیا جائے گا اور مختلف برادریوں کے درمیان محبت، احترام اور بھائی چارے کے ماحول کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم اقلیتی برادری کے ہر دکھ سکھ میں ہمیشہ ان کے ساتھ ہیں، ان کی خوشی ہماری خوشی اور ان کا دکھ ہمارا دکھ ہے اس موقع پر اقلیتی رہنما جیوت رام نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی جانب سے اقلیتی برادری کے ساتھ ہمیشہ قانون کے مطابق تعاون کیا جاتا رہا ہے، جس پر اقلیتی برادری مطمئن ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری خوشی اور غمی یہاں کے لوگوں کے ساتھ جڑی ہوئی ہے، پھر وہ کسی بھی مذہب سے تعلق رکھتے ہوں،

پشاور، خصوصی تعلیم سے وابستہ طلبہ کے لیے لیپ ٹاپس کی تقسیم، پیش رفت کا جائزہ

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے مشیر برائے زکوٰۃ و عشر، سماجی بہبود، خصوصی تعلیم و ویمن ایمپاورمنٹ ملک لیاقت علی خان کی زیر صدارت تعلیم سے وابستہ خصوصی طلبہ میں لیپ ٹاپس کی تقسیم کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں سیکرٹری سماجی بہبود خیبر پختونخوا شریف حسین سمیت محکمہ سماجی بہبود کے متعلقہ افسران نے شرکت کی۔



حب۔ چیئرمین پبلک ریلیشن کمیٹی سول سوسائٹی حب و لسبیلہ امان اللہ لاسی کی صدارت کمیٹی ممبران کا اجلاس ہو رہا ہے اس ایڈووکیٹ عثمان لاسی، ڈاکٹر حبیب اللہ شیخ، بشیر احمد موندرہ، غلام رسول لاسی، حاجی محمد رمضان شیخ، سائیں حاجی علی اکبر شیخ، عطا اللہ رونجھو اور محمد دین موندرہ شریک ہیں

چکوال، کلر کہار موٹروے ریسٹ ایریا میں گاڑی سے نوجوان کی لاش برآمد

نوجوان کی شناخت عثمان احمد کے نام سے ہوئی، موت کی حتمی وجہ پوسٹ مارٹم رپورٹ کے بعد سامنے آئے گی

چکوال (این این آئی) کلر کہار موٹروے ریسٹ ایریا میں پیر کی صبح ایک گاڑی سے تقریباً 30 سے 35 سالہ شخص کی لاش برآمد ہوئی، ابتدائی اطلاعات کے مطابق شبہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ نوجوان نے مبینہ طور پر خود کو گولی مار کر زندگی کا خاتمہ کیا۔ تفصیلات کے مطابق متوفی کی شناخت عثمان احمد ولد وقار احمد، سکنہ پشاور کے نام سے ہوئی ہے۔ متوفی نے گاڑی کے دروازے اندر سے لاک کر رکھے تھے، جنہیں ریسکیو اور تحقیقاتی ٹیموں نے کافی تگ و دو کے بعد کھولا اور لاش کو گاڑی سے باہر نکالا۔ پولیس اور دیگر تحقیقاتی ٹیموں نے موقع سے شواہد اکٹھے کر کے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ لاش کو ضروری کارروائی کے بعد پوسٹ مارٹم کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال چکوال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق متوفی کی موت کی حتمی وجہ پوسٹ مارٹم رپورٹ اور تحقیقات مکمل ہونے کے بعد ہی سامنے آئے گی۔ جنہیں ریسکیو اور تحقیقاتی ٹیموں نے کافی تگ و دو کے بعد کھولا اور لاش کو گاڑی سے باہر نکالا۔ پولیس اور دیگر تحقیقاتی ٹیموں نے موقع سے شواہد اکٹھے کر کے واقعے کی تحقیقات شروع کر دی ہیں۔ لاش کو ضروری کارروائی کے بعد پوسٹ مارٹم کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹرز ہسپتال چکوال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق متوفی کی موت کی حتمی وجہ پوسٹ مارٹم رپورٹ اور تحقیقات مکمل ہونے کے بعد ہی سامنے آئے گی۔

اراکین پنجاب اسمبلی انجمن ہائے قرضہ، انجمن ہائے قرضہ جات کے فرق سے لاعلم

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کے اراکین انجمن ہائے قرضہ اور انجمن ہائے قرضہ جات کے فرق سے لاعلم رہے، صوبائی وزیر بلدیات بھی اپنے محکمے کے جواب سے لاعلم نکلے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی نے اجلاس کے دوران ارکان اسمبلی سے انجمن ہائے قرضہ اور انجمن ہائے قرضہ جات کا مطلب پوچھ لیا، حکومتی و اپوزیشن ارکان میں سے کوئی بھی انجمن ہائے قرضہ اور انجمن ہائے قرضہ جات کا فرق نہ بتا سکا، وزیر بلدیات ذیشان رفیق بھی اپنے محکمہ کے جواب سے لاعلم نکلے۔ اجلاس میں جواب کو مس پرنٹنگ قرار دے کر آئندہ معلومات حاصل کرنے کی یقین دہانی کروادی۔

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
Mobile: 0336-6113760
فون و فیکس 0853-310203
قیمت 20 روپے
بدھ 26 اگست 2026، بمطابق 12 ربیع الاول 1448ھ

مسئلہ کشمیر پاکستان اور بھارت میں ایٹمی جنگ کا سبب بن سکتا ہے، برطانوی پارلیمنٹ

بھارت کی مسلسل اشتعال انگیزی اور خطے میں طاقت کے ذریعے غلبہ پانے کی کوششیں جنوبی ایشیا کو ایک خطرناک نیوکلیئر محاذ کی طرف لے جا رہی ہیں

بھارت کا طرزعمل علاقائی امن کیلئے شدید خطرہ، پاکستان نے انتہائی ذمہ داری، ضبط اور عالمی قوانین کے دائرے میں اپنا دفاع کیا، رپورٹ

لندن (این این آئی) برطانوی پارلیمنٹ کی رپورٹ میں پاکستان اور بھارت میں کشیدگی کی وجہ مقبوضہ کشمیر کو قرار دیتے ہوئے کہا گیا ہے کہ یہ مسئلہ ایٹمی جنگ کا سبب بن سکتا ہے۔ پاک بھارت کشیدگی پر برطانوی پارلیمنٹ کی 42 صفحات پر مشتمل تحقیقی رپورٹ جاری کردی گئی، رپورٹ میں کشیدگی کی وجہ مقبوضہ کشمیر کو قرار دیا گیا اور کہا گیا کہ مسئلہ کشمیر دو ممالک کے درمیان ایٹمی جنگ کا سبب بن سکتا ہے۔ رپورٹ میں پہلگام میں دہشت گردی سے سیز فائر تک کی تفصیلات بتائی گئی ہیں جبکہ رپورٹ میں بھارت اور پاکستان کے ردعمل کا موازنہ بھی پیش کیا گیا ہے۔ برطانوی پارلیمنٹ کی رپورٹ کے مطابق بھارت مسئلہ کشمیر کے دوطرفہ حل پر بضد ہے اور پاکستان بین الاقوامی مداخلت سے مسئلہ کشمیر کے حل کا خواہشمند ہے۔ تحقیقی رپورٹ کے مطابق بھارت نے ایک بار پھر مقبوضہ کشمیر میں ہونے والے ایک مشکوک واقعہ کو بنیاد بنا کر پاکستان کے خلاف فوجی کارروائیوں کا آغاز کیا، بھارت کا طرزعمل علاقائی امن کیلئے شدید خطرہ ہے۔ پاکستان نے انتہائی ذمہ داری، ضبط اور بین الاقوامی قوانین کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنا دفاع کیا جبکہ بھارت کی جانب سے طاقت، دھمکی اور الزام تراشی کا سہارا لیا گیا۔ بھارت نے اقوام متحدہ کی قراردادوں کو مسلسل نظرانداز کرتے ہوئے مسئلہ کشمیر کو آج تک حل نہیں ہونے دیا، بھارت نے امریکہ، برطانیہ اور دیگر عالمی طاقتوں کی ثالثی کی کوششوں کو بھی پس پشت ڈالا اور یکطرفہ طور پر حملے کر کے خطے کو ایک سنگین جنگ کے دہانے پر پہنچا دیا۔ رپورٹ میں یہ بھی لکھا گیا ہے کہ عالمی برادری، بالخصوص امریکہ اور برطانیہ نے اس بحران میں سستی کا مظاہرہ کیا، اگرچہ امریکہ نے جنگ بندی کے لیے پس پردہ کوششیں کیں مگر بھارت نے اس میں بھی اپنی ہٹ دھرمی دکھائی اور کسی بین الاقوامی کردار کو تسلیم کرنے سے انکار کر دیا۔ ماہرین نے خبردار کیا کہ بھارت کی مسلسل اشتعال انگیزی اور خطے میں طاقت کے ذریعے غلبہ پانے کی کوششیں جنوبی ایشیا کو ایک خطرناک نیوکلیئر محاذ کی طرف لے جا رہی ہیں، اگر عالمی برادری نے بھارتی جارحیت کا سختی سے نوٹس نہ لیا تو آئندہ ایسی مہم جوئیاں بڑے پیمانے پر تباہی کا پیش خیمہ بن سکتی ہیں۔ برطانوی مبصرین اس بات پر متفق ہیں کہ کشمیر کے معاملے پر یہ تنازع ماضی کے تنازعات کی نسبت کہیں زیادہ تیزی سے شدت اختیار کر گیا، جو کہ تشویشناک امر ہے کیوں کہ بھارت اور پاکستان دونوں ایٹمی طاقتیں ہیں۔ واضح رہے بھارت نے سات اور آٹھ مئی کی درمیانی شب پھر دراندازی کی کوشش کی اور اسے آپریشن سندور کا نام دیا گیا، جس میں شہری آبادی کو نشانہ بنایا گیا اور 31 شہری شہید اور سو سے زائد زخمی ہوئے تھے۔ بعد ازاں پاک فوج کی جانب سے آپریشن بنیان المرصوص کا آغاز کیا گیا جس میں پاک فضائیہ نے بھارت کے جدید ترین ایس فور ہنڈرڈ ایئر ڈیفنس سسٹم کو تباہ کر کے بھارتی فضائی ڈھال پاش پاش کردی، ناگروٹا میں براہموس میزائل کا ذخیرہ بھسم کردیا اور پاکستان کے عوام پر حملہ کرنے والی فوجی ہوائی اڈوں کو ملیامیٹ کردیا گیا تھا۔

نشتر کالونی میں شوہر نے گھریلو جھگڑے پر بیوی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا

مقتولہ کی شناخت 22 سالہ اقراء کے نام سے ہوئی ہے، لاش مردہ خانے منتقل

لاہور (این این آئی) نشتر کالونی کے علاقہ کیر گاؤں میں شوہر نے گھریلو جھگڑے پر بیوی کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق مقتولہ کی شناخت 22 سالہ اقراء کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس اور فرانزک ٹیم نے شواہد اکٹھے کر لئے جس کے بعد لاش کو مردہ خانے منتقل کر دیا گیا۔ سبزہ زار میں 30 سالہ نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ہے، 30 سالہ شخص نشے کا عادی تھا اور نشے کی زیادتی کے باعث جاں بحق ہوا

صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد کھوسہ سے صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی ملاقات کر رہے ہیں۔

غزہ میں جنگ بندی کا مطالبہ

فلسطینیوں کی جبری منتقلی کی مخالفت کرتے ہیں سعودی عرب

اسرائیل کی جانب سے غزہ میں ہونے والے جرائم اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی کھلی توہین ہیں

سعودی عرب ایسی کسی بھی تجویز یا حل کو مسترد کرتا ہے جو فلسطینی قوم کی خودارادیت اور آزادی کے جائز مطالبات پر پورا نہ اترتا ہو ان مطالبات میں ایک خودمختار اور آزاد فلسطینی ریاست کے قیام بھی شامل ہے

بغداد (مانیٹرنگ ڈیسک) سعودی عرب نے غزہ میں فوری جنگ بندی کا مطالبہ کیا ہے اور فلسطینی عوام کی جبری بے دخلی کی کوشش کو یکسر مسترد کر دیا ہے۔ الجزیرہ کے مطابق عرب لیگ کے بغداد میں ہونے والے اہم اجلاس کے دوران سعودی عرب کے وزیرِ مملکت برائے امورِ خارجہ عادل الجبیر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسرائیل کی جانب سے غزہ میں ہونے والے جرائم اور انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں بین الاقوامی قوانین اور اقوام متحدہ کے چارٹر کی کھلی توہین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم سب کو مل کر فلسطینی عوام کی مشکلات کم کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ عادل الجبیر نے فلسطینیوں کی جبری منتقلی کے خلاف سعودی عرب کا مؤقف دہرایا اور غزہ میں جنگ بندی کا مطالبہ بھی کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ سعودی عرب ایسی کسی بھی تجویز یا حل کو مسترد کرتا ہے جو فلسطینی قوم کی خودارادیت اور آزادی کے جائز مطالبات پر پورا نہ اترتا ہو ان مطالبات میں ایک خودمختار اور آزاد فلسطینی ریاست کے قیام بھی شامل ہے جو 1967 کی سرحدوں کے مطابق ہو اور مشرقی یروشلم اس کا دارالحکومت ہو۔ خیال رہے کہ یہ بیان ایک ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب گزشتہ روز امریکی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ غزہ سے 10 لاکھ فلسطینیوں کو مستقل طور پر لیبیا منتقل کرنے کے منصوبے پر کام کر رہی ہے۔ ایک سابق امریکی عہدے دار کا کہنا ہے کہ امریکا نے لیبیا کی قیادت کے ساتھ اس منصوبے کے حوالے سے تبادلہ خیال بھی کیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق فلسطینیوں کی آبادکاری کے بدلے ٹرمپ انتظامیہ لیبیا کے منجمد اربوں ڈالر بحال کرے گی۔

عمران خان سے ملاقات پر پی ٹی آئی کی اعلیٰ قیادت میں اختلافات سنگین ہو گئے

سینیٹر علی ظفر کا سلمان اکرم راجہ کے الزامات پر اظہار افسوس

عمران خان سے ملاقات کا ہر ایک کا حق ہے، ہم نے کبھی ایسا نہیں کیا کہ یہ اڈیالہ جیل جائے گا اور یہ نہیں جائے گا، سید علی ظفر کی میڈیا سے گفتگو

سب کی رضامندی سے طے ہوا تھا کہ وکلا کے 6 نام میں دوں گا، جو نام میں نے دیے اُن کو نہیں جانے دیا گیا، صرف منظور نظر لوگوں کو ملنے دیا گیا، سلمان اکرم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین عمران خان سے ملاقات کے معاملے پر پارٹی میں اختلافات سنگین ہوگئے جبکہ سینیٹر علی ظفر نے سلمان اکرم راجا کے الزامات پر افسوس کا اظہار کیا۔ ہائی کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کے دوران پی ٹی آئی سینیٹر بیرسٹر علی ظفر نے کہا کہ سلمان اکرم راجا نے بانی پی ٹی آئی سے ملاقات سے متعلق تبصرے نے نیا تنازع کھڑا کر دیا۔ بیرسٹر علی ظفر نے سلمان اکرم راجا کے الزامات پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے آگاہ کیا کہ بانی پی ٹی آئی نے ملاقات کیلئے اجازت کا معاملہ سپریم کورٹ لے جانے کی ہدایت کردی۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان کی ایسی عادت نہیں کہ وہ کسی سے ملنے سے انکار کریں، بانی کے بہت سے وکلا ملنے جاتے ہیں بعض اوقات لسٹ میں نام نہیں ہوتا، بعض دفعہ نام پکارا جاتا ہے انٹری ہو جاتی ہے۔ سینیٹر علی ظفر نے کہا کہ عمران خان سے ملاقات کا ہر ایک کا حق ہے، ہم نے کبھی ایسا نہیں کیا کہ یہ اڈیالہ جیل جائے گا اور یہ نہیں جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سابق وزیر اعظم نے ملکی مفاد میں کسی سے بھی بات چیت پر آمادگی کا اظہار کیا، عمران خان نے کہا کہ قومی مفاد میں اگر کوئی بات کرنا چاہتا ہے تو تیار ہوں۔ اس سے قبل، سلمان اکرم راجا نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد ہائی کورٹ کے فل بینچ کے فیصلے کی خلاف ورزی کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سب کی رضامندی سے طے ہوا تھا کہ وکلا کے 6 نام میں دوں گا، ایک روز قبل 6 وکلا کے جو نام میں نے دیے اُن کو نہیں جانے دیا گیا، صرف منظور نظر لوگوں کو ملنے دیا گیا پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل نے کہا کہ عمران خان نے کسی کو نہیں بلایا تھا، فیملی سے بات ہوئی ہے وہ خیریت سے ہیں، آئندہ جس شخص کا نام فہرست میں نہ ہو وہ ملاقات نہ کرے۔

ڈیرہ مراد جمالی میں ورلڈ ہائپر ٹینشن ڈے پر آگاہی ریلی و سیمینار کا انعقاد

ہائی بلڈ پریشر سے بچاؤ نوجوانوں کی سب سے اہم ضرورت ہے، ڈاکٹر محمد اسماعیل جتوئی

ڈیرہ مراد جمالی (یواین اے) دنیا بھر کی طرح ڈیرہ مراد جمالی میں بھی 17 مئی کو ورلڈ ہائپر ٹینشن ڈے (17May World Hypertension Day) کے نسبت سے نہایت جذبے اور شعور کی بیداری کے ساتھ منایا گیا، اس موقع پر محکمہ صحت کے زیراہتمام ایک آگاہی ریلی اور سیمینار اور ریلی کا انعقاد کیا گیا، ریلی سول ہسپتال سے شروع ہو کر شہر کے مختلف راستوں سے گزرتی ہوئی واپس ہسپتال پر اختتام پذیر ہوئی، جس میں محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام، ڈاکٹرز، نرسز، پیرامیڈیکل اسٹاف، سول سوسائٹی، طلبہ اور عام شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی، شرکا نے پلے کارڈز اور بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر بلڈ پریشر کی علامات، احتیاطی تدابیر اور علاج سے متعلق پیغامات درج تھے، بعد ازاں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد اسماعیل جتک نے کہا کہ ہائپر ٹینشن یعنی بلند فشارِ خون ایک خاموش لیکن مہلک بیماری ہے جو وقت کے ساتھ ساتھ انسان کے جسمانی نظام کو نقصان پہنچاتی ہے، خاص طور پر دل، دماغ، گردے اور آنکھیں اس کے شدید اثرات کا شکار بنتے ہیں، بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں بیشتر افراد لاعلمی، غفلت یا مصروف زندگی کے باعث اپنا بلڈ پریشر چیک نہیں کرواتے جس کے نتائج مہلک ہو سکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ "ہماری ذمہ داری ہے

مریم نواز کا اچانک سروسز ہسپتال کا دورہ، انتظامات تسلی بخش قرار

مریضوں کو دستیاب سہولتوں کی فراہمی کا جائزہ، وارڈ میں مریضوں کے علاج کا مشاہدہ،، ادویات کی دستیابی کے بارے میں دریافت کیا

میو اور جناح ہسپتال میں فوری ایکشن سے مریضوں کو ریلیف ملنا شروع ہوا اور ہسپتالوں کے حالات میں بہتری آگئی، مریم نواز

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آفس سے واپسی پر اچانک سروسز ہسپتال کا دورہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سروسز ہسپتال کے ایمرجنسی وارڈ کا تفصیلی معائنہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مریضوں کو دستیاب سہولتوں کی فراہمی کا جائزہ لیا اور وارڈ میں مریضوں کے علاج کا مشاہدہ کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ایمرجنسی وارڈ میں مریضوں اور تیمارداروں سے ادویات کی دستیابی کے بارے میں دریافت کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے سروسز ہسپتال کے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ایمرجنسی میں زیرعلاج مریضوں سے بات چیت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ننھے مریض سے ہلکی پھلکی گفتگو کی، خواتین سے مصافحہ کیا اور حال چال بھی دریافت کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جناح اور میو ہسپتال میں ایکشن لینے سے ہسپتالوں کے حالات میں بہت بہتری آئی۔ جناح ہسپتال میں ادویات ڈبوں میں بند پڑی تھیں لیکن مریضوں کو نہیں مل رہی تھیں، فوری ایکشن کی وجہ سے مریضوں کو ریلیف ملا۔ سروسز ہسپتال سے خوش ہو کر جا رہی ہوں، کسی نے نہیں کہا کہ ادویات باہر سے لانی پڑی، مریضوں کو انتظار بھی نہیں کرنا پڑتا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہسپتالوں میں اناؤنسمنٹ ہو رہی ہیں حکومت مفت میڈیسن دے رہی ہے، اگر آپ سے کوئی آپ سے پیسے لے تو آپ نے نہیں دینے۔ مریم نواز ریف نے کہا کہ عوام کے لیے ہسپتالوں کو چیک کرنا وزیراعلیٰ کی ذمہ داری ہے۔ وزیراعلیٰ کام نہیں کرے گا تو نیچے والے لوگ کیسے کام کریں گے۔ فیلڈ میں جا کر حالات کا جائزہ لینا وزیراعلیٰ کا کام ہے، آفس میں کرسی پر نہیں بیٹھ سکتی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ وزیراعلیٰ کا کام ٹانگ پر ٹانگ رکھ کر بیٹھے رہنا نہیں

کراچی، فیریئر ہال میں ایک شخص غبارے فروخت کر رہا ہے

غزہ کو بچانے کے لیے مدد دینے کی مکمل صلاحیت رکھتے ہیں: اقوام متحدہ

غزہ (اے ایف پی) اقوام متحدہ کے انسانی امور کے نائب سیکریٹری جنرل اور ہنگامی امداد کے کوآرڈینیٹر "ٹوم فلیچر" نے کہا ہے کہ اقوام متحدہ اور اس کے انسانی شراکت داروں کے پاس وہ تمام مہارت، عزم اور اخلاقی بصیرت موجود ہے، جو غزہ کے ہر کونے میں زندگی بچانے والی امداد پہنچانے کے لیے درکار ہے۔ ٹوم فلیچر نے ہفتے کے روز جاری ایک بیان میں اُن حلقوں کو مخاطب کرتے ہوئے جو امداد کی تقسیم کے متبادل طریقے تجویز کر رہے ہیں دو ٹوک الفاظ میں کہا کہ "آیئے وقت ضائع نہ کریں۔ ہمارے پاس پہلے سے ایک مؤثر منصوبہ موجود ہے

منشیات ترک کرنے اور بحالی کے منصوبے وضع کرنے کا اعلان

نوجوانوں کو منشیات سے پاک کرنا ہر فرد کا اجتماعی فرض ہے، میر علی احمد ابا بکی

کوئٹہ (یواین اے) بلوچستان ریہیبلیٹیشن سینٹرز فورم کے صدر میر علی احمد ابا بکی پرائیویٹ ڈرگ ٹریٹمنٹ سینٹرز کے نمائندوں کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ آج کی اس پریس کانفرنس کا مقصد آپ سب کے سامنے نہ صرف موجودہ صورتحال کو رکھنا ہے بلکہ ان اقدامات سے بھی آگاہ کرنا ہے جو حکومت بلوچستان، بالخصوص وزیراعلیٰ بلوچستان جناب میر سرفراز بگٹی کے وژن کے تحت اٹھا رہی ہے تاکہ بلوچستان کو ایک منشیات سے پاک، صحت مند اور خوشحال معاشرہ بنایا جا سکے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان جناب میر سرفراز بگٹی نے جب سے حکومت کی باگ ڈور سنبھالی ہے، انہوں نے سب سے زیادہ توجہ نوجوان نسل کی اصلاح، منشیات کے خاتمے اور منشیات کے عادی افراد کی بحالی پر مرکوز کی ہے۔ یہ ایک نہایت اہم اور قابل تحسین وژن ہے کیونکہ منشیات نہ صرف ایک فرد کو تباہ کرتی ہے بلکہ پورے خاندان، برادری اور معاشرے کو زوال کی طرف لے جاتی ہے۔ یہ بات سب جانتے ہیں کہ منشیات کا استعمال معاشرے میں بگاڑ، جرائم اور نفسیاتی بیماریوں کا سبب بنتا ہے۔ ایک نوجوان جو کل کا معمار ہو سکتا ہے، جب نشے کی لعنت میں مبتلا ہوتا ہے تو وہ اپنی زندگی، تعلیم، عزت، خاندان اور مستقبل سب کچھ گنوا دیتا ہے۔ ہم حکومت بلوچستان، سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، اور دیگر اداروں کے ساتھ مل کر یہ عظیم مشن لے کر چل رہے ہیں کہ بلوچستان کو "ڈرگ فری" بنایا جائے۔

جامعہ بلوچستان شدید مالی بحران کا شکار اساتذہ اور ملازمین تنخواہوں و پنشن سے محروم ہیں

یوٹیلٹی الاؤنس کی غیر قانونی بندش ناقابل قبول ہے، پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ

کوئٹہ (یو این اے) اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کے کابینہ کا اجلاس زیر صدارت پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بڑیچ گزشتہ روز منعقد ہوا اجلاس میں نائب صدر ڈاکٹر شبیر احمد شاہوانی، جنرل سیکرٹری فرید خان اچکزئی، جوائنٹ سیکرٹری میڈم زہرا ملغانی، پریس سیکرٹری رحمت اللہ اچکزئی، فنانس سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر صاحبزادہ باز محمد کاکڑ اور ایگزیکٹیو ممبران ارباب رضا کاسی، میڈم فرحانہ عمر مگسی، ڈاکٹر محب اللہ کاکڑ، ڈاکٹر گل محمد اور مسعود مندوخیل نے شرکت کی۔ اجلاس میں جامعہ بلوچستان کو درپیش مالی بحران پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ جامعہ بلوچستان کے اساتذہ کرام اور ملازمین کو اپنی ماہانہ تنخواہوں اور پنشنز سے مسلسل محروم رکھے گیا ہے اور ہر مہینے کی تنخواہ اور پینشنز کئی کئی ہفتوں کے بعد نامکمل دی جاتی ہے اجلاس میں یونیورسٹی کے انتظامیہ کی جانب سے جامعہ کے پالیسی ساز اداروں سے منظور شدہ یوٹیلٹی الائنس اور 5 فیصد کٹوتی کو غیرقانونی طور پر صوبائی آفسر شاہی کی ایما پر ختم کیا جو سراسر ایک ملازمین دشمن اقدام ہے جبکہ سول و گورنر سیکرٹریٹ سمیت دیگر تمام سرکاری اداروں کے آفیسران و ملازمین خود یوٹیلٹی، ایگزیکٹو اور دیگر کئی الاونسز سمیت ہاوس ریکوزیشن لے رہے ہیں لیکن جامعہ بلوچستان کے اساتذہ کرام اور ملازمین کو ان منظور شدہ الاونسز سے سے غیر قانونی طور پر محروم رکھا جا رہا ہے جو کسی صورت قابل قبول نہیں

یورپی ممالک کا مشترکہ طور پر قابض صہیونی ریاست سے غزہ کا محاصرہ ختم کرنے کا مطالبہ

برسلز (اے ایف پی) یورپ کے 7 ملکوں کے رہنماؤں نے ایک مشترکہ بیان جاری کیا ہے، جس میں انہوں نے غزہ کی تباہ کن انسانی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس بھیانک المیے پر خاموشی ممکن نہیں۔ بیان میں قابض اسرائیلی حکومت سے مطالبہ کیا گیا ہے کہ وہ فوری طور پر اپنی ظالمانہ پالیسیوں سے پیچھے ہٹے اور غزہ کا مکمل محاصرہ ختم کرے۔ یہ اہم بیان اسپین، ناروے، آئس لینڈ، آئرلینڈ، لکسمبرگ، مالٹا اور سلووینیا کے وزرائے اعظم کی جانب سے جاری کیا گیا ہے، جس میں صاف الفاظ میں کہا گیا کہ "ہم اس انسانی تباہی پر خاموش نہیں رہ سکتے

سبی، دوست محمد اسکاؤٹس گروپ نے نئی کابینہ تشکیل دے دی

نوجوانوں میں نظم و ضبط اور خدمتِ خلق کے جذبے پروان چڑھائیں گے، محمد امین مغل

سبی (یواین اے) دوست محمد اسکاؤٹس اوپن گروپ کی ہفتہ وار میٹنگ گروپ ہیڈ آفس میں منعقد ہوئی۔ اس اہم میٹنگ کی صدارت گروپ اسکاٹ لیڈر جناب محمد امین مغل نے کی، جس میں گروپ کے پرعزم اسکاؤٹس نے بھرپور شرکت کی۔ میٹنگ کا مرکزی مقصد گروپ کی نئی کابینہ کی تشکیل تھا، تاکہ اسکاؤٹنگ سرگرمیوں کو مزید منظم، مؤثر اور عوامی خدمت سے بھرپور بنایا جا سکے۔ اسکاؤٹنگ نہ صرف ایک تنظیم ہے بلکہ ایک عملی تربیت ہے جو نوجوانوں میں نظم و ضبط، قائدانہ صلاحیت، خدمتِ خلق، اور حب الوطنی کے جذبات کو فروغ دیتی ہے۔ دوست محمد اسکاؤٹس گروپ ہمیشہ سے انہی اصولوں پر کاربند رہتے ہوئے نوجوانوں کی کردار سازی اور کمیونٹی سروس میں پیش پیش رہا ہے۔ پرانے عہدیداران کی خدمات کو سراہتے ہوئے اور ان کی کارکردگی کی بنیاد پر نئی کابینہ کے عہدے درج ذیل ممبران کے سپرد کیے گئے، ڈپٹی لیڈر نثار احمد مگسی، روور اسکاٹ، لیڈر محمد نعیم بنگلزئی، بوائے اسکاٹ لیڈر سجاد علی ہانبھی، میڈیا کوآرڈینیٹر و فنانس سیکرٹری: شکیل احمد گشکوری، انفارمیشن سیکرٹری: طاہر علی بھٹو، آفس سیکرٹری: محمد نوید مجک، فرسٹ ایڈ انچارج: ابوبکر گشکوری، اسپورٹس سیکرٹری: دلاور خان جتوئی، تمام منتخب عہدے داران کو گروپ کے اسکاؤٹس نے مبارکباد دی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

مسلم لیگ (ن) کا پارٹی کو مزید منظم، مستحکم کرنے کیلئے عوامی رابطہ مہم شروع کرنے کا فیصلہ

میں عوامی رابطہ مہم کی قیادت کروں گا، اسکے بعد ساری صورتحال نواز شریف، مریم نواز کے سامنے رکھوں گا' رانا ثناء اللہ

غلط سیاسی کیسز بنانے کا سلسلہ بند ہونا چاہیے، سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر گفت و شنید سے معاملات حل کرنا چاہئیں' جاتی امراء میں میڈیا سے گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے پارٹی کو مزید منظم اور مستحکم کرنے کے لئے عوامی رابطہ مہم شروع کرنے کا فیصلہ کر لیا، وزیراعظم کے سیاسی مشیر و مسلم لیگ (ن) پنجاب کے صدر رانا ثناء اللہ خاں نے کہا کہ میں اس عوامی رابطہ مہم کی قیادت کروں گا اور اس کے بعد ساری صورتحال نواز شریف اور مریم نواز کے سامنے رکھوں گا۔ جاتی امراء کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ابھی صرف پنجاب کی حد تک عوامی رابطہ مہم شروع کر رہے ہیں، نواز شریف دوسرے صوبوں کا دورہ کریں گے تو ان صوبوں میں بھی جلسے کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ امریکی ڈاکٹروں نے بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے حوالے سے کوئی بات نہیں کی، امریکی ڈاکٹر شاید صرف حال چال پوچھنے ہی آئے تھے، سوشل میڈیا پر ہر کسی کو اپنی بات کہنے کا حق ہے، سوشل میڈیا پر پی ٹی آئی کے گالم بریگیڈ سے ہر کسی کو مسئلہ ہے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ وزیراعلیٰ کے پی کے علی امین گنڈاپور کو کل کے پروگرام میں اپنے صوبے کی نمائندگی کرنا چاہیے تھی مگر وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا اپنے صوبے کی نمائندگی نہیں کرتے تو وہ اپنے عہدے سے کوتاہی کر رہے ہیں۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ غلط سیاسی کیسز بنانے کا سلسلہ بند ہونا چاہیے، سیاسی جماعتوں کو مل بیٹھ کر گفت و شنید سے معاملات حل کرنا چاہئیں۔ یہ بات ہم 2018، 2019 اور 2020 میں بھی کرتے رہے اور آج بھی کر رہے ہیں کہ سیاسی جماعتوں کو مل کر بات کرنی چاہیے، سب کو علم ہے کہ کون مل کر بات کرنے کو تیار نہیں۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب سندھ کا ایک قطرہ پانی نہ چرا رہا ہے اور نہ پنجاب کسی کا پانی چرانے کا ارادہ ہے، پانی کے معاملے پر پیپلز پارٹی کے پاس احتجاج کے علاوہ کوئی راستہ نہیں کیونکہ سندھ کی نام نہاد قوم پرست جماعتوں نے ایسا ماحول بنا دیا ہے۔ ہم نے بلاول بھٹو سمیت پیپلز پارٹی کو

وزیراعلیٰ نے صوبے میں نئے سہولت بازار قائم کرنے کی منظوری دیدی

پنجاب میں نئے سہولت بازار قائم کرنے کی منظوری، مریم نواز کی بازاروں کیلئے اراضی مختص کرنے کی ہدایت

وزیراعلیٰ پنجاب نے سہولت بازاروں کے زیر تکمیل پراجیکٹس کیلئے اگست کی ڈیڈ لائن دیدی، سہولت بازاروں کے قیام کا پلان بھی طلب کرلیا

لاہور (جی این ایم) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبے میں نئے سہولت بازار قائم کرنے کی منظوری دیدی، سہولت بازاروں کے زیر تکمیل پراجیکٹس کیلئے اگست کی ڈیڈ لائن، وزیراعلیٰ پنجاب نے 13 نئے سہولت بازاروں کے زیر تکمیل پراجیکٹس جلد مکمل کرنے کا حکم دیدیا، مریم نواز نے ضلعی انتظامیہ کو سہولت بازاروں کیلئے اراضی مختص کرنے کی ہدایت کردی اور سہولت بازاروں کے قیام کا پلان بھی طلب کرلیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز کی ہدایت پر نو شہروں کاں، بورے والا، کبیر والا، سانگلہ اور جلال پور میں سہولت بازار بنائے جائیں گے جبکہ بہاولپور، اٹک اور مری میں بھی اضافی سہولت بازار قائم کرنے کا اصولی فیصلہ کیا گیا ہے۔ مریم نواز نے سہولت بازاروں کو سولر انرجی پر منتقل کرنے کی منظوری بھی دے دی۔ سہولت بازاروں کی شمسی توانائی پر منتقلی کیلئے 69 کروڑ سے زائد فنڈز کی بھی منظوری دیدی گئی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے جہلم، مظفرگڑھ اور نارووال میں سہولت بازار کے قیام میں درپیش رکاوٹیں دور کرنے کی ہدایت کر دی، رحیم یار خان، بہاولنگر، اٹک اور مری میں سہولت بازار کیلئے اراضی کی نشاندہی کا عمل جلد مکمل کرنے کا حکم بھی دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ سہولت بازار قائم کرنے کا مقصد کمزور اور متوسط طبقے کو اشیا کم نرخ پر فراہم کرنا ہے۔ مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف کے ویژن کے تحت مہنگائی کا خاتمہ کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سولر انرجی پر منتقل کرنے سے سہولت بازاروں میں بجلی کی لاگت میں 70 فیصد تک کمی آئے گی، بجلی کی لاگت میں کمی کا فائدہ نرخ میں کمی کر کے عوام تک پہنچایا جائے گا۔ دریں اثنا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ انسانی فلاح و بہبود کیلئے ہمدردی کا احساس ضمیر میں برقرار رہنا ضروری ہے۔

ترقیاتی منصوبے نئے دور کا آغاز کریں گے، میر ظہور احمد بلیدی

تربت میں اعلیٰ اجلاس، 48.96 ارب کے بلیدہ ٹو پروم روڈ اور 45 ارب کے پروم ٹو جھلگی منصوبے گیم چینجر قرار

تربت (یواین اے) صوبائی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی اور صوبائی مشیر برائے کھیل و امورِ نوجواناں مینا مجید کی سربراہی میں ضلع کیچ سمیت مکران ڈویژن میں ترقیاتی منصوبوں کا جائزہ لینے کے لیے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کمشنر مکران آفس تربت میں منعقد ہوا اجلاس میں کمشنر مکران داد خان خلجی، ڈپٹی کمشنر کیچ بشیر احمد بڑیچ، مختلف محکموں کے افسران، پراجیکٹ ڈائریکٹرز، محکمہ مواصلات و تعمیرات، اریگیشن اور دیگر متعلقہ اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں متعلقہ محکموں نے اپنے اداروں کے زیر نگرانی ترقیاتی منصوبوں کی فزیکل و فنانشل صورتحال پر اجلاس کو بریفنگ دی ظہور احمد بلیدی نے بلیدہ ٹو پروم روڈ 48.96 ارب روپے اور پروم ٹو جھلگی روڈ 45 ارب روپے کو سرحدی علاقوں کے لیے "گیم چینجر" منصوبے قرار دیا۔

اسلامی دنیا کی پارلیمانی تنظیم میں پاکستان کی شاندار سفارتی کامیابی

بین الاقوامی پارلیمانی فورم پر بھارت کے خلاف 3 قراردادیں متفقہ طور پر منظور

اسلام آباد (یواین اے) پاکستان کی بین الپارلیمانی سفارتی محاذ پر ایک اور بڑی کامیابی، اسلامی ملکوں کی پارلیمانی تنظیم نے بھارت کے خلاف 3 قراردادیں منظور کر لیں۔ مسلم ممالک کی پارلیمان کا 19 واں اجلاس انڈونیشیا کے دارالحکومت جکارتہ میں اختتام پذیر ہو گیا، اجلاس کے دوران بھارت کے خلاف تین اہم قراردادیں منظور کی گئیں۔ پہلی قرارداد میں مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم، بالخصوص خواتین و بچوں کی حالت زار پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ دوسری قرارداد بھارت میں مسلمانوں کی مذہبی و ثقافتی عمارتوں کی بے حرمتی کے خلاف تھی۔

متحدہ عرب امارات نے ایئر لائن ٹکٹ کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ کر دیا

ابوظہبی (اے ایف پی) متحدہ عرب امارات میں ٹریولنگ کمپنیوں کے عہدیداروں نے بتایا ہے کہ مملکت میں آئندہ 2 ماہ کے دوران فضائی ٹکٹوں کی قیمتیں معمول سے 35 فیصد زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ غیر ملکی ذرائع ابلاغ کے مطابق مقامی مارکیٹ میں سفر و سیاحت کی ایجنسیوں کے ذمہ داران کا کہنا ہے کہ 2 ماہ کے دوران سفر کی طلب میں نمایاں اضافہ ہو جائے گا۔

کوئٹہ، متعلقہ محکمے کی غفلت کے باعث کئی روز سے پٹیل روڈ پر سیوریج کا گندا پانی بہنے کے باعث راہگیر مشکلات کا شکار

بارکھان، وزیراعلیٰ کی عطیہ کردہ ایمبولینس مریضوں کے بجائے گندم ڈھونے میں استعمال

گندم کی بوریاں لادنے کیلئے ایمبولینس کا استعمال افسوسناک، حکومتی دعوے بے نقاب

بارکھان (یواین اے) وزیراعلیٰ بلوچستان کی جانب سے ضلع ڈیرہ بگٹی کیلئے عطیہ کی گئی ایمبولینس کو بارکھان کے رکنی شہر میں گندم کی بوریاں ڈھونے کیلئے استعمال کیا جا رہا ہے۔ مقامی شہریوں کی بنائی گئی ویڈیو میں واضح طور پر دیکھا جا سکتا ہے کہ بیکری ہاس کے سامنے مریضوں کیلئے مختص ایمبولینس میں گندم لادی جا رہی ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ ویڈیو آج 17 مئی کو چند منٹ پہلے بنائی گئی جس نے وزیراعلیٰ بلوچستان کے میرٹ پسندی کے دعوں کو سوالیہ نشان بنا دیا ہے۔ مزید بتایا گیا ہے کہ بارکھان، موسیٰ خیل، کوہلو اور ڈیرہ بگٹی جیسے پسماندہ اضلاع میں مریضوں کو ڈی جی خان کے اسپتالوں میں منتقل کرنے والی ایمبولینسیں گھریلو اور تجارتی مقاصد کیلئے استعمال کی جا رہی ہیں،

آئس شیشہ روکنے کے لیے حکومت و انتظامیہ اقدامات کریں، رحیم کاکڑ

آئس شیشہ کے پھیلاؤ کو روکنا ہر ضلع کا اجتماعی جہاد ہے، سابق میئر

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنما و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ سردار حسن شاہ جمیل بوستان ایڈووکیٹ میر وائیس ایڈووکیٹ احمد شاہ ایڈووکیٹ عبداللہ ایڈووکیٹ امین آغا ارشد اچکزئی توقیر بھٹی ضیا الحق نعمت اللہ سردار بہلول سردار احمد نے مشترکہ بیان میں حکومت چیف سیکرٹری، سیکرٹری جنگلات، علما کرام، سیاسی حضرات، اے این ایف، سماجی حلقوں سے گزارش کی ہے کہ نوجوان نسل کو تباہی سے روکیں نوجوانوں اور خواتین میں آئس شیشہ کا استعمال بڑھ رہا ہے جس کا کوئی روک تھام کرنے والا نہیں ہے ایفیڈرین کی کھٹی بے دریغ طرح سے پورے زور و شور سے جاری ہیں لہٰذا ضروری ہے کہ جس چیز سے آئس اور شیشہ بنتا ہے اور جہاں جہاں اس کی فیکٹریاں ہیں اس تک ایفیڈرین کی رسائی کو روکا جانا بے حد ضروری ہے اس میں ہر ضلع کے ڈپٹی کمشنرز، کمشنرز، لیویز فورس پولیس فورس اور خاص کر اے این ایف فورس کے علاوہ جو کہ جنگلات کی ذمہ داران ہے

مراکش میں غزہ کی حمایت میں ہزاروں افراد کے ملک کے کئی شہروں میں مظاہرے

رباط (اے ایف پی) مراکش کے ہزاروں باشعور شہریوں نے جمعہ کے روز مسلسل 76 ویں ہفتے فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کے لیے ملک بھر میں مظاہرے کیے، جن میں قابض اسرائیل کے ہاتھوں غزہ میں جاری نسل کشی کے فوری خاتمے اور فلسطینی کاز کی کھلی حمایت کا مطالبہ کیا گیا

موجودہ اتحاد، یگانگت کا ماحول میثاق معیشت کرنے کا بہترین موقع ہے' اشرف بھٹی

پاکستان کی ترقی، خوشحالی کے لئے سیاسی استحکام ناگزیر ہے' صدر آل پاکستان انجمن تاجران

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ موجودہ اتحاد و یگانگت کا ماحول میثاق معیشت کرنے کا بہترین موقع ہے جسے ضائع نہیں کرنا چاہیے، دفاعی میدان میں کامیابی کے بعد اب معاشی میدان میں بھی برق رفتاری سے پیشرفت کی جائے۔ اپنے بیان میں اشرف بھٹی نے کہا کہ موجودہ حالات میں پاکستان کے تمام ادارے ایک پیج پر ہیں، عوام بھی کسی سیاسی تفریق کے بغیر متحد ہیں جس کا بھرپور فائدہ اٹھایا جائے، حکومت میثاق معیشت پر پیشرفت کرتے ہوئے ابتدائی مشاورت کے بعد اس کے مسودے کو پارلیمنٹ میں لے کر آئے۔

فیصل آباد جڑانوالہ موٹروے ایم تھری پر بائیس ویلر ٹرالے اور مزدہ میں تصادم تین افراد جاں بحق۔

مکوآنہ (این این آئی) فیصل آباد جڑانوالہ موٹر وے ایم تھری پر بائیس ویلر ٹرالے اور مزدہ میں تصادم تین افراد جاں بحق ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق فیصل آباد: جڑانوالہ موٹر وے ایم تھری پر ٹریفک حادثہ ہوا بائیس ویلر ٹرالے اور مزدہ کے درمیان تصادم کے نتیجہ میں تین افراد جاں بحق ہو گئے

خاران میں معذورین کو راشن کی فراہمی، میر شعیب نوشیروانی کی غریب پرور پالیسیاں سراہی گئیں

خاران (یواین اے) وزیراعلیٰ بلوچستان کے خصوصی راشن پیکج کے تحت صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی کی ہدایت پر ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو نے انجمن اتحاد معذوران کے صدر نصیب اللہ اور جنرل سیکرٹری احتشام الحق کو معذورین کے لیے 50 راشن فراہم کیے

گھر کا بجلی بل 10 لاکھ روپے آیا ہے، کچھ بیچ کر ہی ادا کرنا پڑے گا، ایمل ولی

حکمران عوام کو آئی پی پیز سے نجات نہیں دلا سکتے تو بنگلا دیش کا حال دیکھ لیں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) سربراہ اے این پی سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا ہے کہ گھر کا 10 لاکھ کا بجلی بل کچھ بیچ کر ہی ادا کرنا پڑے گا، حکمران عوام کو آئی پی پیز سے نجات نہیں دلا سکتے تو بنگلہ دیش کا حال دیکھ لیں۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سربراہ اے این پی سینیٹر ایمل ولی خان نے کہا کہ میرے گھر کا بجلی بل 10 لاکھ روپے آیا ہے، کیا کریں کچھ بیچ کر ہی بل ادا کرنا پڑیگا۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک کا سب سے بڑا مسئلہ بجلی کا ہے، حکمران عوام کو آئی پی پیز سے نجات نہیں دلا سکتے تو بنگلا دیش کا حال دیکھ لیں۔

پشین، یارو سے کم عمر لڑکی اغوا، مقدمہ درج، ملزم کی تلاش جاری

مغوی بچی کو کراچی لے جانے کی اطلاع، نجیب اللہ نامزد، فوری بازیابی کا مطالبہ

پشین (یواین اے) پشین کے علاقے یارو سے ایک کم عمر لڑکی کے اغوا کا مقدمہ لیویز تھانہ یارو میں درج کر لیا گیا ہے۔ ایف آئی آر نمبر 07/2025 کے مطابق لڑکی 2025 کو شام 7 بج کر 15 منٹ پر اپنے گھر سے لاپتہ ہوئی۔ ابتدائی تفتیش اور رشتہ داروں و عزیزوں سے دریافت کے بعد یہ معلوم ہوا کہ لڑکی کو کراچی لے جایا گیا ہے۔ خفیہ ذرائع سے حاصل ہونے والی معلومات کے مطابق لڑکی کو نجیب اللہ ولد عبدالشکور سکنہ کلی عبدالشکور کاکڑ، کراچی نے اغوا کیا ہے۔ واقعے کا مقدمہ تعزیراتِ پاکستان کی دفعہ 365/B کے تحت درج کیا گیا ہے، جو شادی پر مجبور کرنے کی نیت سے اغوا کے متعلق ہے۔ لیویز حکام کا کہنا ہے کہ تحقیقات جاری ہیں اور ملزم کو جلد گرفتار کیا جائے گا۔ واقعے پر علاقے میں تشویش پائی جاتی ہے اور مقامی افراد نے مطالبہ کیا ہے

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے مسلم لیگ (ن) کے رہنما وفد کی صورت میں ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ بولان حب

موبائل حب: 0336-6113760
فون حب: 0853-310202
فیکس حب: 0853-310202
موبائل کوئٹہ: 0300-8380280
موبائل اسلام آباد: 0309-7900035

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد الیاس کبدہ نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بولان آر سی ڈی روڈ بولان مارکیٹ حب سے شائع کیا۔
Email:dailybolanhub@gmail.com

آخری جیت گورننس کی ہے

حکومت فوج کے ساتھ ایک پیج یا ایک جان دو قالب ہو کر عوام کی خدمت کر رہی ہے۔ وزیراعظم نے دو تین روز قبل بھری بزم میں آرمی چیف کی موجودگی میں دل کی بات کہہ کر سب کو متاثر کیا۔ شہباز شریف ہمیشہ سے صلح جو اور معاملہ فہم مشہور ہیں۔ جب کبھی ن لیگ کی کشتی سیاست کے بھنور میں پھنسی ان کی صلاحیتیں بروئے کار آئیں۔ تاہم یوں سر بزم میڈیا کی گواہی، ٹائمنگ اور آرمی چیف کی موجودگی میں اس امر کے اظہار یا اصرار پر بہت سے چہروں پر معنی خیز مسکراہٹ بھی دیکھی گئی۔

کیوں؟ شاید اس لیے کہ ان کے ایک پیش رو بھی یونہی سرعام واضح کرتے تھے کہ وہ اور فوجی قیادت ایک پیج یعنی ایک صفحے پر ہیں۔ وہ اس اظہار پر بار بار اصرار نہ بھی کرتے تو بھی ایک عالم نے بہ چشم خود دیکھا کہ ایک صفحے پر یکجائی کے چند سال کے سفر میں پہلے جاں پھر جان جاں۔۔ ہوتے چلے گئے۔ مگر پھر یوں ہوا کہ یہ صفحہ پلٹا تو پہلے دشمن پھر دشمن جاں پھر دوبدو بھی ہوتے دیکھا، بلکہ یہ آخری مرحلہ کچھ اس انداز میں رونما ہوا کہ کل کے راندہ درگاہ پھر سے کھیون ہار بنے۔

شہباز شریف جب بھی حکومتی عہدوں پر رہے بڑے متحرک رہے۔ پنجاب کے وزیراعلیٰ تھے تو سڑکوں، پلوں، انڈر پاسز اور دیگر انفرااسٹرکچر اور انرجی پروجیکٹس پر ان کا بھرپور فالو اپ رہتا۔ انھی دنوں تیز رفتار مینجمنٹ کے حوالے سے ان کے بارے میں شہباز اسپیڈ کا توصیفی لقب مشہور ہوا۔ کچھ یار لوگوں نے اس توصیفی لقب کا ٹھٹھہ بھی اڑایا۔ تاہم پنجاب میں ن لیگ کو اپنا گڑھ برقرار رکھنے میں ان کی بطور وزیراعلیٰ کارکردگی کا اہم کردار رہا۔

حکومتی ایوان میں ہوں تو سربراہان کو حاشیہ برداروں کی کمی نہیں ہوتی، بلکہ حاشیہ نشین رسائی اور رونمائی کے لیے ایک دوسرے سے سبقت لینے کی دوڑ میں لگے رہتے ہیں۔ پنجاب میں وزیراعلیٰ تھے تو ایسے احباب کی کمی نہ تھی، بلکہ کئی ایک نے تو ان کے اندر کا جوہر قابل پہچان کرانھیں باور کروایا کہ سر پنجاب آپ کی منزل نہیں یعنی Sir, Punjab is too small for you. اور پھر یوں ہوا کہ قدرت نے انھیں یہ موقع دے دیا۔ پی ڈی ایم ون کی حکومت میں بالآخر وہ اس منصب پر پہنچ گئے۔ تاہم مسائل کا انبار اور وقت کا پہیہ ان پر حاوی رہا۔

الیکشن کے بعد دوبارہ وزیراعظم بنے تو بھاگ دوڑ کے وہی شناسا مناظر، اپنے تئیں پوری تندہی سے کوششیں جاری رکھیں لیکن عوام پر مہنگائی، بجلی گیس کے بلز، ٹیکسوں کی بھرمار نے عوام کی بقول شخصے بس کروا دی۔ انھیں ان مشکلات کا اندازہ بھی یقیناً ہوگا، تاہم وہ اپنی مخصوص پنجاب اسپیڈ کا من چاہا اعادہ مرکز میں نہ کر سکے لیکن ان کے دل میں اس اسپیڈ کی خواہش موجود ضرور ہے۔ بلکہ اپنے تئیں انھیں یقین ہے کہ وہ پنجاب اسپیڈ کو برقرار رکھے ہوئے ہیں، آج نہیں تو کل عوام بھی مان اور جان جائیں گے۔

ہمیں اس خواہش کا براہ راست اظہار ان کی اپنی زبانی سننے کا موقع بھی ملا۔ دو ماہ قبل وزیراعظم شہباز شریف چین کے پانچ روزہ دورے پر تھے۔ چین کے شہر شینزین میں ایک سرمایہ کاری کانفرنس بھی اس دورے کا حصہ تھی۔ ہمیں بھی اس کانفرنس میں شرکت کا موقع ملا۔ اس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے تفصیل سے بتایا کہ ایک بہت بڑے مالیاتی ادارے کے سربراہ ان سے ملنے آئے اور انھوں نے بتایا کہ شہباز اسپیڈ کی چین میں دھوم ہے۔ بلکہ ملاقاتی نے خواہش کا اظہار کیا کہ شہباز اسپیڈ اگر چین میں اپنائی گئی تو ترقی کا سفر مزید تیز تر ہو سکتا ہے!

پاکستان کی سیاست اور ملکی گورننس کے معاملات میں اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ گہرا تعلق رہا ہے۔ 90 کی دہائی اور گزشتہ دو دہائیوں کے دوران ان تعلقات اور باہمی انحصار میں اتار چڑھاؤ آتا رہا ہے، یوں ملکی دفاع، معیشت اور ملکی گورننس کے معاملات میں سیاست دانوں، حکومت اور اسٹیبلشمنٹ کے درمیان گہرا ربط وضبط رہا ہے۔ اس ربط وضبط میں بعض اوقات اعتدال قائم نہیں رہ سکا کہ بقول شخصے اپنے اپنے مقام پہ کبھی ہم نہیں کبھی تم نہیں والا معاملہ بھی رہا۔ جس کا نتیجہ ہے کہ تمام تر کوششوں کے باوجود ملکی معیشت، گورننس اور عوامی فلاح کے مسائل کم ہونے کے بجائے بڑھتے چلے گئے۔

سلطانی جمہور کا سفر جس طرح پاکستان میں ناہموار اور نشیب وفراز سے گزرا ہے، کچھ یہی عالم بہت سے دیگر ممالک کا بھی رہا ہے۔ کچھ ممالک نے سلطانی جمہور کے مراحل کامیابی سے طے کر لیے لیکن بہت سے ممالک ابھی تک دلدل میں پھنسے ہوئے ہیں۔ دو تین دہائیاں قبل جنوبی کوریا اور ترکی ایسی ہی کشمکش کا شکار رہے۔ تاہم دھیرے دھیرے سیاسی حکومتوں نے معیشت، بہتر گورننس، ادارہ سازی اور رول آف لا کے ذریعے نئے ماحول کو یقینی بنایا۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ آہستہ آہستہ سول سپرمیسی قائم اور دیگر ریاستی ادارے اپنے اپنے دائروں میں واپس اور مضبوط ہوتے چلے گئے۔

حالیہ سالوں میں انڈونیشیا میں آمرانہ حکومت سے جمہوریت کا سفر کامیابی سے طے ہوتے دیکھا گیا۔ اکھاڑ پچھاڑ اور وقتی نشیب وفراز اور ہیجان انگیزی بھی رہی۔ تاہم سیاسی عزم اور بہتر گورننس نے بالآخر میدان مار لیا۔ انڈونیشیا اس وقت جنوب مشرقی ایشیا کی مضبوط معیشت اور بہتر معاشی مستقبل کی نقیب سمجھی جا رہی ہے۔ دوسری طرف تھائی لینڈ میں یہ کشمکش پچھلی دو دہائیوں سے فیصلہ کن مرحلے میں جاری ہے۔ تمام تر مشکلات کے باوجود سیاسی جماعتوں کے تحمل اور سیاسی عمل اپنائے رکھنے سے یہ امکان واضح نظر آرہا ہے کہ بالآخر سلطانی جمہور کا سفر وہاں بھی کامیابی سے ہمکنار ہوگا۔ پاکستان دنیا سے نہ منفرد ہے اور نہ ہی الگ تھلگ۔ ہماری سیاسی اشرافیہ کو سمجھنا پڑے گا کہ بالآخر ان ہی آزمودہ عالمی مثالوں پر ہی چلنے سے کامیابی ہوگی، جب ڈیلیوری یا گورننس کی جیت ہی فیصلہ کن ہوگی۔ ایک پیج یا ایک جان دو قالب کی تلاش یا اصرار کے بجائے بہتر گورننس اور قدرتی اجتماعی سیاسی عمل کے تسلسل میں سب کی بھلائی ہے۔

آزادی صحافت کی نئی تاریخ

Julian Assang نے آزادی صحافت کی ایک نئی تاریخ رقم کر دی۔ برطانیہ میں قید وبند کی صعوبتیں گزارنے اور ایکوڈور کے سفارت خانہ کے ایک کمرے میں کئی سال گزارنے کے بعد امریکا کے حکام جولین اسانج سے معاہدے پر مجبور ہوئے۔ امریکا کی خفیہ دستاویزات افشا کرنے کے قانون کے تحت عائد کیے گئے الزامات سے بری ہونے کے بعد آزادانہ زندگی گزارنے کا حق حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے۔

میڈیا کی تاریخ میں وکی لیکس کو افشا) امریکا کی وزارت خارجہ کی خفیہ دستاویزات (کرکے ایک نئی رپورٹنگ کی طرز ڈالنے والے اس شخص کی زندگی کی داستان بھی عجیب ہے۔ جولین اسانج 3 جولائی 1971 کو کوئنز لینڈ کے شہر Townsville میں پیدا ہوئے تھے۔ اسانج اور ان کی حقیقی بہن کرائسٹائن جون شپٹون کا تعلق آسٹریلیا کے شہر سڈنی سے تھا، جولین اسانج کی والدہ کا تعلق بھی آسٹریلیا سے تھا۔ جولین اسانج کے والد Visual Artist اور جنگ مخالف تحریک کے کارکن تھے مگر جولین اسانج کے والدین میں جولین کی پیدائش سے پہلے علیحدگی ہوگئی تھی۔ جولین اسانج کا بچپن انتہائی مشکل حالات میں گزرا تھا۔

جولین اسانج نے آسٹریلیا کی میلبورن یونیورسٹی کے فزکس کے شعبہ میں داخلہ لیا تھا مگر جولین اسانج اپنی تعلیم مکمل نہ کر سکے۔ سینٹرل کوئنز لینڈ یونیورسٹی میں داخلہ لیا مگر وہ یہاں بھی اپنا کورس مکمل نہ کر پائے۔ جولین اسانج جب Belmarsh Prison میں تھے تو انھوں نے ایک وکیل Stella سے شادی کی تھی۔ اسٹیلا کا تعلق اسپین سے ہے۔ اسٹیلا کا شمار انسانی حقوق کی بین الاقوامی تحریک کے معروف وکلا میں ہوتا ہے۔ جولین اسانج اگرچہ اپنی تعلیم مکمل نہ کر پائے مگر انھوں نے کمپیوٹر کے شعبہ میں ہیکنگ Hacking میں مہارت حاصل کر لی تھی اور Mendax کے قلمی نام سے شہرت حاصل کی تھی۔

جولین اسانج کو ذرایع ابلاغ میں اس وقت اہمیت حاصل ہوئی جب جولین اسانج پر ہیکنگ کا الزام لگایا گیا جو سائبر کرائم کے تحت جرم تھا۔ اس مقدمے میں اسانج پر معمولی جرمانہ ہوا تھا۔ اسانج نے 2006 میں وکی لیکس Wikileaks قائم کیا۔ اسانج کو ہیکنگ کے فن کے ذریعے امریکا کی وزارت خارجہ کے انتہائی حساس کمپیوٹروں تک رسائی حاصل ہوگئی، یوں 2010 میں وکی لیکس کی جاری کردہ دستاویزات نے دنیا بھر میں تہلکہ مچا دیا۔ بی بی سی کی ایک رپورٹ کے مطابق وکی لیکس نے تقریباً 10 ملین دستاویزات جاری کی تھیں۔ ان رپورٹوں میں امریکا کی سابق وزیر خارجہ ہیلری کلنٹن کو دنیا بھر میں امریکی سفارت کاروں کے بھیجے جانے والے خفیہ کیبلز بھی شامل تھے۔

افغانستان، پاکستان، بھارت، عراق اور دیگر ممالک میں تعینات امریکی سفارت کاروں نے ان ممالک کے حالات کے بارے میں اپنے تبصروں کے ساتھ یہ کیبلز امریکی وزارت خارجہ کو بھیجے تھے۔ جرمنی اور فرانس سے بھیجے گئے کیبلز سے امریکا کے ان ممالک سے سفارتی تعلقات میں کشیدگی پیدا ہوئی تھی۔ ان کیبلز میں عراق میں امریکا اور اتحادیوں کی فوجوں کی گولہ باری سے شہری آبادی کو ہونے والے نقصانات کی تفصیلات درج کی گئی تھیں۔ ان کیبلز کے مطالعے سے امریکی فوجیوں کی افغانستان اور عراق میں ہونے والی بمباری کے شہری آبادی پر ہونے والے نقصانات کا پتہ چلتا ہے۔

مسٹر اسانج نے کئی دفعہ کہا تھا کہ انھوں نے افغانستان اور عراق میں امریکی فوجیوں کی مقامی شہریوں کے خلاف بہیمانہ کارروائیوں کا پردہ چاک کیا تھا۔ امریکا کی حکومت نے وکی لیکس میں ظاہر ہونے والی دستاویزات کو عام ہونے سے روکنے کے لیے ایک خفیہ آپریشن شروع کیا تھا۔ اس آپریشن کے تحت اسانج کو امریکا بلا کر سزا دینے کے لیے کارروائی شروع کی گئی۔ سب سے پہلے اسانج کے خلاف آسٹریا میں جنسی ہراسگی کا مقدمہ قائم ہوا تھا۔ امریکی وزارت خارجہ کی کوشش سے اسانج کو امریکا پہنچانے اور وہاں پر مقدمہ چلانے کی کوشش جس کے خلاف جولین اسانج کو طویل مزاحمت کرنی پڑی۔

اس مہم کے دوران صحافتی تنظیموں کے علاوہ انسانی حقوق کی تمام تنظیموں نے جولین اسانج کے خلاف ناروا سلوک پر سخت احتجاج کیا۔ اسانج کا بار بار کہنا تھا کہ امریکا اس کے خلاف مختلف ممالک میں جعلی مقدمات قائم کر کے وکی لیکس کے افشا ہونے پر سزا دینا چاہتا ہے۔ امریکا کی حکومت نے اسانج کے خلاف امریکا میں خفیہ راز افشا کرنے، جاسوسی کرنے اور امریکی سلامتی کو نقصان پہنچانے کے الزامات میں مقدمات قائم کیے۔ امریکا کے حکام نے مسلسل کوشش کی کہ برطانیہ اسانج کو ملک بدر کردے اور امریکی حکام اسانج کو اغوا کر کے امریکا لے جائیں۔ اسانج نے مئی 2012 میں Ecuadore کے سفارت خانہ میں سیاسی پناہ حاصل کی۔ وہ 2019 میں ایکوڈور کے سفارت خانہ میں داخل ہوئے اور کئی سال تک ایک چھوٹے سے کمرہ میں مقید رہے۔

پی ڈبلیو ڈی کو ختم کرنے کے لائحہ عمل کی منظوری

وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کے اجلاس میں گزشتہ روز محکمہ پی ڈبلیو ڈی کو ختم کرنے کے لائحہ عمل کی منظوری دے دی گئی جبکہ مختلف وزارتوں کو ختم کرنے اور ذیلی اداروں کو ضم کرنے کے حوالے سے تفصیلی رپورٹ طلب کرلی گئی۔ اجلاس میں وزارت ہاؤسنگ اینڈ ورکس کی سفارش پر پاکستان پبلک ورکس ڈیپارٹمنٹ کو ختم کرنے کا لائحہ عمل طے کیا گیا اور وفاقی ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی کیلئے پاکستان انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ کمپنی بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں یہ بھی طے کیا گیا کہ دیکھ بھال اور مرمت کے کام جاری رکھنے کیلئے ایسٹ اینڈ ویجیلینس مینجمنٹ کمپنی کا قیام عمل میں لایا جائیگا۔ پی ڈبلیو ڈی کے عملے کی درجہ بندی کے بعد متعلقہ وزارتوں میں منتقلی کی جائیگی اور گولڈن شیک ہینڈ سکیم عمل میں لائی جائیگی۔ تمام املاک کے ریکارڈ کی کمپیوٹرائزیشن کی جائیگی اور ٹرانزیشن کا عمل دو ہفتے کے اندر اندر مکمل کیا جائیگا۔ اجلاس میں حکومتی حجم کم کرنے کیلئے بنائی گئی کمیٹی نے پیش رفت پر کابینہ کو بریفنگ دی جس میں بتایا گیا کہ انفارمیشن ٹیکنالوجی، امور کشمیر و گلگت بلتستان، ریاستوں اور سرحدی امور اور صنعت و پیداوار و قومی صحت کی وزارتوں کے غیر ضروری ذیلی اداروں کو بند کرنے اور ضروری اداروں کی رائٹ سائزنگ کے حوالے سے بنیادی معلومات حاصل کی جا رہی ہیں۔ یہ عمل 12 جولائی تک مکمل ہو جائیگا۔

وزیراعظم شہباز شریف نے اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے محرم الحرام میں امن وامان کیلئے وزارت داخلہ اور صوبوں کے ساتھ مربوط رابطہ برقرار رکھنے کی ہدایت کی اور کہا کہ سکیورٹی معاملات میں تعاون سے قومی اتحاد ویکجہتی کو تقویت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ معاشی اہداف کے حصول کیلئے شفافیت اور خود احتسابی کی ضرورت ہے۔ ہمیں معیشت کی سمت درست کرنے کیلئے کڑوے فیصلے اور اصلاحات کرنا ہونگی۔ انکے بقول ڈا?ن سائزنگ اور رائٹ سائزنگ کے کام میں سستی اور تاخیری حربے برداشت نہیں کئے جائیں گے۔ ہمیں چین کے ساتھ تعاون کو فروغ دینے میں پیش رفت یقینی بنانا ہوگی۔ ہم نے ملک کو آگے لے کر جانا ہے۔ یہ امر واقع ہے کہ ہمارے حکمرانوں اور ریاستی انتظامی اداروں کے ماضی کے غلط فیصلوں اور انکی بنیاد پر اٹھائے گئے غلط اقدامات کے نتیجہ میں ہی آج ملک کو گورننس، توانائی کی پیداوار اور معیشت کے سنگین بحرانوں کا سامنا ہے۔ عوام خوار ہو رہے ہیں، ملک میں بے روزگاری اور بدامنی بتدریج بڑھ رہی ہے۔ یوٹیلیٹی بلوں کے بے محابا بڑھتے نرخوں نے مزدوروں اور تنخواہ دار طبقات سمیت ہر شعبہ زندگی کے لوگوں کی زندگیاں اجیرن بنا دی ہیں۔ نتیجتاً ان میں منافرت و بے چارگی کے پیدا ہوتے جذبات کسی اتھل پتھل والے طوفان کا پیش خیمہ بنتے نظر آرہے ہیں۔ چنانچہ آج حکومتی اتحادی جماعتوں کی قیادتوں کیلئے عوام کو انکے ذاتی اور قومی معاملات میں مطمئن کرنا ہی سب سے بڑا چیلنج ہے۔

تحریر: معیز احمد انصاری

قدرت نے تو فی الحقیقت اس ارض وطن کو بیش بہا وسائل اور زیر زمین اپنے قیمتی خزانوں سے مالا مال کر رکھا ہے۔ اگر ہماری حکومتی، انتظامی مشینری ان وسائل اور قدرت کے خزانوں کو قومی مفادات سے مطابقت رکھنے والی پالیسیوں کے تحت بروئے کار لاتی تو آج نہ صرف ہم اپنی معیشت کو سنبھالنے کیلئے آئی ایم ایف اور قرض دار دوسرے ممالک کے دست نگر نہ ہوتے بلکہ آج ہم ترقی یافتہ ممالک کی صف میں آبرومندی کے ساتھ کھڑے ہوتے۔

کیا اس حقیقت سے انکار ممکن ہے کہ پانی، گیس، تیل اور کوئلے کے قدرتی وسائل کو بہتر منصوبہ بندی کے ساتھ استعمال کر کے ہم نہ صرف توانائی کی ملکی ضرورت پوری کر سکتے تھے اور عوام کی خوشحالی کے ساتھ ساتھ قومی زراعت و صنعت کو بھی پروان چڑھا سکتے تھے بلکہ وافر بجلی، تیل، گیس برآمد کر کے قومی خزانے کو بھرنے والا زرمبادلہ بھی کما سکتے تھے۔ مگر ہمارے مفاد پرست اور قومی غیرت و حمیت سے عاری سیاست دانوں اور حکمران طبقات نے نہ صرف قدرتی قومی وسائل کو ملک کی تعمیر و ترقی کیلئے بروئے کار لانے کی نوبت نہ آنے دی بلکہ ان وسائل کی لوٹ مار میں بھی کوئی کسر نہ چھوڑی۔ اس مملکت خداداد کی پانچ دریا ?ں کا خزانہ رکھنے والی دھرتی کو اجاڑنے کیلئے ہمارے دشمن بھارت نے ملک میں موجود اپنے ایجنٹوں کے ذریعے سازشوں کے جال بچھائے اور دریائے سندھ پر کالاباغ ڈیم کی تعمیر کو متنازعہ بنا دیا جبکہ ہمارے منصوبہ سازوں نے ضرورت کے کسی دوسرے بڑے ڈیم کی تعمیر کی نوبت بھی نہ آنے دی۔ نتیجتاً وقت کے ساتھ ساتھ بجلی کا مصرف بڑھا تو اسکی پیداوار کم ہونے کے باعث ملک میں توانائی کے بحران کا آغاز ہو گیا جو بڑھتے بڑھتے طویل لوڈشیڈنگ تک آپہنچا۔ اسکے باوجود ہمارے حکمرانوں اور متعلقہ ریاستی انتظامی اداروں کو ہائیڈل پاور پراجیکٹس کو فروغ دینے کی نہ سوجھی اور اسکے برعکس انہوں نے نجی تھرمل پاور کمپنیوں کی خدمات حاصل کر کے تھرمل بجلی کی ترسیل انکے من پسند معاہدوں کے ساتھ انکے حوالے کردی جنہوں نے ان معاہدوں کے تحت حاصل ہونیوالی اپنی بلیک میلنگ پاور کو بروئے کار لا کر بجلی کی پیداوار بڑھانے میں معاون بننے کے بجائے توانائی کا بحران مزید گھمبیر بنا دیا اور آج ملک اور قوم کو توانائی کے جس سنگین بحران اور عوام کو بجلی کے انتہائی ناروا اور ناقابل برداشت بلوں کا سامنا ہے، اس میں انہی تھرمل پاور کمپنیوں کا عمل دخل ہے جو دونوں ہاتھوں سے قومی خزانے کو بھی لوٹ رہی ہیں اور عوام کو زچ کرنے میں بھی کوئی کسر نہیں چھوڑ رہیں۔

اگر ملک کی باگ ڈور سنبھالنے والے ہمارے حکمران طبقات کی قومی تعمیر و ترقی کی سوچ ہوتی تو وہ عوام کے حقوق و مفادات اور قومی خزانے کے محافظ بنے ہوتے مگر بدقسمتی سے ان طبقات کی کوئی کل بھی سیدھی نہیں ہوسکی اور آوے کا آوا بگڑنے کا ہی کربناک منظر نامہ سامنے آتا رہا ہے۔ چنانچہ انتظامی اور ادارہ جاتی سطح پر بھی کرپشن، لوٹ مار، اقربا پروری اور اہلیت اور معیار کو پا?ں تلے روندنے کی رقم ہوتی کہانیوں نے ملک کی معیشت کو ڈیفالٹ ہونے کے دہانے پر پہنچا دیا۔ حد تو یہ ہے کہ ملک اور قوم کو اندرونی اور بیرونی قرضوں کے بوجھ تلے دبا کر حکمران اشرافیہ طبقات نے کبھی اپنے مفادات و مراعات پر کوئی زد نہیں آنے دی اور آج بجٹ کے ذریعے عوامی اشتعال و منافرت کو بھڑکا کر بھی منتخب ایوانوں میں حکومتی اور اپوزیشن بنچوں پر بیٹھے عوامی نمائندگان نے اپنی سہولتوں، مراعات اور الا?نسز کو بیک زبان ہو کر بڑھا وا دیا ہے جبکہ وہ مفلوک الحال عوام سے مزید قربانی دینے کے متقاضی ہیں اور عوامی اضطراب کو بھانپ کر بھی رائٹ سائزنگ کی طرف قدم بڑھانا ان کیلئے مشکل ہو رہا ہے۔ جس گورننس میں ایک ایک محکمے کے تین تین نگران وزیر بنائے جا رہے ہوں اور وزارتوں اور قائمہ کمیٹیوں میں بھی مراعات یافتگان کی بھرمار ہو، اس گورننس میں حکومتی اخراجات کم کرنے کی طرف کوئی عملی قدم کیسے اٹھایا جاسکتا ہے۔

اب معیشت کو سنبھالنے کے نام پر منفعت بخش قومی اداروں کو بھی نجکاری کی جانب دھکیل کر اپنے لئے مزید کک بیکس کا اہتمام کیا جا رہا ہے اور مختلف محکموں کو بند کرنے کی پالیسیاں طے کر کے مہنگائی کے مارے عوام کو بیروزگاری کے عفریت کی جانب بھی دھکیلا جا رہا ہے۔ کیا یہ قومی سطح کا لمحہ فکریہ نہیں کہ قومی معیشت کو نجی تھرمل اور رینٹل کمپنیوں کے شکنجے سے نکالنے کا اب تک کے کسی بھی حکمران کو خیال نہیں آیا حالانکہ اس ایک اقدام سے ہی ملک کے اندھیرے روشنیوں میں بدل سکتے ہیں۔ اس تناظر میں اگر ملک کو آسیب کے سائے سے نکالنا ہے تو اسکی معیشت کو چوڑنے والی ہر آکاس بیل کو جڑ سے اکھاڑ کر دور پھینکنا ہوگا۔ مضطرب عوام اب اپنی زندگیوں میں بہرصورت آسودگی چاہتے ہیں جواب کسی نعرے، کسی دعوے، کسی زبانی جمع خرچ والے حکومتی فیصلے سے ہرگز مطمئن نہیں ہوں گے۔ انہیں حقیقی ریلیف کی مستقل بنیادوں پر ضرورت ہے اور ایسا کوئی عملی اقدام ہی حکومتی گورننس پر عوام کا اعتماد بحال کرنے کی راہ ہموار کرسکتا ہے

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

معاشی زبوں حالی اور علاقائی تعاون

آج پاکستان کو مجموعی طور پر 9.8 کھرب روپے کا قرضہ ادا کرنا ہے جو ایک سال پہلے 7.3 کھرب روپے تھا۔ یاد رہے کہ قرض کی یہ رقم سالانہ حکومتی ریونیو کے برابر ہے، جس سے صاف ظاہر ہو رہا ہے کہ باقی تمام اخراجات کیلئے ہمیں مسلسل ادھار لینا پڑے گا۔ مالیاتی ذمہ داری اور قرض حد بندی ایکٹ 2005 کے مطابق پاکستان اپنی جی ڈی پی کے 60 فیصد سے زیادہ قرضہ نہیں لے سکتا لیکن جون 2024 تک یہ قرضہ 74.3 فیصد تک پہنچ گیا ہے۔ آج پاکستان کے ٹوٹل ریونیو کا ایک تہائی حصہ انکم ٹیکس کی مد میں حاصل ہوتا ہے جبکہ زراعت سے سب سے کم ٹیکس وصول کیا جاتا ہے جن میں 90 فیصد جاگیردار جنکی زمین 12.5 ایکٹر سے کم ہیں، ان سے کوئی ٹیکس وصول نہیں کیا جاتا۔ اسکے علاوہ رئیل اسٹیٹ سے بھی بہت کم ٹیکس وصول کیا جاتا ہے۔ آج اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ حکومت ریونیو کو بڑھانے کیلئے ٹیکس ٹو جی ڈی پی شرح کو فوری طور پر 13 فیصد تک لے جائے اور جس کو بعد میں بڑھا کر 18 فیصد تک لے جانا ہوگا۔ پاکستان میں اس وقت سرکاری تحویل میں 210 انٹرپرائزز ہیں جن میں سرفہرست 14 صنعتوں کا سالانہ خسارہ 458 ارب روپے ہے جس کی پرفارمنس بڑھانے کیلئے اس بات کی اشد ضرورت ہے کہ انہیں پبلک - پرائیویٹ پارٹنرشپ میں دے دیا جائے۔ پاکستان کی خوش قسمتی ہے کہ اس سال گیارہ جولائی میں ترسیلات زر میں 48 فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ حکومت نے ترسیلات زر بڑھانے کیلئے ڈیجیٹلائز کرنے کا ایک اہم اعلان کیا ہے جو قابل تحسین ہے۔ دوسری طرف ایکسچینج ریٹ میں کمی کی وجہ سے درآمدات کی قیمتوں میں اضافہ ہو رہا ہے جس کی وجہ سے 24-2023 میں تجارتی خسارہ 13.9 بلین ڈالرز تک پہنچ گیا ہے۔ اقتصادی ماہرین کا خیال ہے کہ جن ممالک میں تجارت آگے نہ بڑھ رہی ہو اور بیرونی سرمایہ کاری بھی نہ ہو رہی ہو، ان ممالک میں قرضہ بڑھتا ہی چلا جاتا ہے۔ پاکستان میں بیرونی سرمایہ کاری نہ ہونے کی ایک وجہ تو سیاسی عدم استحکام ہے لیکن یاد رہے کہ 2008 تک ہماری معیشت کو کوئی پروٹیکشن حاصل نہ تھا لیکن اس کے بعد کسٹم ڈیوٹیز اور دوسری ریگولیٹری ڈیوٹیز لگا کر پاکستانی صنعتوں کو سہولیات دی گئیں جس کا اندازہ یوں لگایا جاسکتا ہے کہ 2022 میں صرف ٹیرف کی مد میں، جو کہ صرف درآمدات کی مد میں لیا جاتا ہے، وہ پاکستان کے تمام ٹیکسز کی وصولی کا 48 فیصد تھا۔ یوں آج دنیا کے 70 ممالک جو برآمدات کرتے ہیں، ان میں پاکستان کا اوسط ٹیرف 12.7 فیصد ہے جو کہ دنیا میں سب سے زیادہ ہے۔ یہ ٹیرف جنوبی ایشیا میں 5.9 فیصد، آسیان میں 2.5 فیصد، چین میں 3.8 فیصد اور ہندوستان میں 5.8 فیصد ہے جس کی وجہ سے پاکستان کی برآمدات آگے نہ بڑھ سکیں۔ آج ہماری برآمدات کا صرف 58 فیصد ٹیکسٹائل اور کاٹن کی صنعت کا مرہون منت ہے لیکن بجلی کی قیمتیں روز بروز بڑھنے کی وجہ سے یہ شعبہ مسابقتی نہیں رہا۔ یاد رہے کہ نواز شریف کے دوسرے دور میں ہندوستان سے بجلی برآمد کرنے کا معاہدہ تقریباً پایہ تکمیل تک پہنچ گیا تھا جس سے آج ہماری صنعتیں مستفید ہو رہی ہوتیں۔ ان حالات میں جبکہ مقامی مینوفیکچرنگ علاقائی ممالک سے مسابقتی نہیں رہی تو ہمارے پاس صرف ایک ہی آپشن بچتا ہے کہ علاقائی تعاون کو آگے بڑھایا جائے۔ آج سے کچھ عرصہ پہلے پاکستان میں مقیم بھارتی ناظم الامور نے لاہور میں سینئر صحافیوں اور چیمبر آف کامرس کے عہدیداران سے بات کرتے ہوئے مثال دی تھی کہ پاکستان میں پیاز کی قیمت 300 روپے فی کلو ہے جبکہ نئی دہلی میں اس وقت یہی پیاز 20 روپے فی کلو فروخت ہو رہا تھا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت نے کبھی پاکستان کے ساتھ تجارت ختم کرنے کی کوشش نہیں کی۔ ورلڈ بینک کی حالیہ رپورٹ کے مطابق اگر پاکستان اپنی درآمدات پر صرف جنوبی ایشیا سے آنے والے تجارتی مال پر 10 فیصد ڈیوٹی کم کردے تو اس سے علاقائی تجارت 32 فیصد آگے بڑھ سکتی ہے۔ اس رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ اگر پاکستان، ہندوستان کے ساتھ مکمل طور پر دوطرفہ تجارت کو بحال کردے تو پاکستان کی برآمدات میں 80 فیصد اضافہ ہوسکتا ہے جو کہ تقریباً 25 بلین ڈالرز ہونگے۔ واضح رہے کہ ہندوستان اور چین شدید سرحدی تنازعات کے باوجود 120 بلین ڈالرز سے زائد کی تجارت کر رہے ہیں جس کا فائدہ چین کو ہو رہا ہے۔ ہمیں سوچنا ہوگا کہ وہ کیا وجہ ہے کہ بھارت امریکی کیمپ میں ہونے کے باوجود چین سے خسارے کی تجارت کر رہا ہے۔ دوسری طرف چین اور امریکہ دنیا میں اپنے تسلط کی جنگ لڑ رہے ہیں اور اس سلسلے میں انکے درمیان تناؤ روز بروز بڑھ رہا ہے لیکن آج بھی امریکہ اور چین ایک دوسرے کے بڑے تجارتی پارٹنر ہیں۔ جبکہ پاکستان، ہندوستان سے اپنی درآمدات بذریعہ دبئی کر رہا ہے اور جس کی وجہ سے پاکستان کی معیشت پر دباؤ بڑھ رہا ہے۔ حال ہی میں ہمارے وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ ہندوستان سے تعلقات اور تجارت کی پالیسی میں کوئی تبدیلی زیر غور نہیں ہے۔ لیکن دوسری طرف ارشد ندیم کی والدہ رضیہ پروین نے اپنے بیٹے کے اولمپکس 2024 میں سونے کا تمغہ جیتنے پر یہ کہہ کر دونوں ممالک کے لوگوں کے دل جیت لیے کہ نیرج چوپڑہ بھی جو کہ ارشد ندیم کا دوست ہے، میرے بیٹوں کی طرح ہے اور میں اسکی کامیابی کیلئے بھی مسلسل دعا گو تھی۔ نیرج چوپڑہ اور ارشد ندیم کی ماؤں کے یہ خیالات پوری دنیا کے میڈیا کی زینت بنے رہے، جس سے امن و آشتی کی ایک موہوم سی کرن پھوٹی ہے اور اگر یہی امن و آشتی کی روایات آگے بڑھتی رہیں تو اس خطے کے کروڑوں عوام غربت و افلاس سے باہر نکل سکتے ہیں۔

ان عوامل اور اپنی غیر معمولی معاشی زبوں حالی کو مدنظر رکھتے ہوئے، ہمیں اپنی 77 سالہ عداوتوں کو بھول کر آنے والی نسلوں کیلئے امن و آشتی کی فضا کو بحال کرنا ہوگا۔ کسی بھی ملک کی قومی سلامتی کا انحصار اسکے عوام کی صحت، تعلیم، مجموعی خوشحالی اور سیاسی شعور پر ہوتا ہے نا کہ اسلحے کے انباروں پر۔ ہمیں یہ بات مدنظر رکھنی ہوگی کہ یورپین قوموں نے بھی دو عظیم جنگوں میں ہونے والی ہولناک تباہیوں کے باوجود آپس میں ایسی امن و آشتی کی فضا پیدا کی کہ جس سے انکے درمیان سرحدیں ہی ختم ہوگئیں اور ان ممالک نے دنیا کو جدید فلاحی ریاستوں کا انمول نمونہ بھی پیش کیا۔ آج ہمیں بھی یہ سوچنا ہوگا کہ ہم وراثت میں ملی اس سرزمین پر کس طرح امن، آشتی اور خوشحالی کے ساتھ زندہ رہ سکتے ہیں چونکہ نفرت اور جنگ ہمیں کسی بھی منزل پر نہیں پہنچا سکتیں۔

☆☆☆☆☆☆

وجدان

علامہ اقبال نے رات گئے اپنے ملازم کے دروازے پر دستک دی۔ نوکر ہڑبڑا تا ہوا اٹھا اور پوچھنے لگا کہ جناب خیریت ہے۔ علامہ نے حد درجے دھیمے لہجے میں اسے کہا کہ باہر جاؤ اور یخ ٹھنڈی لسی لے کر آؤ۔ نوکر نے برتن کے لیے باورچی خانے کی طرف جانے کی کوشش کی تو علامہ نے اپنے ہاتھ سے ایک صاف ستھرا برتن دیا۔ یہ بھی کہا کہ حد درجے اہم مہمان آئے ہوئے ہیں۔ لہذا لسی لانے میں تاخیر نہیں ہونی چاہیے۔ ملازم کے ذہن میں متعدد سوالات تھے۔ یہ مہمان کون ہیں؟ اور اس وقت ٹھنڈی لسی کہاں سے ملے گی۔

کیونکہ دکانیں تو ساری بند ہو چکی ہیں۔ برتن لے کر گھر سے باہر نکلا اور تھوڑا سا آگے چلا تو اسے ایک دہی اور لسی کی پرانی سی دکان نظر آئی۔ ملازم حیرت زدہ رہ گیا کیونکہ یہ دکان اس وقت سے پہلے اس نے کبھی بھی نہیں دیکھی تھی۔ بہرحال دکاندار سے کہا کہ برتن لے لو اور یخ بستہ لسی فراہم کرو۔ ذائقہ بھی بہتر ہونا چاہیے کیونکہ آج ہمارے گھر میں کچھ خاص مہمان آئے ہیں۔ دکان دار نے بڑے قرینے سے لسی بنائی اور برتن کو لبالب بھر دیا۔ ملازم نے معاوضہ دینے کی کوشش کی تو جواب دیا کہ ہمارا اقبال کا حساب چلتا رہتا ہے۔ نوکر یہ بات سن کر حیران رہ گیا کہ اس دکاندار کو کیسے معلوم ہوا کہ وہ علامہ اقبال کے گھر سے آیا ہے۔

پریشانی سے واپس مڑا اور گھر تک پہنچ گیا۔ اقبال نے حکم دیا کہ اب تم جاؤ اور اپنے کمرے میں بیٹھ جاؤ۔ علامہ خود باورچی خانے میں گئے اور گلاس لے کر اپنی بیٹھک میں چلے گئے۔ مہمانوں کو لسی پلائی۔ اس اثنا میں ایک ڈیڑھ گھنٹہ گزر گیا۔ مہمان رخصت ہوئے تو علامہ نے نوکر کو دوبارہ جگایا کہ ذرا اندر سے کنڈی لگا لو۔ ملازم تجسس کی وجہ سے سویا نہیں تھا بلکہ کروٹیں بدل رہا تھا۔ حکم ملنے پر یکدم باہر آیا اور کواڑ بند کرنے کے بجائے گلی میں مہمانوں کو دیکھنے کے لیے باہر چلا گیا۔ راستے میں اسے کوئی نہ ملا مگر ایک عجیب سی خوشبو محسوس ہوئی جو پہلے گلی میں کبھی بھی موجود نہیں تھی۔ دکان کی طرف گیا تو حیرت سے پاؤں تلے زمین نکل گئی۔ کیوں کہ وہاں کوئی بھی دکان موجود نہیں تھی۔ یہ وہی دکان تھی جہاں سے اس نے خود لسی بنوائی تھی۔ حد درجے پریشانی کے عالم میں ملازم واپس آیا۔ علامہ ابھی سوئے نہیں تھے۔ بیٹھک میں تشریف فرما

تحریر: طالب چنگیزی

تھے۔ وہی خوشبو جو باہر گلی میں محسوس ہوئی وہ اب پورے گھر میں پھیلی ہوئی تھی۔ ملازم سے رہا نہ گیا اور علامہ سے اصرار کر کے پوچھا کہ جناب یہ مہمان کون تھے۔ یہ بھی بتایا کہ جس دکان سے وہ لسی لے کر آیا تھا وہ دکان بھی اب موجود نہیں ہے۔ علامہ خاموش ہوگئے۔ نوکر ضد کرتا رہا کہ حضور کچھ تو فرمائیے۔ علامہ نے قسم دی کہ میں تمہیں بتا تو دیتا ہوں لیکن میری زندگی کے اندر یہ بات کسی کو نہیں بتانی ہے۔ میرے مرنے کے بعد تم یہ گفتگو آشکارہ کر سکتے ہو۔ علامہ نے حد درجے ادب سے ملازم کو بتایا کہ جو معزز مہمان تشریف لائے تھے۔

وہ خواجہ غریب نواز تھے اور جو بزرگ تمہیں لسی کی دکان پر ملے وہ علی ہجویری تھے۔ ملازم نے اپنے وعدے کی پاسداری کی اور علامہ کی زندگی میں یہ حد درجے اہم بات کسی کو نہیں بتائی۔ مگر اقبال کے فوت ہونے کے بعد بہرحال اس نے یہ راز افشاں کر دیا۔

معاملہ یہ ہے کہ اقبال عاشق رسول اور قرآن کے طالبعلم تو تھے ہی۔ مگر ان کے وجدان کی کیفیت کے واقعات بہت کم سننے کو ملتے ہیں۔ بتایا جاتا ہے کہ قرآن کی تلاوت کرتے ہوئے علامہ زاروقطار رویا کرتے تھے۔ ان کے آنسوؤں سے قرآن مجید کے مقدس اوراق بھیگ جاتے تھے اور کئی جگہ پر کاغذ پھول جاتا تھا۔ یہی کیفیت رسول کریم ﷺ کے نام سننے پر طاری ہو جاتی تھی۔ جہاں بھی آقا ﷺ کا ذکر ہوتا تھا علامہ بچوں کی طرح پھوٹ پھوٹ کر رونا شروع کر دیتے تھے۔

یہ سب کچھ عرض کرنے کی ضرورت اس لیے محسوس ہوئی کہ مجھے ایسا لگتا ہے کہ ہم علامہ اقبال کی آفاقی شاعری سے بہت دور چلے گئے ہیں۔ ہومر سے لے کر مختلف زبانوں کے متعدد شعرا کو پڑھ چکا ہوں۔ برصغیر کے استاد شعرا بھی نظر سے گزرے ہیں۔ مگر جو شاعری حضرت علامہ اقبال کے قلم سے آشکارا ہوئی وہ حد درجے غیر معمولی ہے۔ یہ محیر العقول کام جذبے اور عشق کا وہ ملاپ ہے جو پڑھنے والے کا دل چیر دیتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اقبال کے کلام میں اتنی گہرائی اور خوشبو کیسے آئی۔

طالب علم ہرگز اس قابل نہیں کہ اس اہم سوال پر جواب تسلی بخش طریقے سے دے پائے۔ مگر معلوم یہ ہوتا ہے کہ قرآن حکیم کی تعلیمات اور آقا ﷺ کے عشق نے علامہ کے ذہن کو اس قدر وسعت دے دی تھی جس کا کوئی شاعر تصور تک نہیں کر سکتا۔ آج بھی یہ سمجھتا ہوں کہ ان کی شاعری آفاقی بھی ہے اور ہم جیسے گنہ گاروں کے لیے تازیانہ کی مانند بھی ہے۔ ذرا شکوہ یا جواب شکوہ اکیلے بیٹھ کر پڑھیئے۔ آج بھی انسان پر رقت طاری ہو جاتی ہے۔ علامہ پر شاعری خدا کی وہ دین ہے جس کو سمجھنا اور سلجھانا حد درجہ مشکل ہے۔ ان کی شاعری نے امت مسلمہ کو وہ سمت دی جو اسے غلامی کی زنجیروں سے آزاد کر سکے۔

بڑی ہمت کر کے جواب شکوہ کے چند لازوال قطعے آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں۔

پیر گردوں نے کہا سن کے کہیں ہے کوئی!
بولے سیارے سر عرش بریں ہے کوئی!
چاند کہتا تھا نہیں اہل زمیں ہے کوئی!
کہکشاں کہتی تھی پوشیدہ یہیں ہے کوئی!
کچھ جو سمجھا مرے شکوے کو تو رضواں سمجھا
مجھے جنت سے نکالا ہوا انساں سمجھا!
تھی فرشتوں کو بھی حیرت کہ یہ آواز ہے کیا!
عرش والوں پہ بھی کھلتا نہیں یہ راز ہے کیا!
تا سر عرش بھی انساں کی تگ و تاز ہے کیا؟
آ گئی خاک کی چٹکی کو بھی پرواز ہے کیا؟
غافل آداب سے سکان زمیں کیسے ہیں!
شوخ و گستاخ یہ پستی کے مکیں کیسے ہیں!
اس قدر شوخ کہ اللہ سے بھی برہم ہے
تھا جو مسجود ملائک یہ وہی آدم ہے؟
عالم کیف ہے دانائے رموز کم ہے
ہاں مگر عجز کے اسرار سے نامحرم ہے
ناز ہے طاقت گفتار پہ انسانوں کو

اسرائیل، فلسطین جنگ بندی پر زور

برطانیہ کے نومنتخب وزیراعظم سر کیئر سٹارمر اور امریکی صدر جو بائیڈن نے پہلی ملاقات میں فلسطین میں جنگ بندی کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا۔ وائٹ ہاؤس کے ترجمان نے ملاقات کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ اس موقع پر سٹارمر اور بائیڈن نے اسرائیل اور فلسطین کے درمیان دو ریاستی حل کے عزم کا اعادہ کیا۔ واضح رہے کہ برطانوی وزیراعظم نارتھ اٹلانٹک ٹریٹی آرگنائزیشن (نیٹو) کی 75 ویں سالگرہ کے سربراہی اجلاس میں شرکت کے لیے امریکہ کے دورے پر ہیں۔ چند روز قبل کی ایک خبر کے مطابق کیئر سٹارمر نے غزہ جنگ بندی اور دو ریاستی حل پر زور دیا تھا، انہوں نے اسرائیلی ہم منصب نیتن یاہو سے ٹیلیفونک گفتگو میں غزہ اور لبنان کی صورتحال پر بات کی تھی اور اسرائیل کی شمالی سرحد کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کیا تھا۔ انہوں نے تمام فریقوں کو احتیاط سے کام لینے کا مشورہ دیتے ہوئے غزہ میں فوری جنگ بندی، یرغمالیوں کی رہائی اور غزہ میں انسانی امداد کی رسائی کی فوری ضرورت پر زور بھی دیا تھا۔ کیئر سٹارمر نے فلسطینی صدر محمود عباس سے بھی ٹیلیفون پر بات کی اور انہیں فلسطین کی بین الاقوامی قانونی حیثیت کا یقین دلایا۔ ان کا کہنا تھا کہ برطانیہ کی امن عمل میں تعاون کو تسلیم کرنے کی دیرینہ پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں آئی، امن وسکون سے زندگی گزارنا فلسطینیوں کا ناقابل تردید حق ہے۔ اسی دوران یہ خبر بھی آئی تھی کہ حماس نے اسرائیلی یرغمالیوں کی رہائی پر بات چیت کی امریکی تجویز قبول کر لی ہے جس کا مطلب ہے کہ حماس اسرائیلی فوج کے مکمل انخلاء کی شرط سے پیچھے ہٹنے پر رضا مند ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق امریکی تجویز میں اسرائیلی یرغمالیوں کی رہائی پر بات چیت پر زور دیا گیا تھا۔

امریکی فارمولے پر بات چیت تاحال جاری ہے، نتیجہ کب سامنے آتا ہے اس بارے میں قبل از وقت کچھ بھی کہنا مشکل ہے، مسئلہ یہ ہے کہ ایک طرف بات چیت جاری ہے اور دوسری طرف بین الاقوامی میڈیا کے مطابق امریکہ نے 500 پاؤنڈ وزنی بموں کی کھیپ جلد اسرائیل بھیجنے کا اعلان کر دیا ہے۔ امریکی حکام کے مطابق مئی کے بعد سے بائیڈن انتظامیہ نے رفح آپریشن کے پیش نظر اسرائیل کو بھاری ہتھیاروں کی فراہمی روک دی تھی۔ بین الاقوامی میڈیا میں یہ تبصرہ بھی جاری ہے کہ حماس کی طرف سے امریکی فارمولے پر رضامندی ظاہر کرتے ہی اسرائیلی حملوں میں تیزی آگئی ہے اور اس نے ایک بار پھر دیگر حملوں کے ساتھ ساتھ سکولوں کو بھی نشانہ

تحریر: ذیشان وڑائچ

بنانا شروع کر دیا ہے۔ اسرائیل نے گزشتہ چار دنوں کے دوران غزہ میں پناہ گاہ کے طور پر استعمال ہونے والے سکولوں پر چار حملے کیے جن میں درجنوں فلسطینی شہید ہوئے۔ چوتھا حملہ جنوبی غزہ میں خان یونس کے مشرق میں واقع الیسان قصبے میں العودہ سکول پر کیا گیا جس میں کم از کم 30 فلسطینی شہید اور 53 زخمی ہو گئے، شہید ہونے والوں میں زیادہ تعداد خواتین اور بچوں کی تھی۔ اسرائیل نے خان یونس اور غزہ شہر کے کچھ حصوں کو خالی کرنے کے نئے احکامات جاری کر دیئے ہیں جس کی وجہ سے ہزاروں لوگ نقل مکانی پر مجبور ہیں جبکہ علاقے کے تین بڑے ہسپتالوں کو بھی بند کیا جا چکا ہے۔ غزہ کی وزارت داخلہ نے ان احکامات کو شہریوں کے خلاف ''نفسیاتی جنگ'' کی ایک شکل قرار دیا ہے۔ واضح رہے کہ اسرائیل یہ ساری کارروائیاں ایسے وقت میں کر رہا ہے جب ثالث 10 ماہ سے جاری تنازعے کو ختم کرنے کی کوشش میں مذاکرات کے اگلے دور کے لیے قطر کا سفر کر رہے ہیں۔ گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران غزہ سے متصل تل الہوا کے علاقے پر اسرائیلی فوج کے حملے میں مزید 30 فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، سول ڈیفنس غزہ نے اس کی تصدیق بھی کی ہے۔ اسرائیل اس قدر منہ زور ہو چکا ہے کہ اب تو وہ اقوام متحدہ کی تنصیبات کو بھی نشانہ بنا رہا ہے، اسی لئے فلسطینی مہاجرین کے لیے اقوام متحدہ کے امدادی ادارے (انروا) کے کمشنر نے چند روز قبل کہا تھا کہ غزہ میں کوئی جگہ محفوظ نہیں ہے، یہاں جلد از جلد جنگ بندی کی ضرورت ہے، عوام تک امداد رسانی جنگ بندی کے بغیر ممکن نہیں ہے۔ اقوام متحدہ کے ادارے یونیسکو کی سربراہ نے بھی اسی قسم کے تاثرات کا اظہار کیا تھا۔

اسرائیل بدمست ہاتھی کی طرح سب کچھ روندنے پر تلا ہوا ہے، اس کو یہ احساس نہیں ہو رہا کہ دنیا بھر میں اس کے لیے نفرت بڑھ رہی ہے بلکہ اس کے حمایتوں کے لیے بھی مشکلات بڑھ رہی ہیں۔ اس کی تازہ ترین مثال برطانیہ کے انتخابات ہیں جہاں کنزرویٹو کے چودہ سالہ راج کو گرہن لگ چکا ہے۔ اسی لیے عوامی خواہشات کی ترجمانی کرتے ہوئے لیبر پارٹی کے نومنتخب وزیراعظم جنگ بندی پر زور دے رہے ہیں، انہیں اچھی طرح احساس ہے کہ کنزرویٹو پارٹی کی شکست میں کس کا ہاتھ ہے۔ اب چند ماہ بعد امریکی صدارتی انتخابات ہونے جا رہے ہیں، اس بارے میں بھی یہی پیش گوئی کی جا رہی ہے کہ اگر تو امریکہ اسرائیل فلسطین جنگ بندی میں کامیاب ہوگیا تو ڈیموکریٹس کے موجودہ صدر بائیڈن انتخاب جیت سکتے ہیں، بصورت دیگر ہار ان کا مقدر ہو سکتی ہے۔ فرانس میں بائیں بازو کی جماعتوں کا اتحاد حکمرانی کا تاج پہنتے پہنتے رہ گیا، ایران میں بھی صدارتی انتخاب میں اعتدال پسند ڈاکٹر مسعود پزشکیان جیت چکے ہیں۔ اسرائیل کے حمایتی بھارت میں بھی نریندر مودی برسر اقتدار تو آ گئے لیکن واضح اکثریت اور ویسی کامیابی حاصل نہیں کر سکے جس کے وہ خواب دیکھ رہے تھے۔ اسرائیل کے خلاف لوگوں کا ردعمل شدید ہوتا جا رہا ہے، عام آدمی بھی احتجاج کا کوئی موقع ہاتھ سے جانے نہیں دیتا چاہے وہ کسی بھی ملک، مذہب یا قومیت سے تعلق رکھتا ہو، اسرائیل نے اب بھی اگر ہوش کے ناخن نہ لیے تو اس کی آنے والی نسلوں کو اس بربریت کا حساب چکانا پڑے گا۔ اب تو اسرائیل کے اپنے اندر سے بھی اس کے خلاف اٹھنے والی آوازیں منظم اور مسلسل مظاہروں میں تبدیل ہو چکی ہیں، مظاہرین کا کہنا ہے کہ ان کے مظاہروں کا مقصد غزہ میں قیدیوں کی رہائی کے لیے جنگ بندی کا معاہدہ کرانے کے علاوہ اسرائیلی حکومت پر نئے انتخابات کے لیے دباؤ ڈالنا ہے۔ حقیقت تو یہ ہے کہ اسرائیلی وزیراعظم صرف اپنی حکومت بچانے کے لیے اسرائیلی یرغمالیوں کی رہائی کو بنیاد بنا کر نہ صرف ہزاروں فلسطینیوں کا ناحق خون بہا رہے ہیں بلکہ فلسطینیوں کی نسل کشی کے مرتکب بھی ہو رہے ہیں، بہتر یہی ہے کہ وہ اپنے حمایتی ممالک کے حالات سے سبق سیکھ لیں۔ پہلے ہی بہت دیر ہو چکی ہے، غزہ کھنڈر بن چکا ہے، فلسطینیوں کی نسل کشی ہو رہی ہے

جماعت اسلامی کا احتجاج کیا حاصل کرسکتا ہے؟

جماعت اسلامی پاکستان کے لیے کسی بھی شہر میں جلسہ کرنا اور دھرنے دینا کوئی مشکل ہے نہ کوئی نئی بات۔ یوں سمجھیے یہ دونوں سیاسی اور احتجاجی کام جماعت اسلامی کے وابستگان کے بائیں ہاتھ کا کھیل ہے۔ اگر یہ کہا جائے کہ جماعت اسلامی کو ان کاموں میں تخصص حاصل ہے تو یہ کہنا کوئی بے جا بھی نہیں ہوگا۔

جب جماعت اسلامی نے اسلام آباد میں دھرنا دینے کا اعلان کیا تو اس وقت یہ سوال اٹھا کہ کیا وہ اسلام آباد میں دھرنا (بعنوان حق دو دھرنا) دے پائیگی؟ کیا اسلام آباد کی انتظامیہ اسے دھرنے کی اجازت اور کھلی چھٹی دے دے گی؟ ابھی چند دن پہلے، 6 جولائی کو، پی ٹی آئی نے اسلام آباد کے مضافاتی علاقے، ترنول، میں جلسہ کرنے کی کوشش کی مگر عین وقت پر اسے جلسہ نہیں کرنے دیا گیا۔ عدالت نے تو مبینہ طور پر پی ٹی آئی کو ترنول میں جلسہ منعقد کرنے کی اجازت دے دی تھی، این او سی بھی جاری کر دیا تھا لیکن جب پی ٹی آئی نے جلسہ گاہ میں اسٹیج بھی تیار کر لیا تھا، اسلام آباد انتظامیہ نے این او سی منسوخ کر دیا۔ پی ٹی آئی ہاتھ ملتی رہ گئی۔ اسلام آباد انتظامیہ نے جلسے کی منسوخی کے لیے وجہ اور دلیل یہ پیش کی کہ (1) عاشورہ محرم کی آمد آمد ہے (2) ترنول میں اسپیکر اور جلسہ گاہ کے ترانوں سے ماحول خراب ہو سکتا ہے (3) ترنول میں کچھ مبینہ شرپسند عناصر کی موجودگی (4) مذکورہ علاقے سے مبینہ طور پر آتشیں اسلحے کی برآمدگی (5) عاشورہ محرم کی وجہ سے پی ٹی آئی جلسہ کی سیکیورٹی کے لیے مقامی پولیس کی عدم دستیابی!

پی ٹی آئی کی لیڈرشپ نے جلسہ منسوخی پر فیل تو بہت مچایا ہے، مگر حالات اور حکومت وانتظامیہ کے تیور اور عزائم ملاحظہ کرتے ہوئے صبر کے گھونٹ پی کر رہ گئے ہیں۔ پی ٹی آئی کے چیئرمین، جناب بیرسٹر گوہر، نے مختصر سی پریس کانفرنس میں جو موقف اپنایا، وہ اس امر کا غماز ہے کہ پی ٹی آئی جلسہ منسوخی پر کوئی احتجاج نہیں کرنا چاہتی۔ یہ بیرسٹر گوہر کی عقلمندی کہی جا سکتی ہے۔ اب وہ کسی اور دن کو یہ جلسہ کرنے کا عندیہ دے رہے ہیں۔ پی ٹی آئی کو مگر اس پر غصہ بہت ہے۔ اس کا اظہار پی ٹی آئی کے ان ارکان اسمبلی اور لیڈروں کے انگارہ صفت بیانات سے مترشح ہوتا ہے جو وہ نجی ٹی ویوں کے پروگراموں میں دھڑلے سے دے رہے ہیں۔ البتہ یہ بات بالیقین کہی جا سکتی ہے کہ اگر پی ٹی آئی جلسہ کرتی تو یہ نہائت کامیاب

تحریر: تنویر قیصر شاہد

ہوتا۔

پی ٹی آئی کا جلسہ تو اس لیے منسوخ کر دیا گیا کہ محرم شریف کی آمد آمد ہے، حالانکہ ابھی ماہ محرم کا چاند طلوع بھی نہیں ہوا تھا۔ سوال اٹھائے جا رہے ہیں کہ اب جب کہ آج محرم کی پانچ تاریخ ہو چکی ہے، اسلام آباد کے قلب میں جماعت اسلامی کو دھرنا دینے کی اجازت کیونکر دی جا سکتی ہے؟ جماعت اسلامی آج جن اساسات پر دھرنا دینے جا رہی ہے، اصولی طور پر ان اساسات پر دھرنا دینا اور احتجاج کرنا عین عوامی مفادات اور احساسات کی ترجمانی ہے۔ امیر جماعت اسلامی کا کہنا تھا کہ دھرنا اس لیے دیا جا رہا ہے کہ حکومت نے نہائت ظالمانہ طریقے سے غریب عوام پر بے جا ٹیکسوں کا نفاذ کر دیا ہے، غریب دشمن بجٹ پیش کیا ہے، بجلی کے بلوں میں قیامت خیز اضافے نے قیامت ڈھا دی ہے۔ ٹیکسوں کی بھرمار اور اوور بلز کے مظالم کے خلاف عوام کو باہر نکلنا ہوگا۔

جماعت اسلامی جو کہہ رہی ہے، لاریب یہ عوام کی ترجمانی ہے۔ حکمران جماعتوں (نون لیگ اور پیپلز پارٹی) نے رل مل کر بجٹ کی شکل میں عوام پر مہنگائی اور گرانی کے لاتعداد نئے بم گرا دیے ہیں۔ عوام کی کراہیں، بلبلاہٹیں اور آہ وزاریاں تا ثریا پہنچ رہی ہیں۔

حکمرانوں نے مگر اپنی آنکھوں اور کانوں پر پٹیاں باندھ رکھی ہیں۔ وزیراعظم صاحب کے وزیرخزانہ کمر توڑ بجٹ پیش کرنے کے بعد بھی عوام کو مزید دھمکیاں دے رہے ہیں کہ ابھی مزید ٹیکس لگیں گے۔ مزید بجلی مہنگی ہوگی۔ گویا حکومت اور حکمرانوں کا ہل من مزید رکنے کا نام ہی نہیں لے رہا۔ وزیراعظم صاحب عوام کے زخموں پر نمک پاشی کرتے ہوئے روزانہ کی بنیاد پر یہ بیان داغ دیتے ہیں: بجٹ میں ہم نے عوام کو ریلیف دیا ہے۔ ارے بھائی، عوام کو عنائت کیا گیا وہ ریلیف کہاں ہے؟ اور اگر یہ ریلیف ہے تو پھر تکلیف کسے کہتے ہیں؟ یاد رکھا جائے عوام مخالف حکومتی زیادتیوں کا ردعمل ضرور سامنے آئیگا۔

یہ ہیں وہ حالات جن کے بارے میں بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ فصل پک چکی ہے؛ چنانچہ حکومت، انتہائی مراعات یافتہ سرکاری اشرافیہ اور متنوع حکمرانوں کے خلاف دھرنے دینے اور احتجاجات کا موسم آ چکا ہے۔ کہا جا سکتا ہے کہ جماعت اسلامی جو احتجاج کر رہی ہے، یہ دراصل عوامی مقاصد، اہداف اور کاز ہیں۔ بجٹ زدگان اور غربت کی لکیر کے نیچے بسنے اور کراہنے والے عوام کی زبان ہے۔ سوال مگر یہ ہے کہ ماضی قریب میں اسٹیبلشمنٹ کا اثاثہ کہلوانے والی جماعت اسلامی اپنے پاؤں اور زبان پر قائم رہ سکے گی؟ عوام کی توقعات اور امیدوں پر کہیں پانی تو نہیں پھیر دے گی؟ حق اور سچ یہ ہے کہ آج عوام نون لیگ، پیپلز پارٹی اور پی ٹی آئی کو آزما کر مایوسیوں کی گہری کھائیوں میں گر چکی ہے۔ مایوسیوں اور ناامیدیوں کے ان اندھیروں میں جماعت اسلامی کی قیادت روشنی کی ایک کرن بن سکتی ہے۔

مصائب زدہ عوام کی دستگیری کر کے وہ مقبولیت اور محبوبیت کے نئے سنگ میل قائم کر سکتی ہے۔ پاکستانی عوام نے مگر ہماری جملہ سیاسی جماعتوں کے دھرنوں اور احتجاجوں کے نام پر اتنے دھوکے کھائے ہیں کہ اب ہر دھرنے کو سراب ہی سمجھا جاتا ہے۔ پی ٹی آئی نے بھی تو مبینہ عوامی مفاد میں 126 روزہ تاریخی دھرنا دیا تھا مگر اقتدار کی دہلیز پار کرتے ہی وہ سب عوامی وعدے بھول بھال گئی۔ سابق امیر جماعت اسلامی، قاضی حسین احمد مرحوم ومغفور، نے بھی نہائت توانا اور پرجوش دھرنے دیے تھے۔ ان سے عوام کو مگر کیا فائدہ پہنچا؟ قاضی صاحب مرحوم کے دور میں بھی نعرے بلند کیے گئے: ظالمو، قاضی آ رہا ہے۔ اور اب نئے امیر کے لیے جماعت اسلامی نعرے لگا رہی ہے: ظالمو، حافظ نعیم آ رہا ہے۔ قاضی صاحب تو ظالموں کا کچھ نہ بگاڑ سکے۔ اور اب دیکھنا یہ ہے کہ حافظ نعیم الرحمٰن صاحب ظالموں کا کچھ بگاڑ کر عوامی مفادات کا تحفظ کیسے کرتے ہیں؟

کی مرے قتل کے بعد اس نے وفا سے توبہ

چیئرمین نیب لیفٹیننٹ جنرل (ر) نذیر بٹ بریگیڈیئر اسد منیر کی قبر پر فاتحہ خوانی کے لیے گئے ہیں اور انھوں نے قبر پر پھول بھی رکھے ہیں۔ بریگیڈیئر (ر) اسد منیر وہی ہیں جنھوں نے نیب کی جانب سے ہراسانی کی وجہ سے خودکشی کر لی تھی اور مرنے سے قبل اپنے لکھے ہوئے نوٹ میں انھوں نے نیب کو اپنی خودکشی کا ذمے دار ٹھہرایا تھا۔ ان کی خودکشی کے تین سال بعد احتساب عدالت نے بریگیڈیئر (ر) اسد منیر کو تمام الزامات سے بری کر دیا اور مکمل طور پر ایک ایماندار شخص قرار دے دیا۔ لیکن تب تک بہت دیر ہو چکی تھی اور وہ دنیا میں واپس نہیں آسکتے تھے۔

انھوں نے اپنے نوٹ میں جہاں اپنی بے گناہی کی بات کی تھی وہاں یہ بھی لکھا تھا کہ وہ ایسا اس لیے کر رہے ہیں کہ آیندہ نیب حکام کسی بے گناہ کو اس طرح ہراساں نہ کر سکیں۔ چیئرمین نیب اسد منیر مرحوم کی قبر پر پھول چڑھانے کے بعد ان کے اہل خانہ کے پاس بھی گئے ہیں۔ پہلے مرحوم اسد منیر کے اہل خانہ انھیں ملنے سے ہچکچاہٹ کر رہے تھے لیکن پھر ملاقات ہوگئی۔ چیئرمین نیب نے مرحوم اسد منیر کی خودکشی کے محرکات جاننے کی کوشش کی اور اسد منیر کے گھر والوں سے تعزیت کی۔ نیب کو بریگیڈیئر (ر) اسد منیر کی خودکشی کے پانچ سال بعد یہ

تحریر: وسیم خان

خیال آیا کہ ان کے اہل خانہ سے تعزیت بھی کی جانی چاہیے اور ان کی قبر پر پھول بھی چڑھانے چاہیے۔

شاید اسد منیر کے اہل خانہ کے پاس اب کہنے کے لیے کچھ نہیں ہے، وہ کس کو اپنا مجرم کہیں؟ خبر یہی ہے کہ چیئرمین نیب اپنے اگلے دورہ لاہور میں میاں جاوید احمد کے گھر جانے کا بھی ارادہ رکھتے ہیں۔ میاں جاوید احمد یونیورسٹی آف سرگودھا کے لاہور کیمپس کے وائس چانسلر تھے۔ نیب کی حراست میں کیمپ جیل میں انھیں دل کا دورہ پڑا، انھیں بروقت طبی امداد نہیں دی جا سکی اور وہ اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ دکھی کر دینے والا منظر یہ تھا کہ جب ان کی لاش اسپتال کے اسٹریچر پر پڑی ہوئی تھی، اس لاش کو بھی جیل اور نیب حکام نے ہتھکڑی لگائی ہوئی تھی۔ نیب اور جیل حکام کو ڈر تھا کہ کہیں استاد کی لاش بھی ان کی حراست سے نہ بھاگ جائے۔

لگی لاش کی تصویر میڈیا پر آئی تو درد دل رکھنے والا ہر شہری غمگین ہوگیا۔ یہ تصاویر اب بھی کسی نہ کسی کے پاس محفوظ ہوں گی۔ چیئرمین نیب اب میاں جاوید مرحوم کی قبر پر بھی جانا چاہتے ہیں اور ان کے اہل خانہ سے بھی ملاقات کرنا چاہتے ہیں۔ ایک رائے یہ ہے کہ چیئرمین نیب ان متاثرین کے گھر اور ان کی قبروں پر جا کر اچھا کام کر رہے ہیں۔ یہ ریاست اور نیب کا ایک مثبت قدم ہے۔

لہذا اس پر تنقید نہیں کرنی چاہیے۔ لیکن میں ایسا نہیں سمجھتا۔ اگر اسد منیر کو ہراساں کرنے والے قانون کے کٹہرے میں نہیں ہیں تو قبر پر پھول چڑھانے کا کوئی فائدہ نہیں۔ چیئرمین نیب کو چاہیے کہ وہ پہلے نیب میں ایک شفاف انکوائری کروائیں، ذمے داران کو سامنے لائیں پھر اسد منیر کے لواحقین سے پوچھا جائے کہ کیا آپ مدعی بننا چاہتے ہیں۔ شاید پھر انصاف کے کچھ تقاضے پورے ہوسکیں۔

مہنگی بجلی، مستقل حل ناگزیر

نیپرا نے گھریلو صارفین کیلئے بجلی کا فی یونٹ زیادہ سے زیادہ ٹیرف 48.84 روپے کر دیا ہے جبکہ 200 یونٹ والے صارفین کو تین ماہ کیلئے اضافے میں استثنیٰ کی حکومتی درخواست بھی منظور کر لی ہے۔ دوسری جانب وفاقی کابینہ نے کمرشل وزرعی صارفین کیلئے بھی بجلی کے بنیادی ٹیرف میں 8.04 روپے تک اضافے کی منظوری دی ہے اور رواں ماہ سے کمرشل صارفین کیلئے فی یونٹ ٹیرف 77 روپے 15 پیسے چارج کیا جائے گا۔ زرعی صارفین کا فی یونٹ ٹیرف 6 روپے 62 پیسے اضافے کے بعد 46 روپے 83 پیسے ہوگا۔ بلک صارفین کیلئے قیمت میں تقریباً ساڑھے پانچ روپے فی یونٹ کا اضافہ کیا گیا۔ ا?ئے روز بجلی کی قیمتوں میں اضافے کے بعد نچلا طبقہ تو کجا، اب متوسط طبقے کیلئے بھی بجلی ناقابل رسا ہو چکی ہے۔ رواں سال اب تک پانچ بار بجلی کے نرخوں میں اضافے کا نوٹیفکیشن جاری کیا جا چکا ہے جبکہ اعداد وشمار کے مطابق اپریل 2022ء سے اب تک فی یونٹ بجلی کی اوسط قیمت میں لگ بھگ 25 روپے تک کا اضافہ ہو چکا ہے۔

ان حالات میں یہ بعید از فہم ہے کہ ملک میں انڈسٹری کا پہیہ کیسے رواں رہ سکتا ہے۔ گزشتہ دو سالوں میں توانائی کی قیمت میں جو بے تحاشا اضافہ ہوا ہے، اس سے انڈسٹری روزانہ کی بنیاد پر بند ہو رہی ہے۔ اگرچہ حکومتی عہدیدار بھی اس بات کا اقرار کر رہے ہیں کہ پاکستان میں بجلی کے نرخ

تحریر: نبیل راجہ

خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے میں کہیں زیادہ ہیں مگر اس کا حل کیا ہے، اس کا جواب کسی کے پاس نہیں ہے۔ قیمتیں بڑھنے سے صنعتی شعبے کیلئے فی یونٹ بجلی کی قیمت 77 روپے سے بھی زائد ہوگئی ہے، جو خطے کے دیگر ممالک سے دو سے تین گنا زیادہ ہے۔ اس وقت بھارت میں صنعتوں کیلئے بجلی چھ سینٹ فی کلوواٹ ہے، یعنی پاکستانی روپوں میں فی یونٹ تقریباً 16 روپے 80 پیسے، بنگلہ دیش میں 8.6 سینٹ، یعنی 22 روپے 40 پیسے اور ویتنام میں 7.2 سینٹ یعنی 20 روپے 16 پیسے فی یونٹ۔ یہی وجہ ہے کہ پاکستانی مصنوعات اب دیگر ممالک سے مسابقت کے قابل نہیں رہیں اور ملکی برا?مدات کا گراف مسلسل تنزل پذیر ہے۔ مالی سال 24-2023ء کے پہلے 11 ماہ میں امریکہ، جو پاکستان کی سب سے بڑی برا?مدی منڈی ہے، کو پاکستانی برا?مدات میں 10.65 فیصد کمی ا?ئی۔ یہ حالات حکومت کیلئے چشم کشا ہونے چاہئیں۔ حکومت کا یہ دعویٰ کہ بجلی کے شعبے کے نقصانات کم کرنے کیلئے قیمت میں مسلسل اضافہ کیا جا رہا ہے، حقیقت سے مطابقت نہیں رکھتا کیونکہ بجلی کی قیمتیں بڑھنے کے باوجود بجلی کے شعبے کا گردشی قرضہ کم ہونے کے بجائے مسلسل بڑھتا جا رہا ہے اور اب 2800 ارب کی سطح پر پہنچ چکا ہے۔ نیپرا کی سالانہ رپورٹ میں بجلی کے شعبے میں مسائل کی اصل جڑ پاور سیکٹر میں خراب طرز حکمرانی کو قرار دیا گیا ہے۔ بجلی کا شعبہ ہمہ جہت مسائل کا شکار ہے مگر حکومت نے تمام بوجھ عام صارفین پر منتقل کر رکھا ہے۔ مثلاً ا?ئے روز بجلی کی بڑھتی قیمتوں کا جائزہ لیا جائے تو اس میں صرف ایندھن کی قیمت ہی شامل نہیں ہوتی بلکہ اسکے ٹیرف میں کپیسٹی پیمنٹس کا بھی بہت بڑا عمل دخل ہے، یعنی وہ ادائیگیاں جو بہرطور نجی پاور پلانٹس کو کرنی ہیں خواہ ان کی پیدا کردہ بجلی استعمال ہو یا نہ ہو۔ اس غیر استعمال شدہ بجلی کے پیسے صارفین ہی سے وصول کیے جاتے ہیں اور اب بجلی کے بلوں میں کپیسٹی چارجز کا اوسط حصہ 70 فیصد تک ہو چلا ہے۔ نیپرا رپورٹ کے مطابق 2023ء میں تھرمل بجلی پیدا کرنے والے پاور پلانٹس کو ادائیگیوں میں استعمال شدہ بجلی کا تناسب محض 35 فیصد تک تھا، یعنی 65 فیصد سے زائد تھرمل بجلی، جو استعمال ہی نہیں کی گئی، اس کا بھی بل ادا کیا گیا۔ مختصراً یہ کہ یہ معاملہ اب زیادہ دیر چلتا دکھائی نہیں دیتا، حکومت کو اب ا?ئی پی پیز کے ساتھ کیے معاہدوں کا از سر نو جائزہ لینا اور اس مسئلے کا کوئی مستقل اور پائیدار حل نکالنا ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

وزیراعظم کا قوم کو مشکلات کے منجدھار سے نکالنے کیلئے سنجیدہ وپختہ عزم

وزیراعظم شہباز شریف نے بدھ کے روز وفاقی کابینہ کے اجلاس میں جو باتیں کہیں، ان سے جہاں قوم کو مشکلات کے منجدھار سے نکالنے کیلئے سنجیدہ کاوشوں کا پختہ عزم نمایاں ہے وہاں وقت کو زیاں سے بچانے کی اہمیت بھی واضح ہے۔ ان کی گفتگو کا لب لباب یہ ہے کہ اس قوم کے لئے وقت کا ایک ایک لمحہ قیمتی ہے جسے ضائع کرنے سے اجتناب برتا جانا اور وقت کا درست طور پر استعمال کیا جانا چاہئے۔ ڈاؤن سائزنگ اور رائٹ سائزنگ کے پس منظر میں کی جانے والی گفتگو میں میاں شہباز شریف کا کہنا تھا کہ مذکورہ کام میں سستی اور تاخیر کے حربے برداشت نہیں کئے جائیں گے۔ پی ڈبلیو ڈی کو ختم کرنے سے انکار کی صورت قابل قبول نہیں۔ فیصلوں پر عملدرآمد اور نفاذ کرنا ہوگا، کسی نے سستی سے کام لیا تو اسے برداشت نہیں کروں گا، کمر کس لیں، پاکستان کے مسائل کو حل کرنا ہے۔ وزیراعظم نے اپنے خطاب میں معاشی اہداف کے حصول کے لئے شفافیت اور خود احتسابی کی ضرورت اجاگر کی اور اس بات پر زور دیا کہ معیشت کی سمت درست کرنے کے لئے کڑے فیصلے اور اصلاحات کرنا ہوں گی۔ ان کا کہنا تھا کہ چین کے ساتھ تعاون کے فروغ میں تیزی سے پیش رفت یقینی بنانا ہوگی، تمام وزارتوں کی کارکردگی بہتر بنانا ہوگی، کفایت شعاری کو اپنانا ہوگا، قوم نتائج چاہتی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ پاکستانی قوم معیشت کی لاغری

تحریر: ہمدان عبداللہ

سمیت جن مسائل سے دوچار ہے ان کے حل کے لئے وزیراعظم دن رات متحرک اور اپنے وقت کا ایک ایک لمحہ ملاقاتوں، میٹنگوں، دوروں میں صرف کر رہے ہیں جن کے مثبت نتائج سامنے آ بھی رہے ہیں۔ حالیہ غیر ملکی دوروں کے نتیجے میں مختلف ممالک کے رہنماؤں سے مذاکرات اور سمجھوتوں کا نتیجہ کئی اچھے امکانات کی صورت میں سامنے آیا ہے۔ سال رواں کی دوسری ششماہی میں پانچ غیر ملکی اہم سربراہان مملکت وحکومت کے دورہ پاکستان سے کئی معاملات میں پیش رفت کی امید ہے جبکہ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے ساتھ اسٹاف سطح کا معاہدہ اسی ماہ طے پانے میں بظاہر کوئی رکاوٹ نظر نہیں آتی کیونکہ آئی ایم ایف کے ساتھ جاری ورچوئل اجلاس میں نئے پروگرام کے حوالے سے تمام اہداف و شرائط پر تقریباً اتفاق ہو چکا ہے۔ آئی ایم ایف کے نئے پیکیج کے اعلان کے فوراً بعد روایتی دوست اور خیر خواہ ممالک کے ساتھ پاکستان میں سرمایہ کاری کا عمل تیزی سے آگے بڑھنے کی توقع ہے یہ پورا عمل متقاضی ہے اس امر کا کہ وقت کا ایک لمحہ بھی ضائع نہ ہونے دیا جائے اور تمام وزارتیں، محکمے اور متعلقہ لوگ تندہی سے کام کریں۔ وطن عزیز اس وقت جس کیفیت سے دوچار ہے اس میں نہ صرف معیشت کو منجدھار سے نکالنے کی ضرورت ہے بلکہ حکومتی مشینری کے ہر حصے کی اوور ہالنگ بھی ناگزیر معلوم ہوتی ہے۔ غفلت، سستی، وقت کا زیاں، عوامی مسائل کے حل میں تاخیر کے مہلک جرائم ہیں جن سے ہمیں اپنے تمام اداروں کو پاک کرنا ہوگا۔ قیام پاکستان کے ابتدائی وقت کی اس کیفیت کو واپس لانا ہوگا جب دفاتر پہنچنے میں چند منٹ کی تاخیر کا شکار ہونے والے سرکاری ملازم خود کو قوم کا مجرم سمجھتے تھے۔ ہمارے راستوں، چوراہوں، ٹاورز اور مارکیٹ میں لگی گھڑیاں ہمیں وقت کے ایک ایک منٹ کے گزرنے کی کیفیت سے آگاہ کرتی رہتی تھیں۔ آج بھی ہمیں نہ صرف اپنے وقت کا زیاں روکنا ہے بلکہ وسائل کی بھی حفاظت کرنی ہے۔ بچت اور کفایت شعاری کا شمار بھی سیانے ا?مدن بڑھانے کے طریقوں میں کرتے ہیں۔ اس کفایت کا مطالبہ اب صاحبان اقتدار اور اشرافیہ سے بھی کیا جانا چاہئے۔ غریب اور متوسط طبقے کے لوگوں کو بیشتر کئی کئی پتھر باندھے ہوئے ہیں۔ اب مراعات یافتہ طبقے سے حصہ بٹانے کا مطالبہ کیا جانا چاہئے اور نظر آنا چاہئے کہ سب لوگ اپنے وقت اور مراعات میں قوم کا حق خاطر خواہ ادا کر رہے ہیں۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

جنگی میدان میں پسپائی کے بعد بھارت کو سفارت کاری یاد آ گئی

عسکری محاذ پر شرمندگی کے بعد بھارت نے سفارتی سطح پر اپنی پوزیشن مضبوط کرنے کی کوشش شروع کر دی ہے

نئی دہلی (اے ایف پی) عسکری محاذ پر شرمندگی کے بعد بھارت نے سفارتی سطح پر اپنی پوزیشن مضبوط کرنے کی کوشش شروع کر دی ہے۔ چھ جنگی طیاروں کی تباہی، میزائل حملوں میں ناکامی اور منہ کی کھانے کے بعد بالآخر بھارت کو احساس ہوا کہ بندوق کے بجائے شاید سفارت کاری کا راستہ اختیار کرنا زیادہ سودمند ہوگا۔ اس مقصد کے تحت بھارتی حکومت نے پارلیمنٹ کے مختلف سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے اراکین پر مشتمل سات سفارتی ٹیمیں تشکیل دے دی ہیں۔ یہ ٹیمیں اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کے رکن ممالک سمیت دیگر اہم عالمی شراکت داروں کا دورہ کریں گی۔ ان کا مقصد ''آپریشن سندور'' سے متعلق بھارت کا موقف واضح کرنا اور عالمی برادری کی ہمدردی حاصل کرنا ہے۔ ان ٹیموں کو تھنک ٹینکس، بین الاقوامی میڈیا اور حکومتی عہدیداروں سے ملاقاتوں کا ٹاسک دیا گیا ہے تاکہ بھارت اپنی جنگی ناکامی کو کسی طرح بیانیے کی کامیابی میں بدل سکے۔ یہ دورے رواں ماہ کے آخر میں متوقع ہیں۔ علاوہ ازیں، بھارت نے 70 مختلف ممالک میں موجود اپنے دفاعی اتاشیوں کو بھی متحرک کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ان اتاشیوں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ غیر ملکی حکومتوں کو اس حوالے سے بریفنگ دیں کہ آپریشن سندور کے دوران جن اہداف کو نشانہ بنایا گیا، ان کا تعلق مبینہ طور پر دہشت گرد تنظیموں سے تھا۔ ذرائع کے مطابق بھارت اس بریفنگ میں سیٹلائٹ تصاویر، مبینہ انٹیلی جنس رپورٹس، ریکارڈ شدہ گفتگو اور تکنیکی شواہد کو بنیاد بنا کر لشکرِ طیبہ اور دی رزسٹنس فرنٹ کا نام شامل کرنے کی کوشش کر رہا ہے، اور یہ ظاہر کرنا چاہتا ہے

انجمن پٹواریان و قانونگویان نوشہرہ نے پٹواری میاں عیسی کیخلاف اینٹی کرپشن کے چھاپہ مسترد کر دیا

اقدام محکمہ مال کے پٹواریوں کو بدنام کرنے کی سازش، واقعہ کی اعلی سطح تحقیقات کا مطالبہ کر دیا

نوشہرہ (این این آئی) انجمن پٹواریان و قانونگویان نوشہرہ نے پٹواری حلقہ میاں عیسی کے خلاف اینٹی کرپشن کے چھاپے کو یکسر مسترد کرتے ہوئے اقدام کو محکمہ مال کے پٹواریوں کو بدنام کرنے کی سازش قرار دے کر واقعہ کی اعلی سطح تحقیقات کا مطالبہ کر دیا نوشہرہ بھر کے پٹواری نے پٹوار خانوں کو تالے لگا کر سراپا احتجاج بن گئے اور کہا ہے کہ اینٹی کرپشن نوشہرہ سرکل نے جس شخص کی مدعیت میں مقدمہ درج کر دیا ہے ان کا انتقال وراثت سال 2020 میں درج کر دیا گیا ہے یہ دو سرکاری اداروں کے مابین تصادم کے سوا کچھ نہیں ہم اینٹی کرپشن کے ان بے بنیاد الزامات اور من گھڑت چھاپوں کو کسی صورت برداشت نہیں کر سکتے ان خیالات کا اظہار انجمن پٹواریان و قانونگویان نوشہرہ کے ضلعی صدر نے اپنی زیر صدارت اجلاس سے خطاب میں کیا ہے انہوں نے مزید کہا کہ اینٹی کرپشن نوشہرہ حلفا بیان کریں کہ کیا انہوں نے پٹواری حلقہ میاں عیسی سے رشوت کی رقم وصول کی ہے کیونکہ جس شخص کی مدعیت میں اینٹی کرپشن والوں نے مقدمے کا اندراج کیا ہے انکی انتقال وراثت سال 2020 میں درج کر دیا گیا ہے اور یہی شخص اینٹی کرپشن اہلکاروں کا ٹاوٹ بنا پھرتا ہے جبکہ حلقہ پٹواری میاں عیسی کے خلاف کاروائی بدنیتی اور سازش کے سوا کچھ نہیں انہوں نے کہا کہ اینٹی کرپشن نوشہرہ حکام و اہلکاران نے من گھڑت اور بے بنیاد الزام پر پٹواری کے خلاف مقدمہ درج کر دیا ہے

راولپنڈی، مری روڈ پر ہیلمٹ فروخت کرنے کے لیے ایک دکاندار گاہکوں کا انتظار کر رہا ہے

غزہ کی نسل کشی اور صیہونی حکومت کے جرائم میں امریکہ بھی شریک ہے: ایروانی

صیہونی حکومت اور اس کے حامی اس غلط فہمی میں ان جرائم کو بڑھا رہے ہیں کہ انہیں ان کے جرائم کی سزا نہیں ملے گی

اقوام متحدہ (اے ایف پی) اقوام متحدہ میں اسلامی جمہوریہ ایران کے سفیر اور مستقل نمائندے امیر سعید ایروانی نے یوم نکبہ کی برسی کے موقع پر اقوام متحدہ کے خصوصی اجلاس میں فلسطینی عوام کے خلاف صیہونی حکومت کے جاری جرائم کا ذکر کرتے ہوئے ان اقدامات کو نسل کشی کا واضح مصداق قرار دیا اور امریکہ کو ان جرائم میں برابر کا شریک قرار دیا۔ اقوام متحدہ میں اسلامی جمہوریہ ایران کے سفیر اور مستقل نمائندے امیر سعید ایروانی نے روز نکبت کی مناسبت سے اقوام متحدہ کے خصوصی اجلاس میں کہا کہ ایسے میں کہ جب ہم اس اجلاس میں اکٹھا ہیں، اسرائیلی حکومت، امریکہ کی حمایت اور مدد سے، جان بوجھ کر اقوام متحدہ کے اسکولوں، بچوں، اسپتالوں، صحافیوں، عملے وغیرہ کو نشانہ بنا رہی ہے اور اب تک تقریباً ساٹھ ہزار افراد شہید اور بہت سے زخمی اور لاپتہ ہو چکے ہیں۔ اسلامی جمہوریہ ایران کے اعلی سفارت کار نے مزید کہا کہ جارح صیہونی حکومت کے گھناؤنے جرائم کے ثبوت ناقابل تردید ہیں اور عالمی برادری، عالمی عدالت انصاف اور دیگر بااختیار عدالتی حکام صیہونی بربریت کے تمام پہلوؤں سے بخوبی واقف ہیں۔ ایروانی نے فلسطینی عوام کے جائز اور قانونی دفاع اور ان کے وطن واپسی کے ناقابل تردید حق پر تاکید کرتے ہوئے مزید کہا کہ صیہونی حکومت اور اس کے حامی عناصر، لاکھوں فلسطینیوں کے بے گھر ہونے، بچوں کے یتیم ہونے، خاندانوں کے سوگوار ہونے اور ان کی روزمرہ کی زندگیوں کی تباہی و بربادی کا بنیادی سبب ہیں اور یہی عناصر، فلسطین اور خطے میں عدم استحکام کے حقیقی ذمہ دار ہیں۔ اقوام متحدہ میں اسلامی جمہوریہ ایران کے سفیر اور مستقل نمائندے نے خبردار کیا کہ ایسے میں جبکہ عالمی برادری نے فلسطینی عوام کے خلاف حکومت کے حملوں کو بند کرنے کا بارہا مطالبہ کیا ہے

تربت، محکمہ صحت بلوچستان کی مانیٹرنگ ٹیم ٹیچنگ ہسپتال تربت کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ اور جائزہ لے رہے ہیں

شدید بھوک عالمی سطح پر انتہا کو پہنچ گئی؛ اقوام متحدہ کی رپورٹ میں خطرناک انکشافات

گزشتہ برس دنیا کے مختلف حصوں میں تقریباً 29 کروڑ 53 لاکھ افراد کو انتہائی بھوک کا سامنا کرنا پڑا

اقوام متحدہ (اے ایف پی) عالمی برادری کیلئے لمحہ فکریہ بننے والی ایک تازہ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ دنیا بھر میں شدید بھوک کا مسئلہ خطرناک حد تک بڑھ چکا ہے۔ اقوام متحدہ کے تعاون سے تیار کی گئی اس رپورٹ کے مطابق گزشتہ برس دنیا کے مختلف حصوں میں تقریباً 29 کروڑ 53 لاکھ افراد کو انتہائی بھوک کا سامنا کرنا پڑا، جو کہ اب تک کی بلند ترین سطح ہے۔ یہ تعداد 2023 کے مقابلے میں بڑھ چکی ہے، جب 28 کروڑ 16 لاکھ افراد شدید غذائی عدم تحفظ کا شکار تھے۔ رپورٹ میں واضح کیا گیا ہے کہ یہ لگاتار چھٹا سال ہے جب ایسے متاثرہ افراد کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔ 65 میں سے 53 ممالک میں کی جانے والی تحقیق سے ظاہر ہوتا ہے کہ ان علاقوں کی کل آبادی کا تقریباً ایک چوتھائی حصہ شدید بھوک سے متاثر ہے۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ قحط کے دہانے پر موجود افراد کی تعداد اب 19 لاکھ تک پہنچ گئی ہے، جو کہ گزشتہ برس کے مقابلے میں دگنا ہے۔ فوڈ سیکیورٹی مانیٹر نے خبردار کیا کہ غزہ میں اسرائیلی ناکہ بندی کے باعث دو ماہ سے زیادہ عرصے سے قحط کا حقیقی خطرہ منڈلا رہا ہے۔ اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے اس صورتِ حال کو 'تباہ کن' قرار دیتے ہوئے کہا کہ غزہ، سوڈان، یمن اور مالی جیسے خطے تنازعات اور دیگر بحرانوں کے باعث شدید بھوک کی زد میں ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ لاکھوں خاندان فاقہ کشی کے دہانے پر ہیں، جبکہ دوسری جانب حیران کن طور پر دنیا بھر میں پیدا ہونے والی ایک تہائی خوراک ضائع کر دی جاتی ہے۔

وزیراعلیٰ پنجاب کے جیل ریفارمز ایجنڈا پر عملدرآمد جاری

محکمہ جیل خانہ جات کے 41 افسران کی بطور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل پروموشن کر دی گئی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے جیل ریفارمز ایجنڈا پر عملدرآمد جاری ہے، محکمہ جیل خانہ جات کے 41 افسران کی بطور ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جیل پروموشن کر دی گئی۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب کی ہدایت پر محکمہ داخلہ نے آرڈرز جاری کر دیے جس کے مطابق ترقی پانے والوں میں ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جوڈیشل ڈسٹرکٹ جیل سیالکوٹ شہزاد حسین، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایگزیکٹو ہائی سکیورٹی پریزن میانوالی شہزاد احمد بھی گریڈ 17 میں پروموٹ، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایگزیکٹو ڈسٹرکٹ جیل جھنگ حافظ محمد رضوان ترقی پانے والوں میں شامل، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جوڈیشل ڈسٹرکٹ جیل اوکاڑہ تصور اقبال پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ جوڈیشل ڈسٹرکٹ جیل نارووال خاور عباس بھی گریڈ 17 میں ترقی پا گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایجوکیشن لاہور محمد افتخار نعیم ترقی پانے والوں میں شامل، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈویلپمنٹ ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ محمد شہباز کی گریڈ 17 میں پروموشن، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ سینٹرل جیل راولپنڈی الفت نعیم پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل قصور محمد اشفاق پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل لیہ عرفان علی پروموشن پانے والوں میں شامل، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل لودھراں محمد اصغر پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ریجنل آفس ساہیوال محمد یونس پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ سینٹرل جیل ساہیوال محمد احمد پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ انسپکٹریٹ آف پریزن فرخ ذیشان پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل بھکر سرفراز خان پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ریجنل آفس فیصل آباد اصغر علی پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل شیخوپورہ عابد علی پروموشن پانے والوں میں شامل، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل اوکاڑہ انیس رانا پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ سینٹرل جیل گوجرانوالہ محمد عرفان پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ انسپکٹریٹ آف پریزن احمد بلال پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل بہاولنگر محمد اقبال پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل فیصل آباد محمد ثاقب پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل ٹوبہ ٹیک سنگھ محسن امین پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ سینٹرل جیل لاہور نوید لیاقت پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ سب جیل شجاع آباد عبدالشکور پروموٹ ہو گئے، ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ڈسٹرکٹ جیل گجرات عامر عباس پروموٹ ہو گئے۔

ٹرمپ کو بڑا دھچکا، امریکی سپریم کورٹ نے تارکین وطن کی ملک بدری کا فیصلہ روک دیا

سپریم کورٹ نے اس اقدام کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے اس پر فوری پابندی عائد کر دی

واشنگٹن (اے ایف پی) واشنگٹن میں ایک اہم قانونی معرکے کے بعد، امریکی سپریم کورٹ نے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کو پناہ گزینوں کی بڑے پیمانے پر ملک بدری سے روک دیا ہے۔ امریکی سپریم کورٹ کا یہ فیصلہ ٹرمپ انتظامیہ کے اس متنازع منصوبے کو ایک بڑا دھچکا ہے جس کے تحت 5 لاکھ سے زائد تارکین وطن کو 24 اپریل تک ملک چھوڑنے کا حکم دیا گیا تھا۔ ٹرمپ نے عدالت کے فیصلے پر سخت ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے کہا، ''جج مجھے وہ کرنے کی اجازت نہیں دے رہے جس کے لیے عوام نے مجھے منتخب کیا تھا۔ یہ امریکا کیلئے ایک برا اور خطرناک دن ہے۔'' یاد رہے کہ صدر ٹرمپ نے اپنی صدارت کے آغاز سے ہی خاص طور پر لاطینی امریکی ممالک سے تعلق رکھنے والے تارکین وطن کے خلاف سخت پالیسیاں اپنائی ہیں۔ انہوں نے اسے ملکی تاریخ کی سب سے بڑی ملک بدری مہم قرار دیا تھا۔ تاہم، سپریم کورٹ نے ''ایلین اینیمیز ایکٹ'' کے تحت اس اقدام کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے اس پر فوری پابندی عائد کر دی۔

امریکا، لاس ویگاس کے جم میں فائرنگ سے 2 افراد ہلاک، تین زخمی

واشنگٹن (اے ایف پی) امریکا کے شہر لاس ویگاس کے جم میں فائرنگ سے 2 افراد ہلاک اور تین زخمی ہو گئے۔ کے مطابق لاس ویگاس میٹروپولیٹن پولیس کے شیرف اینڈ ریوالش نے بتایا کہ شہر کے مغرب میں واقع اتھلیٹک کلب میں فائرنگ کا واقعہ پیش آیا جس میں ایک شخص ہلاک ہو گیا۔ محکمہ پولیس کی سوشل میڈیا پوسٹ میں تصدیق کی گئی ہے

مریخ پر پانی کی دریافت کے حوالے سے اہم پیشرفت

نیو یارک (اے ایف پی) سائنسدانوں نے مریخ پر پانی کی دریافت کے حوالے سے اہم پیشرفت کی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ممکنہ طور پر سرخ سیارے کی سطح سے چند کلومیٹر نیچے سیال پانی کا ذخیرہ موجود ہو سکتا ہے۔ امریکی خلائی ادارے ناسا کے انسائیٹ لینڈر کا ڈیٹا استعمال کرتے ہوئے چینی سائنسدانوں کی سربراہی میں کام کرنے والی بین الاقوامی تحقیقی ٹیم نے مریخ میں زلزلے کی لہروں اور سیارچے ٹکرانے سے مرتب ہونے والے اثرات کا تجزیہ کیا۔ یہ ڈیٹا 2018 سے 2022 کے دوران اکٹھا کیا گیا تھا۔ تحقیق میں مریخ کے ایک ایسے پراسرار خطے کا انکشاف ہوا جہاں ممکنہ طور پر سیال پانی موجود ہو سکتا ہے، درحقیقت یہ سابقہ اندازوں سے زیادہ قریب ہو سکتا ہے۔ اگر مریخ کی سطح سے 5.4 سے 8 کلومیٹر نیچے موجود پانی کی تہہ کی تصدیق ہو جاتی ہے تو یہ بہت بڑی پیشرفت ثابت ہوگی۔ سائنسدانوں کا اندازہ ہے کہ پانی کی اس تہہ کی موٹائی 780 میٹر ہو سکتی ہے۔ جرنل نیشنل سائنس ریویو میں شائع تحقیق میں بتایا گیا کہ یہ مریخ کی بالائی سطح کے نیچے موجود سیال پانی کی موجودگی کے اولین شواہد ہیں، جس سے وہاں پانی کے بہاؤ اور قابل رہائش ماحول کے ارتقا کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔ ناسا کا یہ لینڈر مریخ پر 2018 میں پہنچا تھا

عرب ممالک کی سطح پر غزہ کی تعمیر نو کے لیے قرارداد پر اتفاق ہے، مصر

غزہ میں جاری منظم قتل و غارت گری کو روکنا مصر کی ترجیحات میں شامل ہے، وزیر خارجہ عبدالعاطی

قاہرہ (این این آئی) مصری وزیر خارجہ بدر عبد العاطی نے کہا ہے کہ بغداد میں ہونے والے وزرائے خارجہ کے ابتدائی اجلاس میں آئندہ عرب سربراہی کانفرنس کے ایجنڈے پر اتفاق رائے ہوا، جن میں سرفہرست غزہ کی تعمیر نو سے متعلق قرارداد ہے۔ انہوں نے عرب ٹی وی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ غزہ میں جاری منظم قتل و غارت گری کو روکنا مصر کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ محصور علاقے میں بھوک اور قحط کی صورتِ حال کے پیش نظر امداد کی فوری رسائی نہایت ضروری ہے۔ وزیر خارجہ کے مطابق مصر، قطر اور امریکہ کی مشترکہ کوششوں سے غزہ میں جنگ بندی کے لیے ثالثی کا عمل جاری ہے۔ مصری وزیر خارجہ نے بتایا کہ وزارتی اجلاس میں سوڈان سے اظہارِ یکجہتی کے لیے ایک قرارداد پیش کرنے پر اتفاق ہوا۔

لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام وزیراعلی کا تاریخی اقدام ہے' وزیر بلدیات

ایل ڈی پی کے تحت لاہور کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا، پہلے مرحلے کے دوران چھ زونز میں کام شروع ہے' ذیشان رفیق

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق نے وزیراعلی مریم نواز کے لاہور ڈویلپمنٹ پروگرام (ایل ڈی پی) پر ٹاؤن ہال میں میڈیا بریفنگ کے دوران بتایا ہے کہ صوبائی دارالحکومت کے شہریوں کی سہولت کے لئے یہ وزیراعلی کا ایک تاریخی اقدام ہے جس سے شہر کی خوبصورتی میں نمایاں بہتری آئے گی۔ اس موقع پر وزیر اطلاعات و ثقافت عظمی بخاری، وزیراعلی کے معاونین خصوصی ذیشان ملک، راشد اقبال، ڈپٹی کمشنر سید موسی رضا، ایم ڈی واسا سید غفران احمد اور چیف آفیسر شاہد عباس کاٹھیہ بھی موجود تھے۔ ایل ڈی پی کے لئے قائم کی گئی سٹیئرنگ کمیٹی کے کنوینر وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیراعلی نے لاہور کیلئے 137 ارب روپے کے ترقیاتی پروگرام کی منظوری دی ہے۔ پروگرام کا فوکس لاہور کے ماضی میں نظرانداز شدہ علاقے ہیں۔ پہلی بار دنیا کے دیگر بڑے شہروں کی طرز پر لاہور کی گلیوں کو پہلی بار خوشنما رنگوں والی ٹائلز سے بنایا جا رہا ہے۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ مرحلہ وار سٹریٹ لائٹس کی تنصیب یقینی بنائی جا رہی ہے۔ پارکوں، سڑکوں، سیوریج سسٹم کی بحالی بھی اسی پروگرام کا حصہ ہے۔ وزیر بلدیات نے بتایا کہ برساتی پانی کے تمام ہاٹ سپاٹس پر نکاسی کی جامع سکیمیں جاری ہیں۔ امید ہے کہ موسم برسات سے پہلے انہیں مکمل کر لیا جائے گا۔ لاہور کے ہر شہری کو بنیادی خدمات کی فراہمی وزیراعلی کا ویژن ہے۔ ایل ڈی پی کے تحت لاہور کو دو حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ پہلے مرحلے کے دوران چھ زونز میں کام شروع ہے۔ اگلے مرحلے میں باقیماندہ 3 زونز میں بھی کام کیا جائے گا۔ وزیر بلدیات نے بتایا کہ ایم سی ایل اور واسا دونوں کو الگ الگ ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں اور دونوں ادارے متعلقہ محکموں کے تعاون کے ساتھ کام آگے بڑھا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ لاہور کے ساتھ ہی اس پروگرام کو پورے پنجاب میں توسیع دی جا رہی ہے۔ تمام شہروں میں بنیادی میونسپل خدمات کا پروگرام بھی منظور ہو چکا ہے۔ پنجاب سٹیز ڈویلپمنٹ پروگرام کے پہلے مرحلے پر کام جاری ہے۔ دو تین سال کے اندر یہ میگا پراجیکٹ مکمل کر لیا جائے گا۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ شجرکاری بھی ایل ڈی پی کا جزو ہے اور اس پر بھی عملدرآمد کیا جائے گا

اسلام آباد، ایکسپریس وے پر ایک مزدور پیدل چلنے والوں کے لیے لین کو پینٹ کر رہا ہے

ناقص فیصلوں کی وجہ سے زراعت کو ناقابل تلافی نقصانات کا سامنا ہے، اے کیو ایم

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے بیان میں صوبے میں زراعت کی تباہی کے ذمہ دار زمیندار ایکشن کمیٹی کو قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کے ساتھ بجلی کی مکمل بندش کے بدلے چند منظور نظر زمینداروں کو شمسی پینل دیکر پورے صوبے کو بجلی کی فراہمی سے محروم کرنا غلط اور ناقص فیصلوں کا نتیجہ ہے جسکی وجہ سے بجلی کو ٹو فیڈر کرنے سے زراعت کو ناقابل تلافی نقصان کا سامنا ہے زمیندار ایکشن کمیٹی کے مکمل کابینہ اور ان کے کارندوں کو شمسی پینلز ملنے کے بعد بجلی بندش پر خاموشی اس بات کا ثبوت ہے

غزہ کی پٹی میں ایک نیا اور بڑا فوجی آپریشن شروع کر دیا ہے، اسرائیل

تل ابیب (اے ایف پی) اسرائیلی فوج نے ہفتے کی صبح اعلان کیا ہے کہ اس نے غزہ کی پٹی میں ایک نیا اور بڑا فوجی آپریشن شروع کر دیا ہے۔ العربیہ اردو کے مطابق فوج نے سوشل میڈیا پر جاری بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ روز اسرائیلی افواج نے غزہ کے مختلف علاقوں میں مکمل حملے شروع کیے اور اپنی افواج کو تعینات کیا تاکہ ان علاقوں پر عملی کنٹرول حاصل کیا جا سکے۔ فوج کے مطابق یہ کارروائیاں جنگ کے مقاصد کے حصول کا حصہ ہیں جن میں قیدیوں کی رہائی شامل ہے۔ اس سے قبل اسرائیلی ذرائع ابلاغ نے بتایا تھا کہ یہ کارروائیاں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دورہ مشرق وسطی کے بعد وسیع کی جائیں گی بشرطیکہ اس وقت تک غزہ کے بارے میں کوئی نیا معاہدہ نہ ہو جائے۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے خلیجی ممالک کا اپنا کئی روزہ دورہ مکمل کر لیا اور ابھی تک کسی نئے معاہدے کی کوئی صورت دکھائی نہیں دیتی۔ گزشتہ روز فلسطینی سرکاری خبر رساں ایجنسی وفا نے بتایا کہ جمعرات کی شام سے غزہ کی پٹی کے شمال میں اسرائیلی فضائی حملوں کے نتیجے میں 100 افراد شہید ہو چکے ہیں۔

غزہ فروخت کیلئے نہیں ہے، ٹرمپ کو حماس کا منہ توڑ جواب

واشنگٹن/غزہ (اے ایف پی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس بیان کے جواب میں کہ جس میں واشنگٹن کی جانب سے غزہ کی پٹی پر قبضہ کرنے اور اسے فری زون میں تبدیل کرنے کی خواہش کا اظہار کیا گیا تھا، حماس نے زور دیکر کہا ہے کہ غزہ فروخت کے لیے نہیں ہے۔ حماس کے سیاسی بیورو کے رکن باسم نعیم نے ایک بیان میں مزید کہا

بھارت کا دریائے سندھ کے پانی میں پاکستان کا حصہ کم کرنے کے منصوبے پر غور

مودی نے حکام کو دریائے چناب، جہلم اور سندھ پر منصوبوں پر عمل درآمد تیز کرنے کی ہدایت کر دی، برطانوی اخبار

لندن (این این آئی) برطانوی اخبار نے چار ذرائع کے حوالے سے بتایا ہے کہ بھارت دریائے سندھ سے نکالے جانے والے پانی کی مقدار میں اضافے کے منصوبوں پر غور کر رہا ہے جو زیریں علاقوں میں واقع پاکستانی کھیتوں کو بڑے پیمانے پر سیراب کرتا ہے۔ یہ اقدام اپریل میں ہونے والے ایک مہلک حملے کے ردعمل میں کیا جا رہا ہے جس کا الزام نئی دہلی نے اسلام آباد پر عائد کیا تھا۔ برطانوی اخبار کی رپورٹس کے مطابق نئی دہلی نے 1960 کے سندھ طاس معاہدے میں اپنی شرکت معطل کر دی ہے۔ یہ معاہدہ دریائے سندھ کے استعمال کو منظم کرتا ہے۔ یہ اقدام اس واقعے کے فوراً بعد کیا گیا جس میں مقبوضہ کشمیر کے علاقے پہلگام میں 26 افراد ہلاک ہوئے تھے اور جسے بھارت نے دہشت گردی کی کارروائی قرار دیا تھا۔ پاکستان نے اس واقعے میں ملوث ہونے کی تردید کی تاہم جوہری ہتھیاروں سے لیس دونوں ہمسایہ ممالک کے درمیان اس ہفتے کے اوائل میں دہائیوں کی بدترین لڑائی ہوئی۔ پھر جنگ بندی پر اتفاق کے باوجود اس معاہدے کو دوبارہ فعال نہیں کیا گیا۔ چھ ذرائع نے رائٹرز کو بتایا کہ 22 اپریل کے حملے کے بعد بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی نے حکام کو دریائے چناب، جہلم اور سندھ پر منصوبوں کی منصوبہ بندی اور عمل درآمد تیز کرنے کی ہدایت کی ہے۔

سبی میں 50C، تربت میں 45C اور کوئٹہ میں 40C ریکارڈ

گرمی کی شدت 49C تک محسوس، شہریوں نے حفاظتی انتظامات کا مطالبہ کر دیا

سبی (یو این اے) ملک کے چند حصوں میں شدید گرمی کی لہر جاری ہے۔ محکمہ موسمیات کے تازہ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ روز سبی میں درجہ حرارت 50 ڈگری سینٹی گریڈ تک پہنچ گیا، تربت میں 45C جبکہ کوئٹہ میں 40C ریکارڈ ہوا۔ تاہم ہوا میں نمی اور تابکاری کے باعث سبی میں گرمی کی شدت 49C تک محسوس کی گئیں، جو غیر معمولی حد تک خطرناک سمجھی جا رہی ہیں۔ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ یہ لہر آئندہ دو روز تک برقرار رہنے کا امکان ہے۔ شہری حلقوں نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ بازاروں اور عوامی مقامات پر فوری طور پر پانی کے اسٹالز اور ٹینٹوں میں چھاں کا انتظام کیا جائے۔ ضلعی انتظامیہ کو بھی چاہیے کہ گرمی کے باعث بزرگ، بچے اور بیمار افراد کے لیے خصوصی نگہداشت کے مراکز قائم کیے جائیں تاکہ ہیٹ اسٹروک کے واقعات میں کمی لائی جا سکے۔ محکمہ صحت نے عوام کو ہدایت کی ہے کہ وہ دن کے گرم ترین اوقات (دوپہر 12 بجے سے شام 4 بجے تک) میں غیر ضروری طور پر باہر نکلنے سے گریز کریں، پانی اور دیگر مائع اشیا زیادہ مقدار میں استعمال کریں، اور پرسکون لباس پہنیں۔ ساتھ ہی مائع نمک (ORSL) اور تازہ پھل و سبزیوں پر مشتمل غذا کو اپنی خوراک کا حصہ بنانے کا بھی کہا گیا ہے۔ محکمہ موسمیات نے کسانوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ کھیتی کے اوقات میں تبدیلی کریں

سابق سربراہ شن بیت کا غزہ جنگ فوری بند کرنے کا مطالبہ

غزہ کی جنگ اب اسرائیل کے قومی مقاصد کے لیے مزید فائدہ مند نہیں، آمی ایالون

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل کی شن بیت سکیورٹی سروس کے سابق سربراہ اور اسرائیلی بحریہ کے کمانڈر ان چیف نے غزہ تنازعہ فوراً ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل نے تمام فوجی اہداف حاصل کر لیے ہیں اور یہ کہ جنگ جاری رکھنے سے قیدیوں کی جانوں کو مزید خطرہ ہے اور ملک کے تزویراتی سٹریٹجک مفادات کو نقصان پہنچتا ہے۔ غیر ملکی ٹی وی سے بات چیت میں آمی ایالون نے مارچ میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے نام ایک کھلے خط کے پسِ پردہ اسباب کے بارے میں بتایا اور یہ اعلان کیا کہ غزہ جنگ اب اسرائیل کے قومی مقاصد کے لیے مزید فائدہ مند نہیں۔ انہوں نے کہا، فوری وجہ قیدی تھے۔ ہمارے قیدی بدستور سرنگوں میں کہیں نہ کہیں موجود ہیں۔ اور وہ ہر روز مر رہے ہیں۔ ہم سمجھتے ہیں کہ ہم ایک دوسرے پر اعتبار کرتے ہیں۔ اس لیے ہم فتح کے جوہر کو اس وقت تک بیان نہیں کر سکتے جب تک کہ ہم انہیں واپس نہ لے آئیں۔ اگرچہ ایالون نے کہا کہ حماس کے سات اکتوبر 2023 کے حملے کے بعد تنازعہ ایک منصفانہ جنگ کے طور پر شروع ہوا - ہم نے حماس کے استعمال کردہ خوف اور تشدد کے خلاف کام کیا -

"SAY NO TO CORRUPTION"

GOVERNMENT OF PAKISTAN
MINISTRY OF COMMUNICATIONS

NATIONAL HIGHWAY AUTHORITY
(BALOCHISTAN WEST-MAKRAN, GWADAR)

INVITATION TO e-BIDS

01x EMERGENCY MAINTENANCE WORK FOR MAINTENANCE OF SHOULDER AND DRAIN PROTECTION WORK FROM KM 137+000 TO KM 138+000 ON N-10

1. National Highway Authority (NHA) **invites e-Bids** from the Contractors, registered with Income Tax Department and registration with Pakistan Engineering Council for the Year 2026. Bid Security amounting to Rupees 2% of Engineer's Estimate for shape of P.O/CDR in favor of "National Highway Authority (Road Maintenance Fund-Security Deposit)". Details are as under: -

S#.	DESCRIPTION	CONTRACT NO.	ENGINEER'S ESTIMATE (RS.)	PEC CATEGORY/ SPECIALIZATION CODES
1	MAINTENANCE OF SHOULDER AND DRAIN PROTECTION WORK FROM KM 137+000 TO KM 138+000 ON N-10	EM-BW-2025-26-01	14,532,567/-	C-5 & Above/ CE-01 & C-10

2. Bidding Documents, containing method of procurement (**Single Stage – Two Envelopes**), detailed terms and conditions etc will be available on the website mentioned below from **September 02, 2026** for downloading free of cost. Prospective Bidders are also advised to follow the said NHA website for updates of schedule and addendum(s) if any.
3. The e-Bids, prepared in accordance with the instructions provided in the Bidding Documents, must reach at the address mentioned below on or before **September 17, 2026** till **1100 Hours**. **Technical e-Bids** will be opened on the same day at **1130 Hours** in the presence of all Bidders or their authorized representatives.
4. Bidders providing unsubstantiated and/or incorrect information shall be liable to disqualification and/or legal action. Any default firms will not be considered as eligible bidder.
5. NHA Reserves the right to reject all the Bids as per PPRA Rules.
6. **All Firms are advised to get EPADS (PPRA) registration at www.eprocure.gov.pk immediately, as Manual Bids (Hard Copy) will be eliminated in upcoming procurements.**
7. This Advertisement is also available on PPRA website at **www.ppra.org.pk**.

DIRECTOR (MAINTENANCE) BALOCHISTAN WEST-MAKRAN REGION
National Highway Authority
NHA Complex, Fish Harbor Road, Gwadar
Phone: 086-4210199 & Email: dirmaint-bw@nha.gov.pk
Website:www.ebidding.nha.gov.pk
محفوظ شاہراہیں محفوظ پاکستان
PID(I)1867/26

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The Executive Engineer Roads Provincial B& R Lasbela invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2026 on Percentage Rates **Tender Fee 1500 PKR and Bid Security 2% for each work**

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-2627081177783	Construction of New BT Road Birdi Goth Charni Tehsil Liari. 5 KM 1st Phase. PSDP#1419/Z2026.3228	10 September,2026 12:00 PM	01:00 PM	28,856,070
2	TSE-2627081177763	Constt: of o.5 KM BT road For Mr Abdullah Tehsil Liari Lasbela PSDP#1227/Z2026.0640	10 September,2026 12:00 PM	01:00 PM	19,900,395
3	TSE-2627081177723	Construction of Black Top Road From Main RCD Faqira Stop Gullu Achra / Puno Sabra /Nako qadri Baloch/ Sooma Shaikh M.Ali Goonga Goth & Other at Lasbela. PSDP#1222/Z2026.0628	10 September,2026 12:00 PM	01:00 PM	28,856,013
4	TSE-2627081177683	BT Road 5 KM Needed Mangia Goth Ahora 1st Phase Lasbela ID Code Z2026.0626 PSDP No 1221(2026-27)	10 September,2026 12:00 PM	01:00 PM	34,826,241

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-2627081177783, TSE-2627081177763, TSE-2627081177723, TSE-2627081177683) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee. **Address:** OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER(ROADS) COMMUNICATION WORKS PP&H DISTRICT LASBELA Main RCD Road Uthal District Lasbela **Phone no:** 0853363462 **Fax no:** 0853363122 Email: xenroadlasbela@gmail.com

Executive Engineer Roads CWPP&H Department District Lasbela

DPRQ/PRQ No.1052/25-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

TENDER NOTICE

The Balochistan Institute of nephro-Urology Quetta (BINUQ) invites bids from eligible Bidders for supply of following items. **TSE-2627081154492 Only electronic bid will be submitted, No physical bid is required. Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. T/Fee 1000 PKR**

S.No	Class of Object	Bid Security
1	Healthcare Services (Total Item(s) Count: 89)	1,000,000 PKR

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** 3 Assignments of Similar Nature and Complexity Worth PKR. 10 Million each in Previous 3 Years Accumualted Turn over of at least PKR.20 Million in 3 Subsequent Previous Years Presence in Active Tax Payer List BRA Registration Certificate The bidding firm must not be currently blacklisted by any procuring agency of Pakistan Mandatory Mandatory Mandatory Mandatory **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of amount 1,000,000 PKR specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The NIT & Bidding Document can be obtained electronically from www.bppra.gob.pk **Issuance of tender Documents:** Complete Bidding Document can be viewed at www.bppra.gob.pk **Last Date of bid submission:** Bid can only be submitted electronically latest by 10 September, 2026till 12:00 PM through supplier dashboard. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at 01:00 PM on EPPS System Address: Balochistan Institute of nephro-Urology Quetta (BINUQ) samungli Road Quetta Phone no: 0819204701 Email: info.binuq@gmail.com

Balochistan Institute of nephro-Urology Quetta (BINUQ)

DPRQ/PRQNo.1034/25-8-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

بعدالت اسپیشل جج انسداد دہشت گردی بمقام حب

اشتہار بحکم احضار شخص ملزمان زیر دفعہ (87 ض ف)

مقدمہ نمبر 66/26 FIR نمبر 123/25 سرکار بنام:۔ مولا بخش عرف مولو وغیرہ

جرم زیر دفعہ I- 21, 7 (2), 7 (1) (i), 7 (1) (h), 7 (i) (b), 7 (2) 1 (f) 11 ATA پولیس تھانہ CTD خضدار ہرگاہ ہمارے روبرو اس امر کی نالش دائر ہوئی ہے کہ ملزمان مولا بخش عرف مولو ولد عبدالحکیم، بشیر عرف زاہد ولد پیر محمد سکنہ پیراندر، ہاشم ولد سبزل سکنہ کھوڑ وجھاؤ، سفر خان عرف پھولی، اجمل عرف رستم، اکبر ولد سبزل، سلام ولد محمد خان، محمد آصف علی ولد ابراہیم سکنہ جھاؤ، اختر ندیم عرف میجر گہرام بلوچ، لال بخش، ڈاکٹر اللہ نذر ولد نبی بخش سکنہ مشکے جرم زیر دفعہ ATA I- 21, 7 (2), 7 (1) (i), 7 (1) (h), 7 (i) (b), 7 (2) 1 (f) 11 کے مرتکب ہوئے ہیں یا ان پر ارتکاب جرم کا شبہ ہے از روئے کیفیت تعمیل وارنٹ گرفتاری جو بہ طبق نالش متعلقہ جاری ہوئے تھے کہ مسمی مذکورہ دستیاب نہیں ہو سکتے اور ہرگاہ حسب اطمینان ہمارے ثابت ہوا ہے کہ مذکورہ ملزمان فرار ہو گئے ہیں یا انہوں نے وارنٹ گرفتاری کی تعمیل سے گریز کرنے کیلئے اپنے آپ کو روپوش کیا ہوا ہے لہذا اس اشتہار کی رو سے حکم دیا جاتا ہے کہ مسمی ملزمان مولا بخش عرف مولو ولد عبدالحکیم، بشیر عرف زاہد ولد پیر محمد سکنہ پیراندر، ہاشم ولد سبزل سکنہ جھاؤ، سفر خان عرف پھولی، اجمل عرف رستم، اکبر ولد سبزل، سلام ولد محمد خان، محمد آصف علی ولد ابراہیم سکنہ جھاؤ، اختر ندیم عرف میجر گہرام بلوچ، لال بخش، ڈاکٹر اللہ نذر ولد نبی بخش سکنہ مشکے کو لازم ہے کہ بتاریخ 02-09-2026 کو عدالت انسداد دہشتگردی بمقام اس عدالت میں جواب دہی نالش کیلئے حاضر ہو جائیں۔

اسپیشل جج انسداد دہشتگردی عدالت حب

PRQ No1041/25-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRAGOB. The Executive Engineer-Building CWPP&H Department District Gwadar invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2026 on Percentage Rates

S. No	Name of Works	E/Cost	Tender Fee	Bid Security	Time Limit
	BALOCHISTAN SPECIAL DEVELOPMENT INITIATIVE (PHASE-III)				
1	REPAIR & RENOVATION OF DISTRICT COUNCIL HALL GWADAR. **TSE-2627081176813**	994,458	1,000 PKR	2%	09 Months
2	CONSTRUCTION OF FUTSAL IN CHURBANDAR TEHSIL PASNI **TSE-2627081176863**	25,870,741	1,000 PKR	2%	09 Months
3	REPAIR / RENOVATION OF THALASSEMIA BUILDING AT MIR ABDULGHAFOOR TEACHING HOSPITAL GWADAR **TSE-2627081177173**	5,970,149	1,000 PKR	2%	09 Months
4	RENOVATION OF ZAHOOR SHAH ACADEMY GWADAR **TSE-2627081177233**	4,975,217	1,000 PKR	2%	09 Months

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules–2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of atleast 70% for each work in 2 subsequent previous years Showing financial capacity of the firm **Procedure Of Procurement:** Single Stage One Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of **Bank Guarantee, Deposit at Call** of 2 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed **1,000 PKR Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 9th **September, 2026** during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 9th **September, 2026** till **11:30 AM**. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under- signed at **12:30 PM Address:** Office of Executive Engineer Building Fish Harbour Road Near Civil Hospital Gwadar **Phone no:**0864210534 **Fax no:**0864210534
Email: xen2provincialgwadar@gmail.com

Executive Engineer-Buildings CWPP&H Department District Gwadar

DPRQ/PRQ No.1022/25-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

NOTICE INVITING TENDER

Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB The Municipal Corporation Hub invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2018 on Percentage Rates
Tender Fee 1000 PKR and Bid Security 2% for each work

S. No	TSE Number	Name of Work's	Last Date and Time of Bid Submission	Tender Opening	Estimated Cost
1	TSE-2627081170453	LAYING OF SEWERAGE LINE AND TUFF TILE (CONCRETE PAVERS) IN PATHAR COLONY AND LAYING OF SEWERAGE AND TUFF TILE IN BALOCH COLONY (BSDI - 202627)	08 September, 2026 11:00 AM	12:00 PM	65,000,000
2	TSE-2627081170423	LAYING OF TUFF TILE & LAYING OG SEWERAGE LINE IN DIFFERENT STREET OF MUHALLAH QASIM ABAD BHAWANI AND LAYING OF SEWERAGE LINE AND TUFF TILE (CONCRETE PAVER) IN AKRAM COLONY HUB (BSDI - 202627)	08 September, 2026 11:00 AM	12:00 PM	30,000,000
3	TSE-2627081170363	CONSTRUCTION OF BOUNDARY WALL FOR GRAVEYARD AND INSTALLATION OF STREET LIGHT FOR GOTH HAJI IBRAHIM SHAIKH GOTH HUB (BSDI - 202627)	08 September, 2026 11:00 AM	12:00 PM	25,000,000
4	TSE-2627081170323	CONSTRUCTION OF BOUNDARY WALL FOR DODA GOTH HOSPITAL AND LAYING OF TUFF TILE AND CONSTRUCTION OF TUFF TILE AKBAR COLONY HUB (BSDI - 202627)	08 September, 2026 11:00 AM	12:00 PM	17,000,000

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Eligibility Criteria for bidders may be seen in the Bidding Documents **Bidding Procedure:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure (TSE-2627081170453, TSE-2627081170423, TSE-2627081170363, TSE-2627081170323) **Tender Documents:** The Bidding document can be downloaded from www.bppra.gob.pk (free of cost) and the same can also be obtained from the office of the under-signed upon payment of prescribed tender fee.
Address: Municipal Corporation, HubPhone no: 3342833019
Email: Info.mcorporation@gmail.com

Chief Officer Municipal Corporation Hub

DAB/ABNo.257/24-08-2026

www.dpr.gob.pk. @dpr_gob dpr.gob @dgpr.balochistan

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون وفیکس 0853-310203 Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

سپورٹس SPORTS

پاکستان ٹیسٹ ٹیم کی جرسی سوشل میڈیا پر مذاق بن گئی، بڑے سائز کے سویٹر پر تنقید

شاید امی نے خریدے ہوں گے، ایک دو سال اور چل جائیں گے، صارف کا تبصرہ

ہیڈنگلے (سپورٹس نیوز) انگلینڈ کے خلاف ہیڈنگلے میں کھیلے گئے پہلے ٹیسٹ کے دوران پاکستان کرکٹ ٹیم کی روایتی کریم رنگ کی ٹیسٹ جرسی اور سویٹر سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن گئے۔ پاکستانی کھلاڑیوں کے سویٹر غیر معمولی طور پر بڑے اور ڈھیلے نظر آئے جبکہ لمبی آستینوں اور ڈھیلی کمر کے باعث شائقین نے کٹ کے انتخاب پر سوالات اٹھائے۔ سوشل میڈیا صارفین نے بڑے سائز کے سویٹرز پر دلچسپ تبصرے کیے۔ ایک صارف نے طنزیہ انداز میں لکھا کہ لگتا ہے صرف XXL اور XXXL سائز دستیاب تھے، جیسے کلیئرنس سیل لگی ہو۔ ایک اور صارف نے تبصرہ کیا کہ شاید امی نے خریدے ہوں گے، ایک دو سال اور چل جائیں گے۔ کئی صارفین نے سویٹرز کے سپلائر اور ٹیم مینجمنٹ سے بھی سوالات کیے جبکہ بعض نے اسے قومی ٹیم کی کٹ کا غیر مناسب انتخاب قرار دیا۔ سوشل میڈیا پر یہ بحث ایسے وقت میں ہوئی جب میدان میں بھی پاکستان ٹیم کو مشکلات کا سامنا رہا۔ انگلینڈ نے پہلے ٹیسٹ میں پاکستان کو اننگز اور 103 رنز سے شکست دی۔ پاکستان پہلی اننگز میں 171 جبکہ دوسری اننگز میں 135 رنز پر آؤٹ ہوگیا۔ انگلینڈ کی جانب سے اولی رابنسن نے میچ میں 8 وکٹیں حاصل کر کے پلیئر آف دی میچ کا اعزاز حاصل کیا جبکہ جوش ٹنگ نے بھی 8 وکٹیں حاصل کیں۔ پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان سیریز کا دوسرا ٹیسٹ لارڈز میں جمعرات سے شروع ہوگا جہاں قومی ٹیم کے پاس پہلے ٹیسٹ کی شکست اور سویٹرز پر ہونے والی تنقید کا جواب میدان میں دینے کا موقع ہوگا۔

لیونل میسی کا 14واں گول بھی ضائع

انٹر میامی کو ٹورنٹو ایف سی کے ہاتھوں سخت مقابلے کے بعد 2-1 سے شکست

میامی (سپورٹس نیوز) انٹر میامی کو سخت مقابلے کے بعد ٹورنٹو ایف سی کے ہاتھوں 2-1 سے شکست کا سامنا کرنا پڑا، جس کے بعد ٹیم اپنے آخری 5 میچوں میں 4 شکستیں کھا چکی ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق لیونل میسی کے سیزن کے 14ویں گول کے باوجود انٹر میامی کو ہوم گراؤنڈ پر ٹورنٹو ایف سی کے ہاتھوں ناکامی کا سامنا کرنا پڑا، جو گزشتہ 5 میچوں میں ان کی رو ڈریگو ڈی پال کے پاس پر لیونل میسی نے گیند کو جال میں پہنچا کر واپسی کی امیدیں تو جگائیں لیکن ٹیم کو شکست سے نہ بچا سکے۔ اس ناکامی کے بعد انٹر میامی کی ٹیم ایسٹرن کانفرنس ٹیبل پر سرفہرست نیش ول سے 10 پوائنٹس پیچھے چلی گئی ہے، جبکہ انٹر میامی کے ہیڈ کوچ گلیر مو ہوؤس نے مسلسل خراب نتائج کی تمام تر ذمہ داری قبول کر لی ہے۔ گلیر مو ہوؤس نے کہا کہ

4ویں شکست ہے۔ نوسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ کے دوسرے ہاف میں ٹورنٹو کے جوش سارجنٹ اور ڈیرک ایٹین جونیئر نے محض 3 منٹ کے وقفے میں 2 گول داغ کر اپنی ٹیم کو برتری دلائی۔ کھیل ختم ہونے سے 8 منٹ پہلے مسلسل شکستوں نے ٹیم کے حوصلے اور ذہنی کیفیت کو متاثر کیا ہے۔ دوسری جانب ٹورنٹو ایف سی نے مسلسل 4 میچوں میں ناقابل شکست رہتے ہوئے پلے آف میں جگہ بنانے کی اپنی امیدیں دوبارہ زندہ کر دی ہیں۔

روم، سائیکل ریس کے پہلے مرحلے کے دوران سوار منزل کی جانب رواں دواں ہیں

انگلینڈ کیخلاف لارڈز ٹیسٹ کیلئے پاکستان ٹیم میں تبدیلیوں کا امکان

دوسرا ٹیسٹ 27 اگست سے لارڈز میں شروع ہوگا، لندن پہنچنے کے بعد کنڈیشنز کو سامنے رکھ کر پلیئنگ الیون کو حتمی شکل دی جائیگی

لارڈز (ندائے وطن نیوز) پہلے میچ میں شکست کے بعد انگلینڈ کے خلاف لارڈز ٹیسٹ کے لیے پاکستان ٹیم میں تبدیلیوں کا امکان ہے، سیریز کا دوسرا ٹیسٹ 27 اگست سے لارڈز میں شروع ہو گا، لندن پہنچنے کے بعد کنڈیشنز کو سامنے رکھ کر پلیئنگ الیون کو حتمی شکل دی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق لیڈز ٹیسٹ میں بڑے مارجن سے شکست کے بعد مینجمنٹ ٹیم میں تبدیلیوں پر غور کر رہی ہے، وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان کو آرام دیا جا سکتا ہے۔ مینجمنٹ بابر اعظم کی واپسی کے لیے پُر امید ہے، بابر انگلی کی انجری کے باعث پہلا ٹیسٹ نہیں کھیلے تھے، ان کی واپسی کی صورت میں اذان اویس کو ڈراپ کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق لندن کی ڈرائی کنڈیشنز کے باعث ٹیم 2 اسپنرز کے ساتھ میدان میں اتر سکتی ہے، اسپیڈ کی وجہ سے لارڈز ٹیسٹ کے لیے فاسٹ بولر عبید شاہ کو ترجیح دیے جانے کا امکان ہے، لندن کی کنڈیشنز مختلف اور ڈرائی ہیں، فلیٹ پچ کی توقع کی جا رہی ہے۔

☆☆☆☆☆

پاکستانی ویمن فٹ بالر مریم محمود نے انٹرنیشنل آنرز بورڈ پر جگہ بنالی

انٹرنیشنل آنرز بورڈ پر اپنا نام دیکھ کر بہت خوشی اور فخر محسوس ہو رہا ہے، گفتگو

لندن (ندائے وطن نیوز) پاکستان ویمن فٹ بال ٹیم کی پلیئر مریم محمود ریکسہم ایف سی ویمن کی انٹرنیشنل آنرز بورڈ پر جگہ بنانے والی پہلی خاتون کھلاڑی بن گئیں۔ برطانوی فٹ بال کلب کے انٹرنیشنل آنرز بورڈ پر پاکستان مینز ٹیم کے عمر نواز کا نام بھی شامل ہے۔ پاکستان کی نمائندگی کرنے پر ریکسہم ایف سی نے مریم محمود کو انٹرنیشنل آنرز بورڈ پر اعزاز دے دیا۔ مریم محمود نے کہا کہ انٹرنیشنل آنرز بورڈ پر اپنا نام دیکھ کر بہت خوشی اور فخر محسوس ہو رہا ہے، پاکستان کی انٹرنیشنل سطح پر نمائندگی کا سفر ناقابل یقین ہے۔ انہوں نے کہا کہ انٹرنیشنل آنرز بورڈ پر کلب کے لیجنڈز کے ساتھ اپنا نام دیکھنا غیر یقینی سا لگا، پاکستان کی نمائندگی پر جذبات بیان کرنے کے لیے الفاظ نہیں۔ پاکستان ویمن فٹ بال ٹیم کی پلیئر نے کہا کہ پاکستان کے لیے ڈیبیو اور فیملیز کی بھرپور حمایت ناقابل یقین تھی، نوجوان نسل کو زیادہ سے زیادہ متاثر کرنا میرا ذاتی مقصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئیوری کوسٹ میں پاکستان کی جانب سے 3 میچز کھیلنا یادگار تجربہ تھا، ترکز اینڈ کائیکوس کے خلاف پاکستان کے لیے گول کرنا میرے لیے بہت خاص تھا۔ مریم محمود نے کہا کہ بچپن میں کوئی خاتون رول ماڈل نہیں تھی، خوشی ہے کہ میں نوجوان لڑکیوں کے لیے وہ کردار ادا کر سکوں۔

☆☆☆☆☆

پاکستان کی موجودہ ٹیسٹ ٹیم گزشتہ 50 برس کی بدترین ٹیم قرار

برطانوی صحافی برس پڑے

لندن (ندائے وطن نیوز) معروف برطانوی کرکٹ صحافی اسکیلڈ بیری نے پاکستان کی موجودہ ٹیسٹ ٹیم کو گزشتہ 50 برس کی بدترین پاکستانی ٹیم قرار دے دیا۔ سکیلڈ بیری نے برطانوی اخبار میں اپنے تجزیے میں پاکستان کی انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں کارکردگی پر سخت تنقید کی اور کہا کہ موجودہ پاکستانی ٹیم بیٹنگ، باؤلنگ اور فیلڈنگ تینوں شعبوں میں کمزور دکھائی دے رہی ہے۔ انہوں نے پاکستان کی ٹیم کو 50 برس کی بدترین ٹیم قرار دیتے ہوئے کہا کہ انگلینڈ کو ایسی ٹیم کا سامنا ہے جو ڈھیلی بیٹنگ، کم رفتار باؤلنگ اور عموماً ناقص فیلڈنگ کا مظاہرہ کر رہی ہے۔ اسکیلڈ بیری کے تبصرے کو سوشل میڈیا پر بھی خاصی توجہ حاصل ہوئی، بھارتی سابق کرکٹر اجے جڈیجا نے ایکس پر بیری کے بیان کو شیئر کرتے ہوئے صارفین سے سوال کیا کہ وہ اس رائے کے بارے میں کیا سوچتے ہیں۔ اس سے قبل پاکستان کی ٹیسٹ کرکٹ میں مسلسل ناقص کارکردگی پر دیگر سابق کرکٹرز اور تجزیہ کار بھی سوالات اٹھا چکے ہیں۔ ایک اور اخبار نے بھی پاکستان کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیتے ہوئے لکھا کہ اسکیلڈ بیری نے اسے 50 برس کی بدترین ٹیم قرار دیا ہے۔ پاکستان کی انگلینڈ کے خلاف حالیہ ٹیسٹ کارکردگی نے ٹیم کی بیٹنگ، باؤلنگ اور فیلڈنگ کے ساتھ ساتھ سلیکشن، کوچنگ اور کرکٹ کے مجموعی نظام پر بھی بحث چھیڑ دی ہے

☆☆☆☆☆☆☆

سیف گیمز آئندہ سال 3 سے 11 اپریل منعقد ہونگی

ساؤتھ ایشیا اولمپک کونسل نے منظوری دیدی

اسلام آباد (ندائے وطن نیوز) ساؤتھ ایشیا اولمپک کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی نے چودھویں ساؤتھ ایشین گیمز کے شیڈول سمیت اہم انتظامی امور کی منظوری دیدی جس کے تحت سیف گیمز آئندہ سال 3 سے 11 اپریل منعقد ہونگی، اسلام آباد، لاہور، پشاور میزبانی کریگا، 346 گولڈ میڈلز کی جنگ ہوگی۔ ساؤتھ ایشیا اولمپک کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر عارف سعید نے کی جس میں سری لنکا، بنگلہ دیش، نیپال، بھوٹان اور مالدیپ کے نمائندوں نے شرکت کی جبکہ بھارتی وفد ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوا۔ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے سیکرٹری جنرل خالد محمود اور وزارت بین الصوبائی رابطہ کے حکام بھی اجلاس میں موجود تھے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ چودھویں ساؤتھ ایشین گیمز آئندہ سال 3 سے 11 اپریل تک پاکستان میں منعقد ہوں گے، میگا ایونٹ کے مقابلے اسلام آباد، لاہور اور پشاور میں ہوں گے۔ ساؤتھ ایشین گیمز میں 28 مردوں اور 25 خواتین کے کھیلوں کے مقابلے منعقد ہوں گے جبکہ رکن ممالک کے 4 ہزار 200 سے زائد ایتھلیٹس اور آفیشلز کی شرکت متوقع ہے، گیمز میں مجموعی طور پر 346 گولڈ میڈلز داؤ پر ہوں گے۔ رکن ممالک کے نمائندوں کو پاکستان میں ساؤتھ ایشین گیمز کی تیاریوں، انتظامات اور مختلف مقامات پر ہونے والے مقابلوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر صدر پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن عارف سعید نے کہا کہ پاکستان ساؤتھ ایشین گیمز کی میزبانی کیلئے مکمل طور پر تیار ہے۔ حکومت گیمز کے کامیاب انعقاد کیلئے بھرپور تعاون اور سپورٹ فراہم کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ساؤتھ ایشین گیمز کو شاندار اور یادگار ایونٹ بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے۔ وزیراعظم کی جانب سے گیمز کے انعقاد کے لیے فنڈز کی منظوری بھی پہلے ہی دی جا چکی ہے۔

ڈیرن گف کا شاہین شاہ آفریدی کو انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے اسکواڈ سے باہر رکھنے کے فیصلے پر حیرت کا اظہار

لیڈز (سپورٹس نیوز) انگلینڈ کے سابق فاسٹ بولر ڈیرن گف نے پاکستان کی جانب سے شاہین شاہ آفریدی کو انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے اسکواڈ سے باہر رکھنے کے فیصلے پر حیرت کا اظہار کیا۔ ہیڈنگلے ٹیسٹ کے دوران ٹاک اسپورٹ کی کوریج میں گفتگو کرتے ہوئے ڈیرن گف نے کہا میں وکٹیں حاصل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انگلینڈ کے خلاف پہلے ٹیسٹ میں پاکستان کی بولنگ بھی مشکلات سے دوچار رہی۔ پاکستان نے پہلی اننگز میں 171 رنز بنائے جس کے جواب میں انگلینڈ نے 409 رنز اسکور کر کے 238 رنز کی برتری حاصل کی۔ دوسری اننگز میں پاکستان

کہ مجھے یہ سمجھ نہیں آ رہی کہ انگلینڈ کی کنڈیشنز اور پاکستان کے نسبتاً ناتجربہ کار بولنگ اٹیک کے باوجود شاہین آفریدی کو ٹیم میں شامل کیوں نہیں کیا گیا۔ ڈیرن گف نے تسلیم کیا کہ شاہین گزشتہ تقریباً 18 ماہ کے دوران مشکلات کا شکار رہے ہیں، تاہم وہ ان کا معیار اب بھی اعلیٰ ہے اور ٹیسٹ کرکٹ صرف 135 رنز پر آل آؤٹ ہوگیا اور انگلینڈ نے میچ اننگز اور 103 رنز سے جیت لیا۔ پاکستان کی جانب سے علی عثمان نے 5 جبکہ خرم شہزاد نے 3 وکٹیں حاصل کیں، تاہم انگلش بیٹرز کو قابو کرنے میں بولنگ اٹیک ناکام رہا۔

☆☆☆☆☆☆

Daily BOLAN HUB Balochistan
روزنامہ بولان حب بلوچستان
چیف ایڈیٹر ★ محمد الیاس کمبوہ
فون وفیکس 0853-310203 Mobile: 0336-6113760
قیمت 20 روپے

شوبز SHOWBIZ

دوسری شادی کرنے والے مرد پسند نہیں، مشال خان

میں شادی کے معاملے کو پرائیویٹ رکھنا چاہتی ہوں، لوگ میری شادی سے دور رہیں، اداکارہ

کراچی (ندائے وطن نیوز) شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ مشال خان نے کہا ہے کہ مجھے دوسری شادی کرنے والے مرد پسند ہے لیکن ساتھ ہی میں چاہتی ہوں کہ وہ اس کے بارے میں بات نہ کریں، اس پر بلاگ شیئر نہ کریں بس اسے نجی رہنے دیں۔ مشال خان اعلان کروں گی کہ میری شادی ہوگئی ہے لیکن ساتھ ہی میں چاہتی ہوں کہ وہ اس کے بارے میں بات نہ کریں، اس پر بلاگ شیئر نہ کریں

نہیں۔ اداکارہ نے حال ہی میں پوڈ کاسٹ میں شرکت کی اور اس دوران شادی سے متعلق اپنے خدشات کا اظہار خیال کیا۔ انہوں نے کہا کہ شادی جیسا خاص لمحہ ابھی تک نہیں آیا لیکن یہ اچانک ہو جائے گی، شادی سے متعلق جو بات میرے ذہن میں آتی ہے وہ یہ ہے کہ یہ ایک ایسی چیز ہے جسے میں نجی (پرائیویٹ) رکھنا چاہتی ہوں لیکن میں یہ کیسے یقینی بنا سکتی ہوں کہ یہ ایک نجی معاملہ ہوگا؟ میں اس بات کو کیسے یقینی بناں گی کہ لوگ میری شادی سے دور رہیں؟ اداکارہ کا کہنا تھا کہ مثال کے طور پر میں اعلان کروں گی کہ میری شادی ہوگئی نے کہا کہ شوہر کو دوسری شادی کرنے کی اجازت نہیں دوں گی کیونکہ مجھے ایسے مرد پسند نہیں جو دوسری شادی کریں، میں اس بات کو یقینی بنانا چاہتی ہوں کہ میرا شوہر میری زندگی میں واحد شخص ہو اور میں اس کی زندگی میں واحد عورت ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں وہ نہیں ہوں جسے کسی مرد کے ماضی سے کوئی مسئلہ ہو، مرد طلاق یافتہ ہو سکتا ہے لیکن اگر میں اس سے شادی کروں تو شادی کے وقت اسے سنگل ہونا چاہیے۔ یہ ایک نجی معاملہ ہوگا؟ میں اس بات کو کیسے یقینی بناں گی کہ لوگ میری شادی سے دور رہیں؟ اداکارہ کا کہنا تھا کہ مثال کے طور پر میں بس اسے نجی رہنے دیں۔ مشال خان نے کہا کہ شوہر کو دوسری شادی کرنے کی اجازت نہیں دوں گی کیونکہ مجھے ایسے مرد پسند نہیں جو دوسری شادی کریں، میں اس بات کو یقینی بنانا چاہتی ہوں کہ میرا شوہر میری زندگی میں واحد شخص ہو اور میں اس کی زندگی میں واحد عورت ہوں۔ انہوں نے کہا کہ میں وہ نہیں ہوں جسے کسی مرد کے ماضی سے کوئی مسئلہ ہو، مرد طلاق یافتہ ہو سکتا ہے لیکن اگر میں اس سے شادی کروں تو شادی کے وقت اسے سنگل ہونا چاہیے۔

☆☆☆☆☆☆☆

ڈاکٹر عیشہ کی شوہر کے لیے گانا گانے کی ویڈیو نے سوشل میڈیا پر نئی بحث چھیڑ دی

ان کی گلوکاری پر سوشل میڈیا صارفین نے دلچسپ اور طنزیہ تبصرے شروع کردیئے

کراچی (ندائے وطن نیوز) ماہرِ نفسیات اور میڈیا پرسنالٹی ڈاکٹر عیشہ علی خان ایک بار پھر سوشل میڈیا پر توجہ کا مرکز بن رہی ہیں، تاہم اس بار وجہ ان کا شوہر کے لیے گایا گیا گانا ہے۔ ڈاکٹر عیشہ علی خان نے گزشتہ برس اپنے دیرینہ دوست حارث کھوکھر سے شادی کی تھی۔ دونوں کی ازدواجی زندگی کے حوالے سے سوشل میڈیا پر مختلف مواقع پر بحث ہوتی رہی ہے اور حالیہ عرصے میں ان کے درمیان اختلافات اور صلح کی خبریں بھی سامنے آتی رہی ہیں۔ حالیہ وائرل ویڈیو میں ڈاکٹر عیشہ نے اپنے شوہر کے لیے گانا گایا۔ تاہم ان کی گلوکاری پر سوشل میڈیا صارفین نے دلچسپ اور طنزیہ تبصرے شروع کر دیے۔ ایک صارف نے لکھا کہ اتنا اعتماد ہو تو میں دنیا جیت لوں جبکہ دوسرے نے کہا کہ تو میں دنیا کا سب سے برا گلوکار نہیں ہوں۔ ایک اور صارف نے طنزیہ تبصرہ کیا کہ اسرائیل کو ان پر نظر رکھنی چاہیے۔ ویڈیو پر سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے مختلف نوعیت کے تبصروں کا سلسلہ جاری ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

پاکستان آئیڈل شاندار طریقے سے اختتام پذیر ہوگیا

ملک میں موسیقی کا سب سے بڑا مقابلہ پاکستان آئیڈل فیصل آباد کی حرا قیصر نے جیت لیا

لاہور (ندائے وطن نیوز) پاکستان میں موسیقی کا سب سے بڑا مقابلہ پاکستان آئیڈل فیصل آباد کی حرا قیصر نے جیت لیا۔ پاکستان آئیڈل شاندار طریقے سے اختتام پذیر ہوگیا۔ اختتامی تقریب میں پاکستان آئیڈل کے فاتح کا اعلان کیا گیا۔ ججوں کے متفقہ فیصلے کے سبب پاکستان آئیڈل 2026 کا ٹائٹل حرا قیصر نے اپنے نام کرلیا۔ سوپر فنالے میں سخت مقابلہ ہوا عالمی شہرت یافتہ گلوکار عاطف اسلم نے بھی خصوصی پرفارمنس دی، کراچی اور فیصل آباد کے سینما میں خصوصی اسکریننگ کا اہتمام کیا گیا تھا۔ پاکستان آئیڈل کا ٹائٹل جیتنے والی حرا قیصر کا تعلق متوسط گھرانے سے ہے۔ انہوں نے پورے مقابلے میں شاندار پرفارمنس دکھا کر لوگوں اور ججوں کے دل جیتے۔ جیو نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے حرا قیصر کا کہنا تھا کہ اب وہ اپنے خواب پورے کریں گی۔ انھوں نے کہا کہ ان کی یہ کامیابی ان کے والدین اور گھر والوں کی دعاں کے باعث ممکن ہوئی۔ معرف گلوکار اور پاکستان آئیڈل کے جج راحت فتح علی خان کا کہنا ہے کہ پاکستان میں بے شمار ٹیلنٹ موجود ہے، پاکستان آئیڈل جیسے مزید پلیٹ فارم سامنے آنے چاہیے۔

☆☆☆☆☆☆☆

نئی اداکارہ وش خان

وش خان نئی پشتو ڈرامہ سیریل ''خاپونہ'' کا حصہ بن گئیں

ڈرامہ سیریل کی ریکارڈنگ کے مختلف مراحل میں فنکار اپنی پرفارمنس پیش کر رہے ہیں

مردان (ندائے وطن نیوز) تیزی سے مقبولیت حاصل کرنے والی نئی ابھرتی ہوئی اداکارہ، اینکر و ماڈل وش خان کو نئی پشتو ڈرامہ سیریل ''خاپونہ'' میں کاسٹ کرلیا گیا ہے، جس کی ریکارڈنگ ان دنوں دن رات تیزی سے جاری ہے۔ ڈرامہ سیریل کی ریکارڈنگ کے مختلف مراحل میں فنکار اپنی پرفارمنس پیش کر رہے ہیں، جبکہ پروڈکشن ٹیم ڈرامے کو معیاری اور شائقین کی توقعات کے مطابق بنانے کے لیے بھرپور محنت کر رہی ہے۔ ''خاپونہ'' کی ہدایات اور پروڈیوسنگ کے فرائض معروف ہدایت کار و پروڈیوسر اشفاق طور وانجام دے رہے ہیں، جبکہ ڈرامے کی کہانی اور اسکرپٹ فیروز خان زیگر اور امریکہ میں مقیم اظہار بوبی نے تحریر کیا ہے۔ ڈرامے کی ایڈیٹنگ صاحب زادہ کر رہے ہیں، جبکہ اسے اے وی ٹی خیبر ٹی وی کے لیے تیار کیا جا رہا ہے۔ وش خان کا شمار پشتو شوبز انڈسٹری کی ان نئی فنکاراؤں میں ہوتا ہے جو مختصر عرصے میں اپنی اداکاری، ماڈلنگ اور خوبصورت پرفارمنس کے باعث شائقین کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوئی ہیں۔ ''خاپونہ'' میں ان کی شمولیت سے ڈرامے کے حوالے سے شائقین کی دلچسپی مزید بڑھ گئی ہے۔ شوبز حلقوں کے مطابق نئی پشتو ڈرامہ سیریلز کی تیاری سے فنکاروں کو اپنی صلاحیتوں کے اظہار کے مزید مواقع مل رہے ہیں، جبکہ ''خاپونہ'' کی تیزی سے جاری ریکارڈنگ سے توقع کی جا رہی ہے کہ یہ ڈرامہ پشتو ڈرامہ شائقین کے لیے ایک دلچسپ پیشکش ثابت ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆

کنگنا رناوت سے کبھی نہیں ملی نہ اب ملوں گی، تاپسی پنوں

تاپسی پنوں اور کنگنا رناوت کے درمیان 2019 اور 2020 میں عوامی سطح پر لفظی جنگ دیکھنے میں آئی تھی۔ حال ہی میں تاپسی نے کنگنا کے ساتھ اپنے تعلقات پر بات کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ وہ کبھی بھی اس اداکارہ طریقے کو ظاہر کرتی ہے، جبکہ ان کا طریقہ ان کا اپنا ہے، وہ اپنے موقف پر قائم ہیں، لہٰذا مجھے لگتا ہے کہ ہر کسی کے لیے یہ دیکھ کر فیصلہ کرنا کافی ہے کہ کون کس پس منظر یا تربیت سے تعلق رکھتا ہے۔ تاپسی نے سیاست میں قدم رکھنے کے میں یہ تنازعہ اس وقت اور بڑھ گیا جب بالی ووڈ میں اقربا پروری اور انڈسٹری کی سیاست پر بحث کے دوران کنگنا نے تاپسی اور دیگر اداکاروں کو "بی گریڈ اداکارائیں" اور "ضرورت مند آؤٹ سائیڈرز" قرار دیا۔ تاہم، تاپسی کا ہمیشہ یہی

سے نہیں ملیں۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق کنگنا کے ساتھ اپنے تنازع پر بات کرتے ہوئے تاپسی نے کہا کہ جس طرح وہ ایک دوسرے کے بارے میں بات کرتے ہیں، وہ ان کی تربیت کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں ان سے نہیں ملی۔ ان نام نہاد مسائل کے شروع ہونے سے پہلے بھی میں ان سے نہیں ملی تھی اور اب بھی نہیں ملی ہوں۔ ان کے بارے میں میری رائے میری تربیت، بات چیت کے انداز اور چیزوں کو سمجھنے کے میرے امکان پر بھی گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ میں اس کام کے لیے بہت زیادہ ایماندار اور حساس ہوں۔ اس کے علاوہ میں ابھی کچھ اور فلمیں کرنا چاہتی ہوں۔ میں سیاست میں شامل ہونے کے بارے میں بالکل بھی نہیں سوچ رہی اور نہ ہی میرے اندر اس کا ڈی این اے ہے۔ تاپسی اور کنگنا کا تنازع 2019 میں شروع ہوا تھا اور اس میں اس وقت مزید شدت آئی جب کنگنا کی بہن رنگولی چندیل نے سوشل میڈیا پر تاپسی کو کنگنا کی "سستی کاپی" کہا۔ 2020 موقف رہا ہے کہ ان اختلافات کے باوجود، وہ اداکارہ کے ساتھ دوستی کرنے کے لیے تیار ہیں۔ تاپسی کو آخری بار دیو اشیش مکھرجی کی ہدایت کاری میں بننے والی ایکشن تھرلر فلم گاندھاری میں دیکھا گیا تھا۔ یہ فلم ایک ماں کی اپنی اغوا شدہ بیٹی کی تلاش اور اسے بچانے کی ان تھک جدوجہد پر مبنی ہے، جس میں اس کے دردناک سفر کے دوران انتقام اور نجات کے موضوعات کو دکھایا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

ہمایوں سعید میرے پسندیدہ کرش، ان کا دل سونے کا ہے' نتاشہ حسین

جب ایک دوسرے کے گھر ہمایوں سعید کو دیکھا تو ہم دوست خوشی سے پاگل ہو گئے تھے' اداکارہ

لاہور (شوبز نیوز) سینئر اداکارہ نتاشہ حسین نے کہا ہے کہ میرے سلیبرٹی کرش ہمایوں سعید ہیں، میں ان کی کریزی فین ہوں، ایک دفعہ وہ کسی شوٹنگ کے سلسلے میں آئے تھے اور ہم ایک دوست کے گھر میں ملے تو انہیں دیکھ کر خوشی سے پاگل ہی ہوگئے تھے۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ میرے دوست بھی وہاں موجود تھے اور وہ ان کے ساتھ سیلفی لینا چاہتے تھے لیکن ہم یہ سوچ رہے تھے کہ شاید ان میں غرور ہوگا اور وہ ہمارے ساتھ سیلفی بنوانے سے انکار کر دیں گے۔ میں نے فیصلہ کیا کہ ان کے پاس جا کر سیلفی کا کہتی ہوں جس پر ہمایوں سعید بخوشی حامی بھرلی اور ہمارے ساتھ تصاویر بنوائیں، ہمایوں سعید نے اسٹار ہونے کے باوجود نخرے نہیں دکھائے، وہ میرے پسندیدہ کرش ہیں اور ان کا دل سونے کا ہے۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ میرے دوست بھی وہاں موجود تھے اور وہ ان کے ساتھ سیلفی لینا چاہتے تھے لیکن ہم یہ سوچ رہے تھے کہ شاید ان میں غرور ہوگا اور وہ ہمارے ساتھ سیلفی بنوانے سے انکار کر دیں گے۔ میں نے فیصلہ کیا کہ ان کے پاس جا کر سیلفی کا کہتی ہوں جس پر ہمایوں سعید بخوشی حامی بھرلی اور ہمارے ساتھ تصاویر بنوائیں، ہمایوں سعید نے اسٹار ہونے کے باوجود نخرے نہیں دکھائے، وہ میرے پسندیدہ کرش ہیں اور ان کا دل سونے کا ہے۔

بقیہ نمبر 1

اکرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔صوبے کے وسائل کا ایک بڑا حصہ غیر ترقیاتی اخراجات کی نذر ہو جاتا ہے، جس کے باعث عام بلوچستانی کی فلاح و بہبود کے لیے محدود وسائل دستیاب رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی سے توقع ہے کہ وہ صوبے کے ریونیو میں اضافہ کرتے ہوئے کم از کم غیر ترقیاتی اخراجات کا بوجھ کم کرنے کے لیے خاطر خواہ وسائل پیدا کرے گی۔ غیر ترقیاتی اخراجات میں کمی سے بچنے والے وسائل کو عوامی فلاح، تعلیم، صحت، بنیادی سہولیات اور دیگر ترقیاتی ترجیحات پر خرچ کیا جا سکے گا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ انہوں نے وزارتِ اعلیٰ کا منصب سنبھالنے کے روز اول ہی بلوچستان کے عوام سے وعدہ کیا تھا کہ سرکاری ملازمتیں فروخت نہیں ہوں گی اور بھرتیوں میں میرٹ کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا۔ محکمہ تعلیم میں 14 ہزار 500 سے زائد اساتذہ کی بھرتیاں میرٹ پر کی گئیں اور بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں افسران کی حالیہ تعیناتی اسی پالیسی کا عملی تسلسل ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں میرٹ کی سطح کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ان کے اپنے ضلع ڈیرہ بگٹی سے بھی کوئی امیدوار کامیاب نہیں ہو سکا۔ بھرتی کے پورے عمل میں کسی بھی ایگزیکٹو آفس سے کوئی دباؤ نہیں ڈالا گیا اور تقرریاں سو فیصد میرٹ پر عمل میں لائی گئیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے میرٹ کو یقینی بنانے پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی، چیئرپرسن بلوچستان ریونیو اتھارٹی عبداللہ خان نورزئی اور پوری ٹیم کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ شفاف اور میرٹ پر مبنی بھرتیاں ہی نوجوانوں کا ریاستی اداروں پر اعتماد بحال کرنے کا مؤثر ذریعہ ہیں انہوں نے نو منتخب افسران سے کہا کہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے نوجوان افسران خلوص، محنت، لگن اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے ساتھ طے شدہ اہداف کے حصول کے لیے کام کریں۔ آئندہ مالی سال کے اہداف میں نمایاں بہتری کا حصول ان کا پہلا امتحان ہوگا میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ریاست سے غیر مشروط اخلاص ہر سرکاری افسر کا طرۂ امتیاز ہونا چاہیے۔ پاکستان ہی ہماری پہچان ہے اور فرائض کی انجام دہی میں ریاست کو ہر سطح پر مقدم رکھنا ضروری ہے انہوں نے کہا کہ نوجوانوں اور ریاست کے درمیان خلیج کم کرنے کے لیے ہر سطح پر میرٹ کو فروغ دینا ہوگا میرٹوکریسی کو مضبوط بنا کر ہی نوجوانوں اور ریاستی اداروں کے درمیان اعتماد اور وابستگی کو مزید مستحکم کیا جا سکتا ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ حکومت بلوچستان کو معاشی طور پر مستحکم اور اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لیے جامع اقدامات کر رہی ہے۔ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کو صوبے کا ایک مثالی، مؤثر اور فعال ادارہ بنایا جائے گا جو صوبے کے مالی استحکام میں اپنا بھرپور کردار ادا کرے گا انہوں نے نو منتخب افسران پر زور دیا کہ وہ محنت، لگن اور ریاست سے غیر مشروط وفاداری کے عہد کے ساتھ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کا آغاز کریں اور ادارے کی کارکردگی کو نئی بلندیوں تک لے جانے میں اپنا کردار ادا کریں وزیر اعلیٰ بلوچستان نے اس امر پر بھی خوشی کا اظہار کیا کہ میرٹ کی بنیاد پر بلوچستان کی باصلاحیت خواتین بھی بلوچستان ریونیو اتھارٹی میں افسران کے طور پر منتخب ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین سمیت صوبے کے تمام باصلاحیت نوجوانوں کو میرٹ کی بنیاد پر آگے بڑھنے کے مساوی مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ نمبر 2

ہے کہ مجھے حکومت کے خلاف نہ کوئی سازش نظر آئی اور نہ ہی کوئی لاوا نظر آیا ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس کے باہر میڈیا سے گفتگو میں پرویز رشید نے کہا کہ توہین عدالت انہوں نے کی ہے جنہوں نے ہسپتال کے باہر مجمع لگایا۔ انہوں نے کہا کہ ایسے لگ رہا تھا، جیسے وہاں کوئی تماشا ہونے لگا ہے، جسے دیکھنے لوگ جمع ہو گئے تھے، پی ٹی آئی توہین عدالت اپنے ان قائدین کیخلاف کرے، جنہوں نے رکاوٹ پیدا کی۔ ن لیگی سینیٹر نے کہا کہ کس کے خلاف توہین عدالت کرنی چاہیے، کس کے خلاف نہیں، یہ ان کے وکیلوں کا کام ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن کے خلاف توہین عدالت کی درخواست دی ہے، اس میں انہیں ناکامی ہوگی، مجھے حکومت کیخلاف نہ کوئی سازش نظر آئی نہ کوئی لاوا نظر آیا ہے۔ سینیٹر پرویز رشید نے کہا کہ کچھ لوگوں کی خواہش ہو سکتی ہے کہ کہیں سے لاوا ابلے، ابھی تک ایسی خواہشات پر پانی پڑا ہوا ہے۔

بقیہ نمبر 3

ملتوی کر دیا گیا۔ منگل کو ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی نے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے اجلاس جمعہ کی صبح 11 بجے تک ملتوی کر دیا۔ بدھ کو 12 ربیع الاول کی تعطیل ہے جبکہ جمعرات کو اجلاس میں وقفہ کیا گیا ہے، اب اجلاس جمعہ کو

بقیہ نمبر 4

ی اتھارٹی (پی وی اے آر اے) کے چیئرمین بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ پاکستان میں ڈیجیٹل مالیاتی انفراسٹرکچر کے فروغ کے وسیع مواقع موجود ہیں، ورچوئل اثاثوں کے شعبے میں موثر ریگولیٹری نظام سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ تاشقند میں سلک روڈ فنانس اینڈ ٹیکنالوجی فورم سے خطاب کرتے ہوئے بلال بن ثاقب نے پاکستان کے اے آئی اور ٹوکنائزیشن کے وژن کو عالمی فورم پر اجاگر کیا اور کہا کہ حکومتوں کو ایسی ریگولیٹری ادارہ جاتی صلاحیت پیدا کرنا ہوگی جو جدید ٹیکنالوجی کی رفتار سے تبدیل ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ورچوئل اثاثوں پر پابندی سے ریگولیٹڈ نگرانی کی جانب منتقل ہو گیا ہے، پاکستان میں ڈیجیٹل مالیاتی انفراسٹرکچر کے فروغ کے وسیع مواقع موجود ہیں، ورچوئل اثاثوں کے شعبے میں موثر ریگولیٹری نظام سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ 2018 کی پابندیوں سے ورچوئل اثاثوں کی سرگرمیاں ختم نہیں ہوئیں، پابندیوں کے باعث ورچوئل اثاثوں کی سرگرمیاں آف شور پلیٹ فارمز اور پیئر ٹو پیئر چینلز تک منتقل ہوئیں، ورچوئل اثاثوں کے موثر انتظام کے لیے ریگولیشن اور نگرانی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ورچوئل ایسٹس ایکٹ 2026 کے تحت پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی کو پاکستان کا مخصوص ریگولیٹری ادارہ قائم کیا گیا، سٹیٹ بینک کا سرکلر 10 لائسنس یافتہ ورچوئل اثاثہ سروس فراہم کنندگان کے لیے بینک اکاؤنٹس کی اجازت دیتا ہے اور پی وی اے آر اے نے ورچوئل اثاثہ سروس فراہم کنندگان کے لیے لائسنسنگ ریگولیشنز نافذ کر دیئے، اس کے ساتھ ساتھ پی وی اے آر اپنے لائسنسنگ پورٹل بھی فعال کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خود مختار قرضوں تک رسائی کو جدید بنانے کے لیے ٹوکنائزیشن کا جائزہ لے رہا ہے، ٹوکنائزیشن سے سرمایہ کاری کی کم مالیت، تیز سیٹلمنٹ اور سکیورٹیز کی ملکیت میں شفافیت ممکن ہوگی، پاکستان کی جانب سے پہلے سرکاری سکیورٹیز کی ٹوکنائزیشن پر بھی توجہ دی جا رہی ہے اور پی وی اے آر ایک ریگولیٹری سینڈ باکس نئی مالیاتی مصنوعات کی آزمائش کے لیے اہم پلیٹ فارم ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ پاکستان کے نوجوان ادائیگیوں، ڈیجیٹل کسٹڈی، کمپلائنس ٹیکنالوجی اور ٹوکنائزیشن میں نئی کمپنیاں بنا سکتے ہیں، ہمارے نوجوان مستقبل میں مصنوعی ذہانت اور بلاک چین کو صرف استعمال نہ کریں بلکہ ان ٹیکنالوجیز پر کاروبار تعمیر کریں، پاکستان کا مقصد نوجوان کاروباری افراد کو واضح ریگولیٹری ماحول اور مواقع فراہم کرنا ہے۔

بقیہ نمبر 5

سعود کی قیادت میں اعلیٰ سطح کے سعودی کاروباری وفد نے منگل کو یہاں وزیراعظم ہاؤس میں ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق ملاقات کے دوران وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود اور ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کے لیے اپنی جانب سے دلی احترام اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے دونوں برادر ممالک کے درمیان اقتصادی تعاون اور سرمایہ کاری کے فروغ کے مختلف امکانات پر تبادلہ خیال کیا۔ سعودی وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان کے وژن کے مطابق پاکستان سعودی عرب کے ساتھ اپنے اقتصادی تعلقات کو باہمی مفاد پر مبنی سٹریٹجک اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنے کا خواہاں ہے۔ اس حوالے سے وزیراعظم نے شہزادہ منصور بن محمد آل سعود کے پاکستان کے سابقہ دوروں کا بھی ذکر کیا اور امید ظاہر کی کہ ان کا موجودہ دورہ گزشتہ بات چیت کو آگے بڑھانے اور مختلف شعبوں میں مفاہمتی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کی راہ ہموار کرے گا۔ شہزادہ منصور بن محمد آل سعود نے زراعت، بندرگاہوں، شاہراہوں، ہوائی اڈوں کی آؤٹ سورسنگ، رئیل اسٹیٹ، توانائی، بجلی کی تقسیم اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع میں دلچسپی کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے ان ترجیحی شعبوں میں سعودی سرمایہ کاری کی دلچسپی کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان مشترکہ تعاون، خواہ حکومت سے حکومت) جی ٹو جی (ہو یا کاروبار سے کاروبار) بی ٹو بی (کے لیے یہ بہترین اور موزوں ترین وقت ہے۔ شہزادہ منصور بن محمد آل سعود نے پرتپاک استقبال پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور پاکستان کے ساتھ کاروباری روابط کو مزید گہرا کرنے میں سعودی حکومت اور سعودی کاروباری برادری کی مسلسل دلچسپی کا اعادہ کیا۔ سعودی وفد اپنے دورہ پاکستان کے دوران متعدد اعلیٰ حکومتی نمائندوں اور نجی شعبے کے اہم سٹیک ہولڈرز سے بھی ملاقاتیں کرے گا۔ ملاقات میں وفاقی وزراء رانا تنویر حسین، ڈاکٹر مصدق ملک، جام کمال خان، محمد اورنگزیب، عطاء اللہ تارڑ، جنید انوار چوہدری، علی پرویز ملک، سردار اویس احمد خان لغاری محمد حنیف عباسی، وزیراعظم کے مشیران محمد علی، ہارون اختر خان، وزیر مملکت بلال اظہر کیانی، معاون خصوصی طارق فاطمی اور دیگر اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔

بقیہ نمبر 6

ہوا۔ اجلاس میں مختلف وزارتوں اور ڈویژنز سے متعلق نو ایجنڈا آئٹمز پر غور کیا گیا۔ اجلاس میں قومی غذائی تحفظ و تحقیق ڈویژن کی جانب سے پاسکو کے گندم کے ذخائر تمام وصول کنندہ اداروں کو 85 فیصد مقامی اور 15 فیصد درآمدی گندم کے تناسب سے فراہم کرنے کی تجویز سے متعلق سمری کا جائزہ لیا گیا اور اس کی منظوری دی گئی۔ یہ تجویز پاسکو کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی سفارش کی بنیاد پر پیش کی گئی تھی تاکہ درآمدی گندم کے ذخیرے کے بروقت ٹھکانے لگانے کو یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں پٹرولیم ڈویژن کی جانب سے کسٹمز بانڈڈ سٹوریج سہولیات کے ذریعے غیر ملکی سپلائرز کے کھاتے پر پٹرولیم مصنوعات کی درآمد کی اجازت دینے کی تجویز سے متعلق سمری کا جائزہ لیا گیا اور اس کی منظوری دی گئی۔ اس تجویز کا مقصد ملک کے تیل و گیس کے شعبے میں توانائی کے تحفظ کے نظام کے اہم ستونوں کو ترقی دینا اور اسے مضبوط بنانا ہے جن میں مقامی وسائل کا فروغ، تزویراتی پٹرولیم ذخائر کی تشکیل اور کسٹمز بانڈڈ سٹوریج سہولیات کا فروغ شامل ہے تاکہ پٹرولیم مصنوعات کی فراہمی کا ایک مضبوط اور پائیدار نظام یقینی بنایا جا سکے۔ اجلاس میں پٹرولیم ڈویژن کی جانب سے حکومت پاکستان اور سلطنت عمان کے درمیان پہلے سے طے پانے والے بین الحکومتی معاہدے کے تحت سیل پرچیز ایگریمنٹ کی منظوری کی تجویز سے متعلق سمری کی منظوری دی گئی اس معاہدے کا مقصد توانائی کے شعبے میں اوکیو ٹریڈنگ اور پاکستان سٹیٹ آئل کے درمیان تعاون کو فروغ دینا اور اسے وسعت دینا ہے۔ اجلاس میں وزارت دفاع کی جانب سے پیش کی گئی سمری کا جائزہ لیا گیا اور یونین کے ساتھ مشاورت و رابطے کے ذریعے روزویلٹ ہوٹل کی از سرِ نو ترقی کے قابل بنانے کے لیے تصفیے پر مذاکرات کرنے کی غرض سے کمیٹی کے قیام کی منظوری دیدی۔ ای سی سی نے وزارت دفاع کی جانب سے پیش کی گئی ایک اور سمری پر بھی غور کیا اور پی آئی اے آئی ایل اور نیشنل بینک آف پاکستان کے درمیان طے شدہ ٹرم شیٹ کی بنیاد پر 153.855 ملین امریکی ڈالر، یا اس کے مساوی پاکستانی روپے، کی حکومت پاکستان کی ضمانت کی منظوری دے دی۔ اجلاس میں آبی وسائل ڈویژن کی جانب سے گریٹر کراچی بلک واٹر سپلائی سکیم (کے فور) منصوبہ کے لیے پیش کی گئی 7797.160 ملین روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ کی تجویز پر بھی غور کیا گیا اور اس کی منظوری دیدی گئی، یہ رقم حکومت سندھ کی جانب سے صوبائی کنسولیڈیٹڈ فنڈ سے وفاقی کنسولیڈیٹڈ فنڈ کے ذریعے منتقل کی گئی تھی۔ اجلاس میں داخلہ و انسداد منشیات ڈویژن کی جانب سے 567.032 ملین روپے کی تکنیکی ضمنی گرانٹ کی تجویز پر بھی غور کیا گیا اور اس کی منظوری دیدی گئی۔ یہ رقم وزارت خزانہ کی بچتوں سے فرنٹیئر کور بلوچستان کو ریکوڈک منصوبے کی سرگرمیوں کی بلاتعطل سکیورٹی کے لیے فراہم کی جائے گی

بقیہ نمبر 7

تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی اہمیت کا اعادہ کیا۔ دفتر خارجہ سے جاری بیان کے مطابق علاقائی صورتحال پر گفتگو کرتے ہوئے نائب وزیراعظم وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے زور دیا کہ مستقل امن اور استحکام کے لیے مذاکرات اور سفارت کاری، نیز اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر اس کی روح اور الفاظ کے مطابق عمل درآمد ہی آگے بڑھنے کا واحد راستہ ہے۔

بقیہ نمبر 8

اولیو ویلیو چین پالیسی کے اجرا کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر وفاقی وزرا، غیر ملکی سفارت کاروں کے علاوہ زیتون کی کاشت اور اس شعبے سے وابستہ کسانوں، ماہرین اور محققین کی بڑی تعداد بھی موجود تھی۔ وزیراعظم نے کہا کہ خوشی ہے کہ وہ پاکستان کے زیتون کے مایہ ناز کسانوں، محققین اور برآمد کنندگان سے مخاطب ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کسانوں اور ماہرین کی شب و روز محنت سے زیتون کے شعبے میں شاندار مثال قائم ہوئی ہے۔ انہوں نے لورالائی سے عبدالجبار، مردان سے قرۃ العین اور چکوال سے یعقوب اظہار کی محنت کو خاص طور پر قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ وہ زیتون کی کاشت کے فروغ کے لئے صوبائی حکومتوں کے تعاون پر مشکور ہیں۔ وزیراعظم نے زیتون کی کاشت کو فروغ دینے والے کسانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ کسانوں نے ثابت کیا کہ عزم، محنت اور جدید سوچ کے ذریعے بڑے نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زرعی انقلاب کے لئے کسانوں کو ہر ممکن معاونت فراہم کریں گے، وفاقی اور صوبائی حکومتیں مل کر کسانوں کو سہولتیں فراہم کریں گی، ملک میں زرعی انقلاب کیلئے عملی اقدامات کرنا ناگزیر ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان ہر سال تقریبا 4 ارب ڈالر کا خوردنی تیل درآمد کرتا ہے، درآمدی بل میں سالانہ صرف 400 ملین ڈالر کی بھی کمی لائی جائے تو یہ بڑی خدمت ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ درآمدی بل میں کمی کے لئے انہوں نے پام آئل اور سورج مکھی کی کاشت کو فروغ دینے کی بھی ہدایت کی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور اٹلی کے درمیان تجارتی تعلقات کئی دہائیوں پر محیط ہیں، زراعت، ٹریکٹر مینوفیکچرنگ اور دیگر شعبوں میں دونوں ممالک کا تعاون قابل ذکر ہے۔ پاکستان اور اٹلی زیتون کی پیداوار، ویلیو ایڈیشن، جدید پروسیسنگ اور برآمدات کے شعبے میں تعاون مزید بڑھائیں گے۔ وزیراعظم نے 100 نوجوان زرعی گریجویٹس کو اٹلی بھیجنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ یہ نوجوان زیتون کی کاشت، پروسیسنگ، مارکیٹنگ اور ویلیو چین کے مختلف شعبوں میں جدید تربیت حاصل کریں گے۔ قبل ازیں وزیراعظم محمد شہباز شریف نے زیتون کے کاشتکاروں، اس شعبے کے محققین اور ماہرین میں شیلڈز تقسیم کیں۔ انہوں نے مختلف سٹالز کا دورہ بھی کیا اور زیتون کی مختلف مصنوعات میں خصوصی دلچسپی لی۔ انہوں نے زیتون کے کاشتکاروں سے گفتگو بھی کی۔ ملک بھر سے زیتون پیدا کرنے والے انٹرپرینیورز نے وزیراعظم کو بریفنگ دی اور اپنے تجربات بیان کیے۔ وفاقی وزیر قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کسانوں کو اعلیٰ معیار اور بیماریوں سے پاک بیج فراہم کریں گے، ٹیکنالوجی کے استعمال سے فصلوں کے ممکنہ نقصانات کی بروقت نشاندہی اور تدارک ممکن ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ زیتون صرف ایک فصل نہیں اس میں کاروباری مواقع پیدا کرنے والی مکمل ویلیو چین ہے۔ انہوں نے پاکستان کے انٹرنیشنل اولیو کونسل کے مستقل رکن بننے کو ایک اہم کامیابی قرار دیتے ہوئے کہا کہ جدید تحقیق، ٹیکنالوجی، تربیت اور عالمی معیار کی سرٹیفکیشن سے فائدہ اٹھائیں گے، زیتون کے شعبے میں پاکستان اور اٹلی کا تعاون مشترکہ منصوبوں تک بڑھایا جائے گا۔ سیکرٹری قومی غذائی تحفظ و تحقیق عامر علی احمد نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل اولیو ویلیو چین پالیسی کا اجرا خوش آئند ہے، پاکستان جلد جنوبی، مشرقی اور وسطی ایشیا کی منڈیوں میں زیتون کا تیل برآمد کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں روایتی زرعی نظام سے آگے بڑھ کر فیصلے کرنا ہوں گے، زیتون کی پیداوار، پراسیسنگ، ویلیو ایڈیشن، معیار، برانڈنگ اور مارکیٹنگ کے نظام پر کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان انٹرنیشنل اولیو کونسل کا باقاعدہ رکن بن چکا ہے۔ پاکستان میں اطالوی سفیر اوگو چیار تلانی نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اٹلی اور پاکستان کے درمیان شراکت داری کی طویل اور قابل قدر تاریخ ہے، زراعت، سائنس، تعلیم، تجارت اور سکیورٹی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون فروغ پا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نیشنل اولیو ویلیو چین پالیسی ایک طویل سفر کا نتیجہ ہے، 2016 میں پاکستان میں زیتون کے درختوں کی تعداد 5 لاکھ تھی، آج پاکستان بھر میں 70 لاکھ سے زیادہ زیتون کے پودے کاشت کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زیتون کی ویلیو چین سے وابستہ 700 سے زیادہ سٹیک ہولڈرز کو تربیت فراہم کی گئی ہے، اولیو کلچر پراجیکٹ کی بدولت پاکستان کے زیتون کے شعبے کو مختلف سہولتیں فراہم کر رہے ہیں۔ کوآرڈینیٹر زراعت و غذائی تحفظ احمد عمیر نے کہا کہ ملک بھر میں کاشتکار زیتون کی کاشت کے لئے بہت محنت کر رہے ہیں۔ تقریب میں لورالائی بلوچستان سے زیتون کے کاشتکار عبدالجبار نے بتایا کہ زیتون کی کاشت بڑھا کر ملکی قرضہ اتارنے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔ مردان سے زیتون کی کاشتکار قرۃ العین عرفان نے کہا کہ 15 سال بعد زیتون کی پیداوار حاصل ہوئی، خواہش ہے کہ زیتون کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہو، زرمبادلہ میں اضافہ ہو۔ چکوال سے زیتون کے کاشتکار یعقوب اظہار نے کہا کہ میرے خاندان میں واحد میں زمیندار ہوں، لندن میں ایک نمائش میں شرکت کے بعد چکوال میں زیتون کی کاشت کا فیصلہ کیا

بقیہ نمبر 9

وردیا ہے کہ وہ مون سون بارشوں کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں اور متعلقہ اداروں کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عمل کریں۔

بقیہ نمبر 10

الے سے مثبت اور صحت مند بحث کا آغاز ایک خوش آئند پیشرفت ہے، تمام سیاسی جماعتوں اور عوام کو نئے صوبوں کے معاملے پر ہونے والی بحث کا حصہ بننا چاہیے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صوبوں کی تشکیل جیسے اہم فیصلوں پر اتفاق رائے پیدا کرنا انتہائی ضروری ہے، یہ ایسا فیصلہ نہیں جسے کسی پر زبردستی مسلط کر دیا جائے، یہ معاملہ پارلیمنٹ سے متعلق ہے، اس لیے پارلیمنٹ میں بھی اس پر سیر حاصل بحث ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ تمام سیاسی جماعتوں کو اپنے مفادات سے بالاتر ہو کر صرف پاکستان اور اس کے عوام کے مفادات کو مدنظر رکھنا چاہیے، اہم قومی اور انتظامی معاملات پر سیاست سے بالاتر ہو کر بحث ہونی چاہیے۔ طارق فضل چوہدری نے لکھا کہ بھارت نے 1950 میں صوبوں سے متعلق ایک کمیشن تشکیل دیا اور اس حوالے سے فیصلے کیے، بھارتی پنجاب سے مزید 3 صوبے، ہماچل پردیش، ہریانہ اور پنجاب وجود میں آئے۔ ان کا کہنا ہے اگر نئے صوبوں کا قیام پاکستان کے بہترین مفاد اور انتظامی بہتری کے لیے ضروری ہے تو انہیں ضرور بنایا جانا چاہیے۔ تاہم اگر یہ خدشہ ہو کہ نئے صوبوں کے قیام سے مزید تقسیم یا انتشار پیدا ہوگا تو اس معاملے پر مختلف آرا سامنے آ سکتی ہیں، اس حساس معاملے کو کھلے دل کے ساتھ صحت مند بحث، مشاورت اور اتفاقِ رائے کے ذریعے آگے بڑھایا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 11

۔سینیٹر پلوشہ خان نے کہا کہ اس سے قومی خزانے کو نقصان پہنچتا ہے، سیشن کا بل بنتا ہے، پیسہ خرچ ہوتا ہے لیکن یہ اسے چلنے نہیں دیتے۔ پلوشہ خان نے کہا کہ وہ چیزیں جو ہم نے آج زیر بحث لانی تھیں اس پر بات نہ ہو سکی، بہت اہم معاملات پر بات کرنی تھی لیکن سمجھ میں نہیں آتا یہ کوئی سیٹ گیم ہے، کیا ہے؟ پلوشہ خان نے کہا کہ حکومت بھی ایوان چلا سکتی تھی لیکن نہ جانے کیوں انہوں نے عین وقت پر معاملات خراب کیے، حکومت اور اپوزیشن دونوں کی طرف سے کھیل کھیلا جا رہا ہے۔

بقیہ نمبر 12

اور گوادر کو وفاقی علاقہ قرار دینے کی تجویز انتہائی تباہ کن ہے، مسئلہ یہ ہے کہ آپ نے اختیار اور وسائل سے عوام سے چھین لئے ہیں۔ اسلام آباد میں اظہار خیال کرتے ہوئے اسد عمر نے کہا کہ نظام فیل ہو گیا تو یہ حل نکالا جا رہا ہے کہ مزید وسائل مرکزی کر دیں گے وملک کے وسائل کو سینٹرلائز کرنے سے علاج نہیں ہو سکتا، جو گیڈر سنگھی صوبوں کے ہتھے چڑھ گئی ہے اس کو مرضی سے نہیں چھوڑیں گے۔ اسد عمر نے کہا کہ لوکل گورنمنٹ کے طاقتور نظام کی مخالفت کی وجہ سے پیپلز پارٹی کا ذاتی مسئلہ ہے، صوبے کا مسئلہ پیپلز پارٹی کا نہیں بلکہ یہ معاملہ عوام سے جڑا ہوا ہے، مرسوں مرسوں سندھ نہ ڈیسوں پیپلز پارٹی کا نہیں عوام کا نعرہ ہے، یہ سندھ کے عوام کی دل کی آواز ہے، کراچی میں کوئی ایسا شخص نہیں جو کہے مجھے سندھیوں سے نفرت ہے اسلئے الگ کر دیں۔ سابق وفاقی وزیر نے مزید کہا کہ کراچی کے شہریوں کا مسئلہ ہے کہ گٹر ابل رہے ہیں یونیورسٹی روڈ نہیں بن رہی، ان کو پانی اور بجلی نہیں ملتی، ان مسائل کا حل چاہیے، آئینی ترمیم کے ذریعے بااختیار مقامی حکومت لائی جائے جس سے مسائل حل ہوں، بلدیاتی نظام کو آئینی تحفظ اور بااختیار بنایا جائے۔

بقیہ نمبر 13

کی مجموعی تعداد ایک کروڑ 52 لاکھ 33 ہزار 767 رہی۔ اعداد و شمار کے مطابق ان میں اندرون ملک سے عمرہ ادا کرنے والے زائرین کی تعداد تقریباً 95 لاکھ تھی۔ مجموعی معتمرین میں مردوں کا تناسب 56.4 فیصد جبکہ خواتین کا تناسب 40.6 فیصد ریکارڈ کیا گیا۔ سعودی جنرل اتھارٹی برائے شماریات کے مطابق سعودی شہریوں کی جانب سے عمرہ ادا کرنے والوں کا تناسب 28.9 فیصد رہا، جبکہ دیگر زائرین بیرون ملک سے سعودی عرب پہنچے۔ سعودی وزارت حج و عمرہ کے مطابق موجودہ عمرہ سیزن کے لیے عمرہ ویزوں کے اجرا کی آخری تاریخ 9 مارچ 2027 مقرر کی گئی ہے۔ ویزا حاصل کرنے والے زائرین کے سعودی عرب میں داخلے کی آخری تاریخ 23 مارچ 2027 ہوگی۔ عمرہ زائرین کی بڑی تعداد کے پیش نظر سعودی عرب میں حج و عمرہ انتظامات کے تحت زائرین کی رہائش، آمد و رفت اور دیگر سہولیات کو بہتر بنانے پر بھی توجہ دی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 14

سے مختلف امور پر بات چیت کی گئی۔ ملاقات میں 3 سے 11 اپریل 2027 تک پاکستان میں ہونے والے 14ویں جنوبی ایشیائی کھیلوں کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔ کھیلوں کے مقابلے اسلام آباد، لاہور اور پشاور میں منعقد ہوں گے۔ ان کھیلوں میں 28 مختلف کھیل شامل ہوں گے جن میں 346 میڈل مقابلے ہوں گے جبکہ تقریباً 3,200 کھلاڑیوں کی شرکت متوقع ہے۔ وفد کو وزیراعظم یوتھ پروگرام کے جاری منصوبوں، اقدامات اور نوجوانوں کو کھیلوں، مہارتوں اور دیگر مواقع کے ذریعے بااختیار بنانے کے لئے کئے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا گیا۔ ملاقات میں وزیراعظم یوتھ پروگرام اور جنوبی ایشیا کی کھیلوں کی تنظیموں کے درمیان تعاون بڑھانے بالخصوص نوجوانوں کی کھیلوں میں شرکت اور باصلاحیت کھلاڑیوں کو قومی، علاقائی اور بین الاقوامی سطح پر آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کے حوالے سے بھی بات ہوئی۔ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کے صدر اور ساتھ ایشیا اولمپک کونسل کے صدر عارف سعید نے وفد کی قیادت کی۔ چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے نوجوانوں اور کھیلوں کے فروغ کے لئے حکومت کے عزم کا اعادہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے اور کھیلوں کے میدان میں آگے بڑھنے کے زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی ایشیائی کھیل خطے کے ممالک کے درمیان دوستی، تعاون اور کھیلوں کے فروغ کا اہم ذریعہ ہیں اور ان کے ذریعے نوجوان کھلاڑیوں کو اپنی صلاحیتیں دنیا کے سامنے لانے کا موقع ملتا ہے۔ ملاقات کے اختتام پر 14ویں جنوبی ایشیائی کھیلوں کے کامیاب انعقاد اور نوجوانوں اور کھیلوں کے فروغ کے لئے مشترکہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔

بقیہ نمبر 15

رانا جعفر شیخ زاہد اور حاجی ذوالفقار کی قیادت میں ملنے والے مرکزی میلاد کمیٹی کے وفد سے گفتگو کرتے انہوں نے کہا کہ وہ مرید کے میں مرکزی میلاد کمیٹی کے بارہ ربیع الاول کے جلوس کی خود قیادت کریں گے، ساری کائنات حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وجہ سے وجود میں آئی، آپ رحمت اللعالمین ہیں، محبوب خدا ہیں، آپ کا فلسفہ انسانیت کی بقاء اور خدمت ٹھہرے۔ آج جس قوم نے بھی ترقی خوشحالی، امن دیکھا وہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بتائے اصول ہیں۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ پاکستان دنیا کا واحد ملک ہے جو اسلام کے نام پر وجود میں آیا یہاں حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بتائے اصولوں کے مطابق اقلیتوں کو بھی بنیادی حقوق حاصل ہیں، پاکستان اللہ کی نعمت ہے آئیں آج عہد کریں اسے امن محبت بھائی چارے کا گہوارہ بنائیں گے۔

بقیہ نمبر 16

ئیں اور خاموشی ختم کریں۔ انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی 3 سال سے سیاسی انتقام کا نشانہ بن رہے ہیں اور طویل عرصے سے قید تنہائی میں ہیں، اس معاملے پر سپریم کورٹ کے حکم پر بھی عمل نہیں ہو رہا ہے۔ جمائما خان نے برطانوی حکومت پر زور دیا کہ وہ عمران خان کے بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ کیلئے اب کھل کر واضح طور پر آواز اٹھائے۔

بقیہ نمبر 17

نا چاہیے۔ پارلیمانی پارٹی اجلاس کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ فی الحال ہمارا جوائنٹ اپوزیشن کا اتحاد صرف قومی اسمبلی کے فلور اور قانون سازی کی حد تک ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے لوگ آئے تھے، سیاسی جماعتوں کے درمیان باہمی رابطہ اور گفتگو کا سلسلہ قائم رہنا چاہیے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی نے اپوزیشن تحریکوں اور سیاسی امور کا تمام اختیار اسد قیصر اور علامہ راجہ ناصر عباس کو دے رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی کارکنان کو ہدایت کی ہے کہ کسی کے خلاف نعرے بازی نہ کریں، کارکنان گفتگو میں شائستگی کا دامن برقرار رکھیں۔

بقیہ نمبر 18

وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ تعاون اور شراکت داری پر معزز مہمانوں کے شکر گزار ہیں، پاکستان اپنے دوستوں کے تعاون سے بامقصد اور منفرد شراکت داری کو آگے بڑھائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور عالمی شراکت داروں کے درمیان تعاون ایک نئے عالمی سفر کی بنیاد ہے۔ میڈی ایشن اور مصالحت کو صرف وکلا، ججز اور سرکاری افسران تک محدود نہیں رکھا جائے گا بلکہ اس کے دائرہ کار کو معاشرے کے مختلف شعبوں تک وسعت دی جا رہی ہے۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ چیمبرز، مختلف اداروں، سرکاری افسران اور سول سوسائٹی کے نمائندگان کو تربیتی پروگرامز کا حصہ بنایا گیا ہے۔ سول قانون کے ساتھ شرعی اصولوں اور اسلامی تصور مصالحت پر مبنی تربیتی پروگرام تشکیل دیا گیا، جو میڈی ایشن کے حوالے سے وزارتِ قانون کے وژن کی عملی شکل ہے۔ وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ مقدمہ بازی کے کلچر کو تبدیل کرنے کی ضرورت ہے، غیر ضروری اور غیر سنجیدہ مقدمہ بازی نے عدالتی نظام کو تقریباً 23 لاکھ زیر التوا مقدمات کے بوجھ تلے دبا دیا ہے۔ غیر ضروری مقدمات سے عدالتوں کا قیمتی وقت اور قومی وسائل ضائع ہوتے ہیں، اس لئے غیر سنجیدہ اور بے بنیاد مقدمہ بازی کی حوصلہ شکنی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ عدالتی نظام کی از سرِ نو اصلاح اور تجدید کی ضرورت ہے۔ دیوانی اور فوجداری دونوں شعبوں میں عدالتی اصلاحات پر کام جاری ہے جبکہ اس مقصد کے لئے قانون و انصاف کمیشن، سپریم کورٹ، ہائی کورٹس اور صوبائی حکومتوں کے ساتھ مل کر اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ عدالتی اصلاحات کے لئے قانون سازی کے ذریعے اہم پیش رفت ہو چکی ہے، پورے ملک میں متبادل تنازعاتی حل اور مصالحت کے مؤثر نظام کو وسعت دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تقریباً ڈیڑھ سال قبل شروع کیا گیا میڈی ایشن کا مشن اب مزید وسعت اختیار کر رہا ہے، ملک کے مشائخ اور علما کو بھی مصالحتی نظام کا حصہ بنایا گیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ او آئی سی آربیٹریشن سینٹر اور پاکستان کے ادارے آئی ایم اے سی کے درمیان نیشنل ڈیزگنیشن سینٹر کا قیام اہم پیش رفت ہے، نیشنل ڈیزگنیشن سینٹر کا قیام پاکستان میں ثالثی کے فروغ کی جانب اہم قدم ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا کرنا ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے، لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا کرنا ہمارے آئین کا تقاضا اور ہمارے دین کا حکم

ہے۔

بقیہ نمبر 19

پہلے ماہ جولائی میں پاکستان کو ملنے والی بیرونی فنڈنگ میں گزشتہ ماہ کے مقابلے میں 81 فیصد سے زائد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ وزارت اقتصادی امور کی جانب سے جاری کردہ رپورٹ کے مطابق جولائی 2026 میں پاکستان کو مجموعی طور پر 76 کروڑ 30 لاکھ ڈالرز کی غیر ملکی فنڈنگ موصول ہوئی، جو جون 2026 میں حاصل ہونے والی 4 ارب 4 کروڑ 31 لاکھ ڈالرز کی بیرونی فنڈنگ کے مقابلے میں 81.13 فیصد کم ہے۔ رپورٹ کے مطابق ماہانہ بنیاد پر بیرونی فنڈنگ میں نمایاں کمی کے باوجود جولائی 2026 میں حاصل ہونے والی رقم گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں زیادہ رہی۔ جولائی 2025 میں پاکستان کو 69 کروڑ 45 لاکھ ڈالرز کی غیر ملکی فنڈنگ موصول ہوئی تھی، اس طرح رواں سال جولائی میں بیرونی فنڈنگ میں سالانہ بنیاد پر 9.86 فیصد اضافہ ہوا۔ وزارت اقتصادی امور کے اعداد و شمار کے مطابق جولائی میں پاکستان نے 74 کروڑ 47 لاکھ ڈالرز کا غیر ملکی قرض حاصل کیا، جبکہ ایک کروڑ 84 لاکھ ڈالرز گرانٹس کی مد میں موصول ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ جولائی میں حاصل ہونے والی مجموعی بیرونی فنڈنگ میں غیر ملکی قرضوں کا حصہ نمایاں رہا، جبکہ گرانٹس کی مد میں ملنے والی رقم مجموعی فنڈنگ کے مقابلے میں انتہائی کم رہی۔ وزارت اقتصادی امور کے مطابق بیرونی فنڈنگ میں ماہانہ کمی کی بڑی وجہ جون میں موصول ہونے والی غیر معمولی طور پر زیادہ رقم ہے، جس کے باعث جولائی کے اعداد و شمار میں نمایاں فرق نظر آیا۔ حکومت مختلف عالمی مالیاتی اداروں اور ترقیاتی شراکت داروں سے حاصل ہونے والی بیرونی معاونت کے ذریعے ملکی مالی ضروریات پوری کرنے اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی معاونت کرتی ہے۔

بقیہ نمبر 20

کا فیصلہ کیا ہے۔ پارٹی ذرائع کے حوالے سے بتایا گیا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے پارٹی رہنماؤں کو نئے صوبوں یا انتظامی یونٹس کے قیام سے متعلق بیانات دینے سے روک دیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نواز شریف نے ہدایت کی ہے کہ رہنما اس معاملے پر کوئی موقف اختیار کرنے سے گریز کریں اور پارٹی کی حتمی پالیسی کا انتظار کریں۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) نئے صوبوں کے معاملے پر اپنی پالیسی مشاورت کے بعد سامنے لائے گی تاہم اس وقت تک پارٹی رہنماؤں کو اس حساس موضوع پر محتاط رہنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نواز شریف کی جانب سے رہنماؤں کو بیان بازی سے روکنے کا مقصد پارٹی کے اندر مشاورت مکمل ہونے تک کسی ممکنہ اختلاف یا ابہام سے بچنا ہے۔

بقیہ نمبر 21

ہیں حکومت سے بدلہ لینا ہے، مسئلہ یہ ہے علاج کے لیے کہا گیا ہے اور علاج بیمار کا ہوتا ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے طلال چوہدری نے کہا کہ اس وقت پاکستان کی سفارت کاری عروج پر ہے، 78 سال میں سفارتی محاذ پر پاکستان کا یہ عروج کبھی نہیں دیکھا۔ انھوں نے کہا کہ یہ کریڈٹ وزیراعظم اور فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کو جاتا ہے، اللہ تعالیٰ فیلڈ مارشل کو کامیاب کرے اس دورے کی کامیابی دنیا کے لیے ریلیف فراہم کرے گی۔ طلال چوہدری نے کہا کہ امریکا ایران جنگ بندی میں پاکستان کا اہم کردار رہا ہے، پوری دنیا نے پاکستان کی کوششوں کو تسلیم کیا ہے۔ وزیر مملکت نے کہا کہ اگر کوئی بیمار نہ ہو اور زبردستی اپنی مرضی کے اسپتال میں علاج کی اور خواہش کا اظہار ہے، اس کے پیچھے یہی ہو سکتا ہے کہ بیماری کا بہانہ بنا کر این آر او لے لیں۔ طلال چوہدری نے کہا نہ کوئی ڈیل ہے نہ ہی کوئی ڈھیل، سب کہانیاں ہیں جو صرف پی ٹی آئی بنا رہی ہے، مولانا فضل الرحمان اپوزیشن اسپیشلسٹ ہیں، سینئر سیاستدان ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اچھی بات ہے مولانا انھیں حزب اختلاف کا کردار ادا کرنے کا طریقہ سکھائیں۔

بقیہ نمبر 22

س میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ حکومت جس طرح کی قانون سازی کر رہی ہے اس کے لیے مضبوط اپوزیشن اتحاد بنایا ہے۔ جے یو آئی کے سربراہ نے کہا کہ اپوزیشن اتحاد اسمبلی کے اندر ہی ہوگا۔

بقیہ نمبر 23

ہے۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی نے بتایا کہ نورین نیازی سے ملاقات میں عمران خان نے علیمہ خانم سے متعلق سخت الفاظ استعمال کیے اور کہا کہ وہ چیزوں سے دور رہیں، سہیل آفریدی لیڈ کریں گے، اس پر بہن نے بتایا کہ سہیل آفریدی کو بڑے مسائل کا سامنا ہے، بانی پی ٹی آئی نے کہا کہ میں سہیل آفریدی کے پیچھے کھڑا ہوں اور جو وہ کہے گا وہ کرنا ہے۔ حذیفہ رحمان نے کہا کہ عمران خان اور نورین نیازی کی پوری ملاقات کے دوران ایرانی آنکھ کا ذکر تک نہیں کیا گیا، پی ٹی آئی نے سابق وزیراعظم کی آنکھ ضائع ہونے کا دعوی کیا تھا لیکن ملاقات میں اس پر بات تک نہیں ہوئی، نورین نیازی سے حلف لے کر پوچھ لیں کہ میں درست بات کر رہا ہوں یا نہیں، مجھے پی ٹی آئی کی اس شخصیت نے یہ باتیں بتائیں جس کو نورین نیازی نے بتائیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ پی ٹی آئی عوام کو بتانا چاہیے کہ عمران خان کی صحت اور بینائی ٹھیک ہے، اگر عدالت ان کو طبی بنیاد پر ضمانت دی تو ہم ایک منٹ میں اسپتال شفٹ کر دیں گے، ہماری نظر ثانی درخواست زیر التوا ہے سپریم کورٹ کا جو آرڈر ہوگا اس پر عمل کریں گے۔ انکا کہنا تھا کہ وزیراعظم شہباز شریف تصور بھی نہیں کر سکتے کہ عدالتی حکم کی خلاف ورزی کریں، قانونی ٹیم نے ایک رائے دی جس پر وزیراعظم نے کہا کہ قانون کے مطابق چلیں گے، انہوں نے اپنے کیریئر میں کبھی عدالتی حکم کی خلاف ورزی نہیں کی۔

بقیہ نمبر 24

درجے کا سیلاب ہے۔ فلڈ فارکاسٹنگ ڈویژن لاہور کے مطابق ملک کے دیگر دریاؤں میں پانی کی صورتحال معمول کے مطابق ہے۔

بقیہ نمبر 25

۔ریسکیو حکام کے مطابق مقتولین کے لواحقین کا کہنا ہے کہ تینوں افراد 3 جولائی کو بابون ویلی گئے تھے اور اس کے بعد سے لاپتہ تھے۔ ریسکیو حکام کے مطابق مویشی چرانے والی خواتین نے جنگل میں لاشیں دیکھ کر متعلقہ حکام کو اطلاع دی جس کے بعد لاشوں کو تحویل میں لیا گیا۔

بقیہ نمبر 26

۔ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا کہ امریکا مسلسل ایسی پالیسی پر عمل پیرا ہے جو ماضی میں بھی مطلوبہ نتائج حاصل کرنے میں ناکام رہی لیکن امریکا دوبارہ انھی طریقوں کو ایران کے خلاف استعمال کر رہا ہے۔ اسماعیل بقائی نے کہا کہ امریکی پابندیوں کا سب سے براہ راست اثر عام ایرانی شہریوں پر پڑتا ہے، امریکا کی یہ پالیسی عوام دشمنی پر مبنی ہے جو عالمی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران امریکی اقتصادی پابندیوں کا مقابلہ کرنے کے لیے اپنے دستیاب تمام دوطرفہ ذرائع اور صلاحیتیں بروئے کار لائے گا اور اقتصادی دباؤ کے باوجود اپنے تجارتی تعلقات برقرار رکھنے کی کوشش جاری رکھے گا۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے دیگر ممالک کی جانب سے دھمکیوں اور پابندیوں کے ذریعے ایران کے تجارتی تعلقات محدود کرنے کی کوششوں کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا۔ اسماعیل بقائی کے مطابق تجارت کو محدود کرنے کے لیے پابندیوں اور دھمکیوں کا استعمال آزاد تجارت کی بنیادی اقدار اور قومی خودمختاری کے احترام کے اصول کے خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا کہ وہ ایسے اقدامات کا نوٹس لے جن کے ذریعے ایک ملک دوسرے ممالک کے ساتھ اپنے تجارتی اور اقتصادی تعلقات پر دباؤ ڈالنے کی کوشش کرتا ہے۔ اسماعیل بقائی نے امریکی اقدامات کو بین الاقوامی قوانین اور اصولوں کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے کہا کہ امریکا کی مبینہ زیادتیوں نے اس کے قریبی اتحادیوں میں بھی احتجاج اور تحفظات پیدا کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کی جانب سے بین الاقوامی تعلقات میں قانون کی مبینہ خلاف ورزیوں کا سلسلہ عالمی برادری کے لیے ایک ویک اپ کال ہونا چاہیے۔

بقیہ نمبر 27

پر کیس نمٹا دیا گیا۔ مقامی عدالت کے جج جسٹس شاہ رخ ارجمند نے کیس کی سماعت کی، ڈی ایس پی لیگل نے کہا کہ شیر افضل مروت کے خلاف کوئی نیا مقدمہ درج نہیں، شیر افضل مروت کے خلاف 2023 کے دو، 2024 کے 15 مقدمات درج ہیں، این سی سی آئی اے نے کہا کہ شیر افضل مروت کی گرفتاری درکار نہیں۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ میرے ایسوسی ایٹ پر دباؤ ڈال کر سلطانی گواہ بنانا چاہتے ہیں۔ نہوں نے حاضرین کو فوری طور پر اس شخص کو برا قرار دینے کے بجائے واقعے کے پس پردہ ممکنہ وجوہات پر غور کرنے کا کہا

بقیہ نمبر 28

ہے۔ انہوں نے کہا کہ رسول اکرم ﷺ نے انسانیت کو عدل، مساوات، برداشت، رواداری، رحم اور حقوق العباد کا درس دیا۔ آج ہمیں ضرورت ہے کہ ہم آپ ﷺ کی تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے معاشرے میں محبت، اتحاد اور بھائی چارے کو فروغ دیں۔ میر علی حسن زہری نے کہا کہ پاکستان سمیت پوری دنیا میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے ہمیں اختلافات کو بالائے طاق رکھتے ہوئے اتحاد و اتفاق کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ سیرتِ نبوی ﷺ پر عمل ہی ایک پرامن، باوقار اور فلاحی معاشرے کی بنیاد ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس بابرکت دن کے صدقے پاکستان کو امن واستحکام عطا فرمائے، ملک و قوم کو ترقی و خوشحالی دے اور ہمیں نبی کریم ﷺ کی تعلیمات پر اخلاص کے ساتھ عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے

حکومت عوام کو سہولیات کی فراہمی کیلئے موثر اقدامات کر رہی ہے، سائرہ عطا

کمشنر لسبیلہ ڈویژن کا بلدیہ پبلک لائبریری، بلدیہ فیملی پارک، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر آفس، دارو نالہ فلڈ پروٹیکشن وال، ای کامرس سینٹر حب اور بی ایچ یو بھوانی کا دورہ کیا

دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر حب کیپٹن (ر) جمعہ داد خان، ایکسین بلڈنگ اور اسسٹنٹ انجینئر ایم سی حب بھی کمشنر لسبیلہ ڈویژن کے ہمراہ تھے

حب (نمائندہ بولان) کمشنر لسبیلہ ڈویژن کا بلدیہ پبلک لائبریری، بلدیہ فیملی پارک، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر آفس، دارو نالہ فلڈ پروٹیکشن وال، ای کامرس سینٹر حب اور بی ایچ یو بھوانی کا دورہ کیا، منصوبوں پر ہونے والی پیش رفت اور فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا، تفصیلات کے مطابق کمشنر لسبیلہ ڈویژن محترمہ سائرہ عطاء نے ضلع حب کا دورہ کرتے ہوئے بلوچستان سوشل ڈیولپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) کے تحت جاری اور مکمل ہونے والے مختلف ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا، کمشنر نے بلدیہ پبلک لائبریری، بلدیہ فیملی پارک، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر (DHO) آفس، دارو نالہ فلڈ پروٹیکشن وال، ای کامرس سینٹر (بقیہ 32 صفحہ 7پر)

کوئٹہ، آئی جی بلوچستان پولیس محمد طاہر اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ملک میں آئین اور جمہوریت نہیں، وکلا عوام کو مایوس نہیں کریں گے، علی احمد کرد

ملک میں آئین اور جمہوریت کی بالادستی کے بغیر ریاستی ادارے اپنا موثر کردار ادا نہیں کر سکتے، عدلیہ نے مایوس کیا، ججز انصاف کی فراہمی میں کوئی کسر نہ چھوڑیں، معروف قانون دان

نئے صوبوں کا منصوبہ ملک کو تباہی کی طرف دھکیلنے کے مترادف ہے، موجودہ حالات میں وکلا کی ذمہ داری مزید بڑھ گئی ہے

کراچی (این این آئی) معروف قانون دان علی احمد کرد نے کہا ہے کہ وکلا نے ایوب خان سے لے کر ہر آمر کے خلاف جدوجہد کی ہے، ملک میں آئین ہوگا تو جمہوریت اور عدلیہ بھی ہوگی، تاہم موجودہ صورتحال میں نہ جمہوریت نظر آرہی ہے اور نہ آئین۔ وکلا عوام کو مایوس نہیں کریں گے اور آئین وقانون کی بالادستی کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ کراچی پریس کلب کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی احمد کرد نے کہا کہ ملک میں آئین اور جمہوریت کی بالادستی کے بغیر ریاستی ادارے اپنا موثر کردار ا(بقیہ 40 صفحہ 7پر)

خیبر پختونخوا اسمبلی میں بانی کو شفا ہسپتال منتقل کرنے سے متعلق قرارداد منظور

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی میں بانی پی ٹی آئی کو شفا ہسپتال منتقل کرنے سے متعلق قرارداد منظور کر لی گئی۔ خیبر پختونخوا اسمبلی میں قرارداد حکومتی رکن مشتاق احمد غنی نے پیش کی۔ قرارداد میں کہا گیا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت سے متعلق تمام تر ضروری اقدامات فوری کیے جائیں۔ قرار داد(بقیہ 39 صفحہ 7پر)

مقتولہ ٹک ٹاکر شمسو بی بی کے والد، بھائی اور چچا کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) ٹک ٹاکر شمسو بی بی عرف عائشہ گلا منہ قتل کیس میں عدالت نے مقدمے میں نامزد مقتولہ کے والد، بھائی اور چچا کو 14 روزہ جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیج دیا

شہری ایک لیٹر پیٹرول پر 130 روپے 75 پیسے ٹیکس، مختلف مارجنز ادا کرنے پر مجبور

ہائی سپیڈ ڈیزل پر یہ اضافی بوجھ 122 روپے 47 پیسے فی لیٹر تک پہنچ چکا ہے' نجی ٹی وی

لاہور (این این آئی) پاکستانی شہری ایک لیٹر پیٹرول پر مجموعی طور پر 130 روپے 75 پیسے ٹیکس اور مختلف مارجنز ادا کرنے پر مجبور ہیں۔ نجی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق ہائی سپیڈ ڈیزل پر یہ اضافی بوجھ 122 روپے 47 پیسے فی لیٹر تک پہنچ چکا ہے۔ ڈیزل کی بنیادی لاگت 245 روپے 28(بقیہ 41 صفحہ 7پر)

پسماندہ اضلاع میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور متوازن ترقی کیلئے اقدامات

موسیٰ خیل میں فیز ون اور فیز ٹو کے 70 کروڑ روپے سے زائد مالیت کے 115 میں سے 96 منصوبے مکمل

بلوچستان میں مقامی آبادی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے بلوچستان سپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو یکساں ترقی اور خوشحالی کا پروگرام ثابت ہو رہا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت صوبے کے مختلف اضلاع میں ترقیاتی کام کامیابی سے جاری ہیں۔ بلوچستان سپیشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو کے تحت ضلع موسیٰ خیل میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے مختلف پراجیکٹس مکمل کر لیے گئے، موسیٰ خیل میں فیز ون اور فیز ٹو(بقیہ 43 صفحہ 7پر)

ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس اور سی آئی کی کاروائی ایک اشتہاری ملزم گرفتار

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس اور سی آئی اے پولیس کی مشترکہ کاروائی قتل اقدام قتل سمیت(بقیہ 57 صفحہ 7پر)

جھل مگسی، 2 گروپوں میں فائرنگ تبادلہ، ایک شخص جاں بحق، 2 افراد زخمی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی کے علاقے میں دو گروپوں میں فائرنگ کے تبادلے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ 2 افراد زخمی ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جھل مگسی کے علاقے گوٹھ ظفر مگسی کیمپ کے قریب مگسی قبیلے کے (بقیہ 56 صفحہ 7پر)

سیکیورٹی خدشات، پنجاب بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ میں 30 دن کی توسیع

کھلی فضا میں ڈرون اڑانے پر مکمل پابندی برقرار رہے گی،

ضلعی انتظامیہ اور پولیس کو احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

لاہور (اے ایف پی) پنجاب حکومت نے سیکیورٹی خدشات کے پیشِ نظر صوبہ بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ میں مزید 30 روز کی توسیع کر دی ہے، جس کے تحت کھلی فضا میں ڈرون اڑانے پر مکمل پابندی برقرار رہے گی۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق آؤٹ ڈور ڈرون آپریشنز پر عائد پابندی میں توسیع سیکیورٹی صورتحال کے پیشِ نظر کی گئی ہے۔ صوبے بھر میں ضلعی انتظامیہ اور پولیس کو احکامات پر سختی سے عملدرآمد (بقیہ 44 صفحہ 7پر)

کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن شہر کی ترقی و خوبصورتی میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، امیر حمزہ زہری

مشیر بلدیات سے ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن بشیر احمد بڑیچ کی ملاقات، جاری ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے ایڈمنسٹریٹر کوئٹہ میٹروپولیٹن کارپوریشن میجر (ر) بشیر احمد بڑیچ نے ملاقات کی، جس میں محکمانہ امور، کارپوریشن کی کارکردگی، مالی معاملات اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا (بقیہ 45 صفحہ 7پر)

لاہور، چرواہے اپنی بکریاں چرا رہے ہیں

میر رضا کی فیملی جوڈیشل کمیشن کے قیام کیخلاف سندھ ہائیکورٹ پہنچ گئی

عدالت کی پولیس کو رپورٹ جمع کرانے کیلئے 7 ستمبر تک مہلت

کراچی (اے ایف پی) میر رضا قتل کیس میں عدالت نے پولیس کو رپورٹ جمع کرانے کیلئے 7 ستمبر تک مہلت دے دی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کی عدالت میں میر رضا قتل کیس کی سماعت ہوئی، تفتیشی افسر سراج لاشاری اور میر رضا کی فیملی کے وکلا بھی عدالت میں پیش ہوئے۔ تفتیشی افسر نے رپورٹ جمع کروانے کیلئے عدالت میں مزید مہلت کی درخواست دائر کردی جو عدالت نے منظور کرتے ہوئے 7 ستمبر تک رپورٹ جمع کروانے کا حکم دے دیا۔ مدعی کے وکیل ایڈووکیٹ دانیال حسین نے استفسار کیا کہ تفتیشی افسر بتائیں اب تک کیا پروگریس کی ہے، جس پر تفتیشی افسر نے بتایا کہ موبائل فون ودیگر (بقیہ نمبر 25 صفحہ 7پر)

پاکستان کی ساکھ متاثر کرنے والے جعلی کالز سنٹرز کیخلاف بڑے پیمانے پر کارروائی کی تیاری

کال سینٹرز کی قانونی حیثیت، سرگرمیوں کی جانچ کیلئے مشترکہ ٹاسک فورس تشکیل دینے کا فیصلہ' ذرائع

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں مبینہ جعلی کال سینٹرز کی سرگرمیوں کے باعث پاکستان کی ساکھ متاثر ہونے کے معاملے پر این سی آئی اے نے بڑے پیمانے پر کارروائی کی تیاری شروع کر دی ہے۔ کال سینٹرز کی قانونی حیثیت اور سرگرمیوں کی جانچ کے لیے مشترکہ ٹاسک فورس تشکیل دینے(بقیہ 53 صفحہ 7پر)

نصیر آباد، ڈی آئی جی کامران نواز تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

شام کے سابق مفتی اعظم کو عمر قید کی سزا سنا دی گئی

حسون کی اشتعال انگیزی خاص طور پر مشرقی حلب اور ادلب پر مرکوز تھی

دمشق (این این آئی) دمشق میں فوجداری عدالت نے اسد حکومت کے سابق مفتی اعظم احمد حسون کو تشدد پر بھڑکانے، قتل کو جواز فراہم کرنے اور اپنے عہدے کا غلط استعمال کرنے کے الزام میں عمر قید کی سزا سنائی ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق عدالت کا چھٹا سیشن جج فخر الدین العریان کی صدارت میں ہوا۔ بین الاقوامی قانونی اور انسانی تنظیموں کے نمائندوں کے ساتھ عبوری انصاف کے قومی کمیشن کے کئی ارکان نے سیشن میں شرکت کی۔ حسون کے مقدمے کی سماعت 25 جون کو شروع ہوئی۔ حسون(بقیہ 54 صفحہ 7پر)

سونے کی قیمت میں مسلسل چوتھے روز بڑا اضافہ

24 قیراط فی تولہ سونا 4 ہزار 200 روپے مہنگا ہو کر 4 لاکھ 87 ہزار 136 روپے کا ہو گیا

کراچی (این این آئی) پاکستان میں سونے کی قیمت میں مسلسل چوتھے روز بھی نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جس کے بعد 24 قیراط فی تولہ سونا مزید 4 ہزار 200 روپے مہنگا ہو گیا۔ آل صرافہ ایسوسی ایشن کے مطابق 4 ہزار 200 روپے اضافے کے بعد فی تولہ سونے کی نئی(بقیہ 55 صفحہ 7پر)

2 سے 3 ممالک ہی پاکستان کے دشمن ہیں، حنیف عباسی

دشمن ممالک میں اسرائیل اور افغانستان بھی شامل ہیں، وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیرِ ریلوے حنیف عباسی نے کہا ہے کہ 2 سے 3 ممالک ہی پاکستان کے دشمن ہیں، باقی نہیں، جن میں بھارت سرِفہرست ہے۔ پارلیمنٹ ہاؤس (بقیہ 33 صفحہ 7پر)

قتل کے مقدمات کے اندراج میں تاخیر، سپریم کورٹ نے آئی جی سندھ کو طلب کر لیا

سکھر اور لاڑکانہ کی صورتِ حال تو بہت ہی خراب ہے۔ سپریم کورٹ نے کیس کی سماعت 21 ستمبر تک ملتوی کر دی

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے قتل کے مقدمات کے اندراج میں تاخیر پر آئی جی سندھ، ایڈووکیٹ جنرل سندھ اور ڈی آئی جی سکھر کو طلب کر لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سپریم کورٹ نے کہا کہ آئندہ سماعت پر آئی جی سندھ ذاتی طور پر پیش ہوں۔ جسٹس ہاشم (بقیہ نمبر 34 صفحہ 7پر)

اسلام آباد، آئی جی سید کی ایس ڈی پی او سیکرٹریٹ سے ملاقات

سیکرٹریٹ سرکل میں جرائم کی روک تھام اور موثر پٹرولنگ یقینی بنانے کی ہدایت

شہریوں کو بروقت اور معیاری پولیس خدمات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، سید علی ناصر رضوی

اسلام آباد (این این آئی) انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے ایس ڈی پی او سیکرٹریٹ سرکل اے ایس پی علی رضا قریشی سے میٹنگ کی، جس میں سیکرٹریٹ سرکل کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، جرائم کی روک تھام اور پولیسنگ سے متعلق مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق میٹنگ کے دوران موثر پٹرولنگ، جرائم کی روک تھام، جرائم پیشہ عناصر کے (بقیہ 35 صفحہ 7پر)

میر رضا کیس میں جوڈیشل کمیشن بنا دیا جس کی بھی کوتاہی ہوئی اس کیخلاف کارروائی ہوگی، میئر کراچی

اس معاملے پر بہت سی باتیں ہوئیں اور مختلف الزامات بھی سامنے آئے، تاہم حکومت کا مقصد کسی کو تحفظ دینا نہیں بلکہ کیس کی گہرائی تک پہنچ کر اصل حقیقت سامنے لانا ہے

تحقیقات میں پولیس سمیت تمام سرکاری ادارے کمیشن سے مکمل تعاون کریں گے، میر رضا کی فیملی کو ہر حال میں مطمئن کرنا ہے، میئر کراچی

کراچی (این این آئی) میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے کہا ہے کہ میر رضا قتل کیس کی تحقیقات کے لیے سندھ ہائیکورٹ کے جسٹس عمر سیال کی سربراہی میں جوڈیشل کمیشن تشکیل دے دیا گیا ہے، کمیشن کی رپورٹ سامنے آنے کے بعد کیس کے حوالے سے حقائق واضح ہو جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سندھ میر رضا کے اہل خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ واقعے کے اصل حقائق سامنے آئیں اور جو بھی اس المناک واقعے کا ذمہ دار ہوا سے قانون کے مطابق سزا ملے۔ بیرسٹر مرتضیٰ وہاب نے یہ بات پیر کو صدر دفتر بلدیہ عظمیٰ کراچی میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی(بقیہ 38 صفحہ 7پر)

کیف کو روس پر حملوں کے نتائج کا سامنا جاری رہے گا، کریملن

کیف حکومت نے خود پنڈورا باکس کھولا ہے اور اب اسے اس کے نتائج بھگتنا پڑ رہے ہیں، ترجمان روسی صدر

ماسکو (این این آئی) کریملن نے خبردار کیا ہے کہ روس کے شہری اور تجارتی انفراسٹرکچر پر یوکرینی حملوں کے جواب میں کیف کو نتائج کا سامنا جاری رہے گا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق روسی صدر کے ترجمان دیمتری پیسکوف نے کہا کہ کیف حکومت نے خود پنڈورا باکس کھولا ہے اور اب اسے اس کے نتائج بھگتنا پڑ رہے ہیں۔ روسی صدر کے ترجمان دیمتری پیسکوف نے صحافیوں سے گفتگو (بقیہ 42 صفحہ 7پر)

سیالکوٹ، نابینا منشیات فروش گرفتار، 1400 گرام منشیات برآمد

سیالکوٹ (این این آئی) پولیس نے آنکھوں سے نابینا منشیات فروش کو بھاری مقدار میں منشیات سمیت گرفتار کر لیا۔

نصیر آباد، اسسٹنٹ کمشنر بہادر خان کھوسہ میڈیکل اسٹور کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

سردار روئیدار خان رونجھو کی قیادت میں وفد کی ڈی آئی جی اور ایس پی لسبیلہ سے ملاقات

لسبیلہ سے 80 اہلکاروں کے نوشکی و خاران تبادلے پر تشویش کا اظہار، آرڈر منسوخ کرنے کا مطالبہ

بیلا (نمائندہ بولان) سردار روئیدار خان رونجھو کی قیادت میں وفد کی ڈی آئی جی اور ایس پی لسبیلہ سے ملاقات، لسبیلہ سے 80 اہلکاروں کے نوشکی و خاران تبادلے پر تشویش کا اظہار، آرڈر منسوخ کرنے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق منگل کے روز سردار روئیدار خان رونجھو کی قیادت میں ایس ایس پی آفس اوتھل میں ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن عبدالقیوم پتافی اور ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی سے ملاقات کی، وفد میں سردار زادہ عبدالحفیظ رونجھو، پریا مرس اللہ بچایا رونجھو، سابق ڈی ایس پی ملک عبدالستار رونجھو، رو(بقیہ 46 صفحہ 7پر)

پولیس تھانہ ہائیٹ کی مختلف کاروائیاں، مفرور ملزم گرفتار

، غیر قانونی افغان باشندے حراست میں، ہیروئن برآمد

حب (نمائندہ بولان) پولیس تھانہ ہائیٹ کی مختلف کاروائیاں، مفرور ملزم گرفتار، غیر قانونی افغان باشندے حراست میں، ہیروئن برآمد ایس پی حب مرزا بلال حسن کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں، زیر نگرانی ایس ڈی پی او حب امام یعقوب بلوچ، ایس ایچ او تھانہ ہائیٹ محمد امین ساسولی اور پولیس ٹیم نے جرائم پیشہ عناصر اور غیر قانونی طور پر مقیم غیر ملکی باشندوں کے خلاف موثر کارروائیاں کرتے (بقیہ 47 صفحہ 7پر)

سینیٹ اجلاس، عمران کے معاملے پر بات کی اجازت نہ ملنے پر اپوزیشن کا واک آؤٹ

راجہ ناصر عباس نے عمران خان کی صحت پر بات کرنا چاہی، ڈپٹی چیئرمین نے کہا جو معاملہ عدالت میں ہو اس پر بات نہیں ہو سکتی

ایوان رولز کے مطابق چلے گا، آپ کی مرضی کے مطابق نہیں۔ اس دوران مشعال یوسفزئی نے سینیٹ میں کورم کی نشاندہی کر دی

اسلام آباد (این این آئی) قائد حزب اختلاف کو بات کرنے کی اجازت نہ ملنے پر تحریک انصاف کے ارکان شدید احتجاج کرتے رہے، کورم کی نشاندہی کر کے ایوان سے واک آؤٹ کر گئے۔ پارلیمنٹ کے ایوان بالا سینیٹ کا اجلاس ڈپٹی چیئرمین سیدال ناصر کی زیرِ صدارت ہوا، ایجنڈے پر کارروائی شروع ہوئی تو اپوزیشن لیڈر راجہ ناصر عباس نے بانی پی ٹی آئی کی صحت پر بات کرنا چاہی، جبکہ تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر بیرسٹر علی ظفر نے قرارداد لانا چاہی۔ قائد حزب اختلاف کو بات کرنے کی اجازت نہ دینے پر اپوزیشن کے اراکین اپنی نشستوں پر کھڑے ہوگئے اور نعرے بازی کی۔ ڈپٹی چیئرمین نے کہا (بقیہ نمبر 51 صفحہ 7پر)

منگی ڈیم حملہ عدالتی انکوائری کیلئے معلومات طلب

وہ تمام اشخاص جن کے پاس مذکورہ واقعہ / حملے سے متعلق کوئی معلومات موجود ہوں جمع کروائیں

رجسٹرار / سیکریٹری، انکوائری کمیشن کے دفتر میں، جو احاطہ ہائی کورٹ ہالی روڈ، کوئٹہ میں واقع ہے، حاضر ہو کر اپنا نام رجسٹر کروائیں،

کوئٹہ (بولان بیورو) ضلع زیارت میں منگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن پر دہشت گرد حملے اور پولیس اہلکاروں کی قیمتی جانوں کے المناک نقصان کے حوالے سے عدالتی انکوائری مندرجہ بالا موضوع کے حوالے سے مطلع کیا جاتا ہے کہ مورخہ 24.08.2026 کو معزز انکوائری کمیشن، جو ضلع (بقیہ 36 صفحہ 7پر)

گوادر، ڈسٹرکٹ منیجر پی پی ایچ آئی ڈاکٹر مرشد دشتی مختلف بنیادی مراکز صحت کا جائزہ لے رہے ہیں

کراچی، اورنگی ٹاؤن میں دھوکے سے بلایا گیا شخص فائرنگ سے شدید زخمی

یاسر سیکٹر ساڑھے 11 سندھی گوٹھ میں آیا تھا اور گاڑی کھڑی کر کے گلی میں گیا تو نامعلوم شخص نے اسے گولی ماردی

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے اورنگی ٹاؤن میں فائرنگ سے ایک شخص شدید زخمی ہو گیا۔ پولیس کے مطابق اورنگی ٹاؤن سیکٹر ساڑھے 11 میں کار پر فائرنگ سے ایک(بقیہ 37 صفحہ 7پر)

حب۔ چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب گل حسن محمد حسنی سے پیپلز پارٹی کے اقلیتی کونسلر مولچند لاسی اور پی پی حب کے ڈپٹی جنرل سیکریٹری وکونسلر عبدالرزاق لاسی ملاقات کر رہے ہیں

کنٹریکٹ ملازمین کی مستقلی قانون کے عمل سے خود ہوتی ہے محکمہ انتظامی تاخیر نہیں کر سکتا، سپریم کورٹ

کنٹریکٹ ملازمین کو مستقل ملازم تصور کرنے کا واضح قانونی حکم دیا گیا تھا جس پر اس کی روح اور متن کے مطابق عملدرآمد ضروری ہے

اگر محکمہ قانونی حکم کے باوجود کنٹریکٹ ملازم کی حیثیت مستقل کرنے سے انکار کرے تو قانون کی خلاف ورزی ہے، فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے قرار دیا ہے کہ قانون میں تصور کیے جانے (Deemed) کی شق شامل ہو تو مقررہ شرائط پوری کرنے والے کنٹریکٹ ملازمین کی حیثیت قانون کے عمل سے خود بخود مستقل ملازم میں تبدیل ہو جاتی ہے، متعلقہ محکمہ مستقلی کے عمل میں انتظامی(بقیہ 48 صفحہ 7پر)

پنجاب اسمبلی کے جاری اجلاس کی دوسری نشست بھی کورم کی نذر

اپوزیشن نے ای چالانز، ستھرا پنجاب اور سیلاب متاثرین کے معاملات پر حکومت کو آڑے ہاتھوں لیا

اجلاس میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدے کے خیر مقدم کی قرارداد منظور کر لی گئی

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی کے جاری 45ویں اجلاس کی دوسری نشست بھی کورم کی نذر ہو گئی جس کی وجہ سے سرکاری بزنس کا آغاز نہ ہو سکا، اجلاس میں اپوزیشن نے ای چالانز، ستھرا پنجاب اور سیلاب متاثرین کے معاملات پر حکومت کو آڑے ہاتھوں لیا، اجلاس میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان مشترکہ دفاعی معاہدے کے خیر مقدم کی قرارداد بھی منظور کی گئی۔ پنجاب(بقیہ 49 صفحہ 7پر)

محکمہ صحت بلوچستان کے 11 ہزار ملازمین کی تنخواہوں سے 29 کروڑ سے زائد کی کٹوتی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے محکمہ صحت نے غیر حاضر اور غفلت برتنے والے 11 ہزار ملازمین کے خلاف انضباطی کارروائی کرتے ہوئے

حب شہر میں جعلی کرنسی کے نوٹ گردش، کاروباری حلقوں میں تشویش پیدا ہوگئی

مقامی پولیس کو فوری طور پر کارروائی کرتے ہوئے مارکیٹ میں جعلی نوٹ چلانے والے عناصر کا سراغ لگانا چاہیے

حب (نمائندہ بولان) حب شہر میں جعلی کرنسی کے نوٹ گردش، کاروباری حلقوں میں تشویش پیدا ہوگئی، ذرائع کے مطابق ایک ہزار اور پانچ ہزار روپے مالیت کے جعلی نوٹ مارکیٹ میں استعمال کیے جا رہے ہیں، حب کے ایک دکاندار کو 11 ہزار روپے کے جعلی نوٹ دیئے گئے، جس کے بعد کا(بقیہ 50 صفحہ 7پر)

راولپنڈی، پولیس کی کارروائیاں، 3 افراد گرفتار، چرس، شراب اور اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے مختلف علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے 3 افراد کو گرفتار کر کے ایک کلو 240 گرام چرس، 10 لیٹر شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس(بقیہ 59 صفحہ 7پر)

اسلام آباد میں کال سینٹرز کیخلاف کریک ڈاؤن، مزید 50 غیر ملکی گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) کال سینٹرز کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید پیش رفت ہوئی ہے، نجی ہاسنگ سوسائٹی کے پلازے میں چھپے ہوئے مزید 50 غیر ملکی گرفتار کر لیے گئے۔ ذرائع کے مطابق 50 غیر ملکی پولیس کارروائی کے دوران پلازے میں مختلف مقامات پر چھپے ہوئے تھے، تمام غیر ملکیوں کی جیل منتقلی مکمل ہو گئی۔ ذرائع کے مطابق جیل منتقلی کے بعد غیر ملکیوں کو ڈی پورٹ کرنے کا عمل بھی شروع کر دیا گیا، غیر ملکیوں کو ڈی پورٹ کرنے (بقیہ 58 صفحہ 7پر)

وفاقی وزیر رانا تنویر سے وفد ملاقات کر رہا ہے